بوقت تحویل آفتاب نوروز عالم افروز یہ طلسم زعفران سے لکھ کر بازو پر باندھیں یا پاس رکھیں۔

https://hyderone.com/

فضائل روزِ عیدِ غدیر

☆ ماہ ذوالحجہ کی اٹھارویں تاریخ کو عیدِ غدیر ہے۔

☆ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ بروز ۱۸ ذوالحجہ عید غدیر تمام عیدوں سے بڑی عید ہے

☆ اس روز رسول اکرمؐ نے غدیر خم کے مقام پر امیر المومنینؑ کو اپنا خلیفہ و جانشین مقرر فرمایا۔

☆ اس دن ایک درہم صدقہ دینا ایک لاکھ درہم صدقہ دینے کے برابر ہے۔

☆ اہل سنت والجماعت کی معتبر تفاسیر اور تراجم میں ان کے علماء نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ یہ آیت مجیدہ غدیر خم کے مقام پر حضرت علیؑ کے بارے میں نازل ہوئی جیسا کہ درجِ ذیل تحریر سے ثابت ہے

☆ ابن ابی حاتم نے ابوسعید خدریؓ سے روایت کی ہے کہ درجِ ذیل آیت غدیر خم میں جناب حضرت علیؑ کی ولایت کے اعلان کے بارے میں نازل ہوئی (حبیب السیر جلد ۳)

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ ۖ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ (مائدہ:۶۷)

اے رسول جو حکم تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے پہنچا دو اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو سمجھو تم نے اس کا کوئی پیغام ہی نہیں پہنچایا (تفسیر در منثور جلال الدین سیوطی)

☆ جب اعلان ولایت علیؑ ہو چکا تو جبرائیل یہ درجِ ذیل آیت لے کر نازل ہوئے (تفسیر درمنثور جلد ۲ صفحہ ۲۰۰)

الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا (مائدہ:۳)

آج میں نے تمہارے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے دین اسلام کو پسند کیا

☆ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں شاعر حسان بن ثابت نے امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ کو اس شعر کے ساتھ مبارک باد دی اور آپ کی مداح سرائی کی۔ (تذکرہ سبط ابن جوزی صفحہ ۲۰)

فَقَالَ لَهُ قُمْ يَا عَلِيُّ فَإِنَّنِي ✲ رَضِيتُكَ مِنْ بَعْدِي إِمَامًا وَهَادِيًا

پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی اٹھو بیشک میں نے تمہیں اپنے بعد امام اور ہادی پسند کیا ہے

برائے حصول رشتہ

☆ چاند کی گیارہ سے بیس تک کے درمیانی جمعہ کو بعد نماز عصر درج ذیل آیات زعفران سے لکھ کر پاس رکھے اور دھو کر پیئے تو اسکی شادی ہو جائے گی نیز کیم تا دس فراوانی رزق کیلئے مجرب ہے

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

اور جوان میں سے بعض لوگوں کو دنیا کی اس ذرا سی زندگی کی رونق سے نہال کر دیا ہے تاکہ ہم ان کو اس میں آزمائیں تم اپنی

لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ۝ وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلَاةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۖ

نظریں ادھر نہ بڑھاؤ اور تمہارے پروردگار کی روزی کہیں بہتر اور زیادہ پائیدار ہے اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو اور خود بھی

لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُكَ ۗ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوَىٰ ۝ (سورہ طٰہٰ: ۱۳۱-۱۳۲)

اس کے پابند رہو ہم تم سے روزی تو طلب نہیں کرتے ہم تو خود روزی دیتے ہیں اور پرہیزگاری کا تو انجام بخیر ہے

عقد بندی کھولنا: کسی بھی وجہ سے عقد بندی ہو گئی ہو تو لڑکی درجِ ذیل آیت مع دعا لکھ کر بالوں میں لگائے تو عقد بندی کے اثرات زائل اور عقد کے مواقع پیدا ہوں گے۔

وَأَذِّن فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِن كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ۝ (حج:۲۷)

اور لوگوں کو حج کی خبر کر دو کہ لوگ تمہارے پاس پیادہ اور ہر طرح کی دبلی سواریوں پر جو راہ دور دراز طے کر کے آئی ہوں گی آ پہنچیں گی

يَا حَيُّ يَا وَدُودُ يَا فَعَّالًا لِّمَا يُرِيدُ أَسْأَلُكَ بِالْقُرْآنِ الْعَظِيمِ وَالنَّبِيِّ الْكَرِيمِ وَبِحَقِّ عِيسَىٰ وَمُوسَىٰ

اے زندہ اے محبت کرنے والے اے وہ جو ارادہ کرتا ہے کر گزرتا ہے میں تجھ سے سوال کرتی ہوں قرآن عظیم کے واسطے سے اور کریم نبی اور عیسیٰ اور موسیٰ

وَإِبْرَاهِيمَ انْحَلَّتْ عُقْدَةُ (اور ابراہیم سے کھل جائے گرہ) (لڑکی کا نام مع والدہ لکھیں)

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی شادی کیلئے سورہ قصص کی یہ آیت تلاوت کی تھی کہ ان کی شادی ہو گئی لہٰذا مرد اپنے لئے اور عورت اپنے لئے پڑھ سکتی ہے۔

رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ۝ پروردگار سب سے اچھی (نعمت) میری طرف نازل فرمائیں ضرورتمند ہوں

☆ سورۂ احزاب (ہاتھ سے لکھی ہوئی) کو ایک ڈبیہ میں بند کر کے اپنے گھر میں بحفاظت رکھ دیں اور اس سورہ کو ہر روز ایک بار پڑھ کر دعا مانگیں تو ان کی بیٹی کے لئے حسب منشا رشتہ دستیاب ہوگا۔

تسبیح: لڑکی، والدین یا لڑکا ہر ماہ کی نوچندی جمعرات کو بعد از نماز عشاء اس اسم اعظم کو گیارہ ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے تو اس کی شادی ہو جائے گی **یَا مُعْطِیُ**

فضائل روز مباہلہ

☆ جب حضرت رسول اکرمؐ کے علمی و عقلی براہین کے بعد بھی نصاریٰ نجران اپنے غلط عقیدہ پر ڈٹے رہے تو اللہ کی طرف سے آپ کو ان کے ساتھ مباہلہ کا حکم اس آیت میں دیا گیا فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنفُسَنَا وَأَنفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل لَّعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ ۝

(کہو کہ اچھا میدان میں آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلائیں تم اپنے بیٹوں کو اور ہم اپنی عورتوں کو (بلائیں) اور تم اپنی عورتوں کو اور ہم اپنی جانوں کو (بلائیں) اور تم اپنی جانوں کو اس کے بعد سب مل کر اللہ کی بارگاہ میں گڑگڑائیں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت کریں (آل عمران ۶۱)

☆ جب آپؐ اپنے اہل بیتؑ کے ساتھ ۲۴ ذوالحجہ کو میدان میں پہنچے تو علمائے نصاریٰ (عیسائیوں) کا سردار عاقب ان کی طرف دیکھ کر کہنے لگا اللہ کی قسم میں ایسے نورانی چہرے دیکھ رہا ہوں کہ اگر یہ پہاڑ کو اپنی جگہ سے ہٹ جانے کو کہیں تو یقیناً ہٹ جائیگا اسی میں خیریت ہے کہ مباہلہ سے ہاتھ اٹھاؤ ورنہ قیامت تک نسل نصاریٰ (عیسائیوں) سے ایک نہ بچے گا۔ (تفسیر جلالین، بیضاوی جلد اول صفحہ ۱۱۸ مطبوعہ مصر)

مشترکہ اعمالِ عیدِ غدیر و مباہلہ

☆ غسل کرنا، نیا لباس پہننا، خوشبو لگانا، خوشی کرنا، مومنین کو کھانا کھلانا، روزہ رکھنا، مصافحہ کرنا، روزے دار کو افطار کرانا اور بکثرت صلوات پڑھنا سنتِ موکدہ اور باعث فضیلت ہے۔

☆ عید غدیر و عید مباہلہ کے روزے کا ثواب ساٹھ سالوں کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

☆ ان دونوں دنوں کا روزہ دنیا کی زندگی کے برابر ہے اور سو حج اور سو عمروں کے ثواب کے برابر ہے۔

☆ ۱۸/۲۴ ذوالحجہ کو کسی مومن بھائی کو کھانا کھلانا اس طرح سے ہے کہ گویا اس نے تمام پیغمبروں اور صدیقین کو کھانا کھلایا ہو۔ اگر کوئی ان دنوں میں اپنے کسی مومن بھائی کا روزہ افطار کرائے تو گویا اس نے ایک لاکھ پیغمبر، صدیق اور شہیدوں کا روزہ افطار کرایا۔

☆ عید غدیر اور عید مباہلہ کے دن زوال آفتاب سے پہلے دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ توحید اور دس مرتبہ سورۂ قدر اور دس مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔

☆ اس نماز کا ثواب و فضیلت اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک لاکھ حج اور ایک لاکھ عمرہ کے برابر ہے

☆ نماز کے بعد جو بھی حاجات طلب کریگا پوری ہوں گی۔ (انشاءاللہ)

برائے حفاظت سفر

سواری کی دعا: سواری پر سوار ہوتے وقت درجِ ذیل آیت پڑھیگا تو حوادثات سے محفوظ رہیگا۔

سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ ۝ (الزخرف-۱۳)

پاک ہے وہ ذات جس نے اسکو ہمارے تابع کر دیا ورنہ ہم اس پر قابو پانے والے نہ تھے

☆ امام زین العابدینؑ نے فرمایا کہ گھر سے نکلتے وقت یہ کلمات پڑھے تو اس کا سفر بخیر ہوگا۔

بِسْمِ اللَّهِ آمَنْتُ بِاللَّهِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى اللَّهِ اللہ کے نام سے ابتداء میں ایمان لایا اللہ پر اور توکل کی اللہ پر

طریقہ امام ضامن: سفر پر جانے والے کو امام ضامن کے طور پر حسب توفیق کچھ رقم ایک کپڑے میں باندھ کر درجِ ذیل آیت جو حضرت جبرئیلؑ نے بوقتِ ہجرت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے پڑھی تھی اول و آخر صلوات کے ساتھ پڑھ کر مسافر کے دائیں بازو پر باندھ دیں۔

إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَىٰ مَعَادٍ (قصص:۸۵)

یقیناً وہ جس نے تم پر قرآن نازل کیا ضرور تمہیں ٹھکانے تک پہنچا دے گا

آیات حفاظت: سفر و حضر میں ہر قسم کے حوادثات و خطرات و آفات و حشرات کے علاوہ رہزنوں وغیرہ سے جان و مال کی حفاظت کے لئے درجِ ذیل آیات لکھ کر باندھے اور دورانِ سفر پڑھے تو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔ (تحفۂ سلیمانی)

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً (انعام:۶۱) وَحِفْظًا مِّن كُلِّ شَيْطَانٍ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اور وہ تم لوگوں پر نگہبان فرشتے بھیجتا ہے اور (تاروں کو) ہر سرکش شیطان سے

مَّارِدٍ ۝ (الصافات:۷) إِن كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝ (الطارق:۴) فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا ۖ وَهُوَ

حفاظت کے واسطے کوئی شخص ایسا نہیں جس پر نگہبان مقرر نہیں تو اللہ اس کا سب سے بہتر حفاظت

أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝ (یوسف:۶۴) إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ۝ (ہود:۵۷) وَحَفِظْنَاهَا مِن كُلِّ

کرنے والا ہے اور وہ تمام رحم کرنے والوں سے بہتر ہے اس میں تو شک نہیں کہ میرا پروردگار ہر چیز پر نگہبان ہے اور ہر راندہ

شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ ۝ (الحجر:۱۷) وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِينَ ۝ (الانفطار:۱۰)

شیطان سے محفوظ رکھا اور تم پر نگہبان مقرر ہیں

https://hyderone.com/

دعائے امام زمانہ علیہ السلام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِلٰهِيْ بِحَقِّ مَنْ نَاجَاكَ وَبِحَقِّ مَنْ دَعَاكَ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے میرے معبود اس کا واسطہ جو تجھ سے راز کہتا ہے اور اس کا واسطہ جو تجھے صحرا و دریا میں پکارتا ہے

تَفَضَّلْ عَلٰى فُقَرَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالْغِنَآءِ وَالثَّرْوَةِ وَعَلٰى مَرْضَى الْمُؤْمِنِيْنَ

کہ مفلس مؤمنین اور مؤمنات کو مال و ثروت عطا کر کے خوشحال و خورسند کر دے اور مؤمن مردوں

وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالشِّفَآءِ وَالصِّحَّةِ وَعَلٰى اَحْيَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِاللُّطْفِ

اور مؤمن عورتوں میں بیماروں کو صحت و تندرستی عطا فرما اور زندہ مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں پر اپنا لطف

وَالْكَرَامَةِ وَعَلٰى اَمْوَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالْمَغْفِرَةِ وَالرَّحْمَةِ وَعَلٰى غُرَبَآءِ

و کرم ارزانی فرما اور مرحوم مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں پر بخشش اور رحمت فرما دے اور مسافر مؤمن

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالرَّدِّ اِلٰى اَوْطَانِهِمْ سَالِمِيْنَ غَانِمِيْنَ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ

مردوں اور مؤمن عورتوں کو سلامتی اور مال کے ساتھ اپنے گھروں میں پہنچا دے واسطہ ہے تجھے محمدؐ اور ان کی پاک آلؑ کا

دعائے سلامتی امام زمانہؑ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِوَلِيِّكَ الْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰبَآئِهِ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ

اے معبود محافظ بن جا اپنے ولی حجت ابن الحسن کا تیری رحمت نازل ہو ان پر اور انکے آبائے گرامی پر اس لمحہ میں اور ہر آنیوالے

كُلِّ سَاعَةٍ وَلِيًّا وَّحَافِظًا وَّقَآئِدًا وَّنَاصِرًا وَّدَلِيْلًا وَّعَيْنًا حَتّٰى تُسْكِنَهٗ اَرْضَكَ طَوْعًا وَّتُمَتِّعَهٗ

لمحہ میں بن جا ان کا مددگار اور نگہدار اور پیشوا اور حامی اور رہنما اور نگہبان یہاں تک کہ تو لوگوں کی چاہت سے اپنی زمین کی حکومت دے

فِيْهَا طَوِيْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَهُمْ وَسَهِّلْ مَخْرَجَهُمْ

اور مدتوں اس پر برقرار رکھے اے اللہ رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور انکی آل پر اور انکے ظہور میں تعجیل فرما اور انکے ظہور میں آسانی فرما

دعا برائے مرحومین: اپنے مرحومین مؤمنین کو جہاں کہیں بھی ہوں اس دعا سے یاد رکھیں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

اے معبود بخش دے مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو ان میں سے جو زندہ ہیں اور جو مر گئے ہیں

تَابِعْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ بِالْخَيْرَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

تو ہمیں اور ان کو نیکیوں میں باہم ملا دے بیشک تو دعائیں قبول کرنے والا ہے یقیناً تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

نمازِ امام زمانہ علیہ السلام

☆ روایات کے مطابق یہ نماز ''استغاثہ حضرت امام زمانہ علیہ السلام'' کے مترادف ہے
☆ اللہ تعالیٰ کے حضور بوسیلۂ وارثِ قرآن حضرت امام مہدی آخر الزمان علیہ السلام نہایت ہی سریع الاثر نماز ہے جو حاجات کی برآوری کے لئے ایک بے مثال تحفہ و حرز ہے۔
☆ یہ نماز دو رکعت ہے پہلی رکعت میں سورۂ الحمد تلاوت کرتے وقت جب آیت **اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ** پر پہنچیں تو اسے سو مرتبہ دہرا کر سورہ کو تمام کرے اس کے بعد سورۂ توحید ایک مرتبہ پڑھے اور رکوع و سجود بجالا کر دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہو۔
☆ دوسری رکعت بھی اسی طریقے سے بجالائے اور نماز ختم کرنے کے بعد کھڑے ہو کر دعائے فرج رجوعِ قلب سے پڑھے تو انشاءاللہ جملہ امورِ عظیمہ میں کامیابی حاصل ہوگی۔
☆ یہ نماز عجیب و غریب اسرار کی حامل ہے شب جمعہ آخر شب یہ نماز پڑھنی چاہیے۔

استغاثہ بحضور حجتؑ: ہر مشکل گھڑی کے عالم میں باوضو زیر آسمان قبلہ رخ ہو کر ستر مرتبہ یہ توسل پڑھے تو حضرت حجتؑ ہر مشکل میں مشکل کشائی اور رہبری فرمائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا فَارِسَ الْحِجَازِ اَدْرِكْنِيْ يَا اَبَا صَالِحِ الْمَهْدِيِّ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے حجاز کے شہسوار میری مدد کرو اے ابا صالح المہدی

اَدْرِكْنِيْ يَا اَبَا الْقَاسِمِ اَدْرِكْنِيْ وَلَا تَدَعْنِيْ اِنِّيْ عَاجِزٌ ذَلِيْلٌ

میری مدد کرو اے ابوالقاسم میری مدد کرو اور مجھے نہ چھوڑنا بیشک میں عاجز ذلیل ہوں

عریضہ بحضور امامؑ: مکارم الاخلاق میں روایت ہے کہ تمام پریشانیوں کے ازالہ کیلئے درج ذیل عریضہ لکھ کر جاری پانی میں ڈال دے تو امام زمانہؑ اس کی فریاد رسی کریں گے (نیچے اپنا نام مع والدہ کے لکھے)

مِنَ الْعَبْدِ الضَّعِيْفِ اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ

ناتواں غلام کی طرف سے باعظمت مولا کی طرف اے میرے رب یہ مصیبت میرے پیچھے لگ گئی ہے اور تو سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے

فَاكْشِفْ عَنِّيْ ضُرَّ مَا اَنَا فِيْهِ وَاكْشِفْ عَنِّيْ هَمِّيْ وَفَرِّجْ غَمِّيْ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

تو مجھے اس غم سے نجات فرما جس میں مبتلا ہوں اور میری مصیبت سے مجھے نجات اور غم سے کشائش عطا فرما محمدؐ و آل محمدؐ کے واسطے سے

فضیلت و آیات چہل قاف

☆ قرآن مجید کی مختلف چار سورتوں کی یہ چار آیتیں لطیف ترین اسرار کی حامل ہیں یہ چار آیات عظیم ترین آیتیں ہیں ہر ایک آیت میں دس دس قاف ہیں پس تمام آیات میں چالیس قاف (چہل قاف) میں ہیں ☆ اگر کوئی ان آیات کو اپنے پاس رکھے گا تو افسروں اور حاکموں کے سامنے سرخرو ہوگا ☆ مقدمہ میں کامیابی ہوگی اور اسے ہر قسم کے کاموں میں غیبی امداد حاصل رہے گی۔

اوّل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے (اے رسولؐ) کیا تم نے موسیٰ کے بعد بنی اسرائیل کے سرداروں (کی حالت) پر

مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ

نظر نہیں کی جب انہوں نے اپنے نبی (شموئیل) سے کہا کہ ہمارے واسطے ایک بادشاہ مقرر کیجئے تا کہ ہم اللہ کی

اللّٰهِ ۭ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ۭ قَالُوْا وَمَا

راہ میں جہاد کریں (پیغمبر نے) فرمایا کہیں ایسا نہ ہو کہ جب تم پر جہاد واجب کیا جائے تو تم نہ لڑو کہنے لگے تو پھر ہمیں کون

لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآىِٕنَا ۭ فَلَمَّا

سا عذر باقی ہے کہ ہم اللہ کی راہ میں جہاد نہ کریں جب ہم اپنے گھروں اور اپنے بال بچوں سے نکالے جا چکے پھر جب ان

كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۴۶﴾

پر جہاد واجب کیا گیا تو ان میں سے چند آدمیوں کے سوا سب نے لڑنے سے منہ پھیر اور اللہ تو ظالموں کو خوب جانتا ہے (البقرہ ۲۴۶)

دوئم لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ

جو لوگ (یہودی) یہ کہتے ہیں کہ اللہ تو کنگال ہے اور ہم بڑے مالدار ہیں اللہ نے ان کی بکواس سنی ان لوگوں نے جو کچھ کہا

سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾

اس کو اور ان کا پیغمبروں کو ناحق قتل کرنا ہم ابھی اسے لکھے لیتے ہیں اور ہم کہیں گے کہ جلانے والے عذاب کا مزہ چکھو (آل عمران ۱۸۱)

سوئم اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

کیا تم نے ان لوگوں (کے حال) پر نظر نہیں کی ان کو حکم دیا گیا تھا کہ اپنے ہاتھ روکے رہو اور پابندی سے نماز پڑھو

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ

اور زکوٰۃ دیے جاؤ مگر جب ان پر جہاد واجب کیا گیا تو ان میں سے کچھ لوگ (بودے پن میں) لوگوں سے

النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا

اس طرح ڈرنے لگے جیسے کوئی اللہ سے ڈرے بلکہ اس سے کہیں زیادہ اور (گھبرا کر کہنے لگے الٰہی) تو نے ہم پر جہاد کیوں

الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۭ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ

واجب کر دیا ہم کو کچھ دنوں کی مہلت کیوں نہ دی ان سے کہہ دو دنیا کی آسائش بہت کم ہے

وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۷۷﴾ (النساء ۷۷)

اور آخرت پرہیزگار کیلئے بہتر ہے اور ریشہ برابر تم لوگوں پر ظلم نہیں کیا جائے گا

چہارم وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا

(اے رسولؐ) تم ان لوگوں سے آدم کے دو بیٹوں (ہابیل و قابیل) کا سچا سچا حال بیان کر دو کہ جب ان دونوں نے خدا کی درگاہ میں قربانیاں پیش کیں تو ان میں سے ایک (ہابیل) کی نذر

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾

قبول ہوئی اور دوسرے (قابیل) کی قربانی نہ قبول ہوئی کہنے لگا میں تو تجھے ضرور مار ڈالوں گا اس نے جواب دیا کہ اللہ تو صرف پرہیزگاروں کی نذر قبول کرتا ہے (المائدہ ۲۷)

منجم شاہ زنجانی

حماس کا اسرائیل پر حملہ اسکے عالمی اثرات

تقسیم در تقسیم W.W.3 کا آغاز U.N.O کہاں؟

عرب اسرائیل جنگ کی پچاس ویں سالگرہ ظلم کے خلاف حماس فلسطینی عوام (حماس) نے ملکر مظلوم فلسطینیوں نے ذلت کی موت پر عزت کی موت کو ترجیح دینے کا فیصلہ فلسفہ شہادت مولا حسینؑ امام عالی مقام نواسہ رسولؐ نے کربلا کے حق کے معرکہ میں مسلم اُمہ کو یہی سبق تعلیم کیا تھا۔ ادھر برطانیہ اور امریکہ کا لاڈلا اسرائیل پر حملہ کے ردعمل کے طور پر امریکی صدر بائیڈن نے اسرائیل کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہونے کا عندیہ دیا ہے روس، چین منصفانہ حل جبکہ اہم اسلامی ممالک سعودی عربیہ، ترکی، قطر، شام، ایران اور یمن کے ساتھ ساتھ دُنیا بھر کے تمام ممالک مسلم نان مسلم کے اپنے اپنے ردعمل الگ الگ سامنے آچکے ہیں۔ زنجانی جنتری 2023ء صفحہ نمبر 31 میں پیش گوئی تھی۔ آسمانی کونسل پر ستاروں کے اشارے آج درست ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ دُنیا کہیں اسرائیل اور کہیں فلسطین سے یکجہتی کرتی دکھائی دیتی ہے۔ ہم اس جنگ کی شروعات کے زائچہ سے مستقبل میں کیا ممکنہ عالمی حالات ہو سکتے ہیں **کیا تیسری عالمگیر جنگ شروع ہوچکی ہے تادم تحریر**۔؟ دونوں اطراف ہزاروں جانوں املاک کا نقصان مسلسل جاری ہے۔ اسرائیل اگرچہ نیٹو (NATO) ممالک کا رکن بھی نہیں ہے۔ پھر بھی امریکی بحری بیڑے اسکی مدد کو پہنچ چکے ہیں۔ جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔ بوقت ابتداء جنگ (حماس) (اسرائیل) طالع برج سنبلہ مالک ستارہ عطارد اپنے ہی گھر میں شرف یافتہ رہتے ہوئے راج یوگ بنا رہا ہے۔ مدمقابل ساتواں گھر برج حوت ستارہ مشتری آٹھویں نحس موت، تباہی، بربادی کے گھر بیٹھا ہوا ہے مشتری اگرچہ وسعت خیر و برکت کا ستارہ ہے نحس گھر جا کر اس نے جنگ میں دونوں اطراف سے جانی مالی نقصان کو بڑھا دیا ہے۔ تباہی بربادی کی خبریں دل ہلا دینے والی ہیں جنگی زائچہ میں ستارہ مشتری یہاں چھٹے یکم مئی 2024ء تک قیام کے دوران ہلاکتوں نقصانات کی خبریں آتی رہیں گی جبکہ شرف یافتہ عطارد 09 اکتوبر 2023ء یہاں سے نکل کر 29/28 اکتوبر 2023ء مقابل آنے سے اکتوبر میں مزید شدت آئیگی۔ کاش UNO بیدار ہو جائے ابتداء جنگ مہادشا مشتری میں انتر دشا عطارد 14 جنوری 2024ء تک رہیگی۔ یہ بھی عرصہ مشرق وسطیٰ کے آسمان پر جنگ کے بادل چھائے رہیں گے۔ 14 جنوری 2024ء تا 20 دسمبر 2024ء کیتو کا دور شروع ہوگا۔ جو اسرائیل اور اس کے حمایتی ممالک کو مظلوم فلسطینیوں پر ظلم سے باز رکھنے کے لئے سبق سکھائے گا۔ ستارہ



بتاریخ 07 اکتوبر 2023ء تل ابیب (اسرائیل) بوقت صبح 6 بجے

زحل اس زائچہ میں چھٹے رہتے ہوئے فلسطینیوں کے دشمنوں اور دشمن ممالک کو زیر و ذلیل کرتا رہیگا۔ ستارہ زحل قوموں کو زندہ جاوید بنا دیتا ہے۔ (موساد) اسرائیلی جاسوسی نیٹ کیا فیل ہوگئی تھی یا پھر اس کا پلان تھا کہ پہلے حماس کے حملہ سے مظلوم بنیں اور پھر پوری فلسطین بیت المقدس کو تباہ کر کے قبضہ کر لیں۔ یہ موساد کی سازش وقت بتائے گا۔

پہلی جنگ عظیم ہو یا دوسری ہر جنگ کی منتہی جنگ بندی تحفظاتی یا امن معاہدے پر ہوتی ہے۔ **ہم اسے تیسری عالمگیر جنگ کا ہی نام دیں گے** کیونکہ اسرائیل نے بھی اسے غزہ فلسطینیوں کے خلاف اعلان جنگ قرار دیا ہے۔ ابتداء جنگ ستارہ قمر نچھتر (منازل قمر) پندرہویں میں تھا منازل قمری میں یہ منزل بھی ساتویں اور ابتداء جنگ بھی سات اکتوبر کو شروع ہوئی یہ نچھتر عطارد مشتری کا مشترکہ اثر بھی رکھتی جوزائچہ میں اوتاد کے مالکان بھی ہیں۔ اس کا امتزاج عظیم فہم و فراست اور روحانی ادراک کو جنم دے سکتا ہے۔ (تمام عالمی ادارے امن بمعہ UNO) جذبات و احساسات کی یہ منزل بین المذاہب کے مابین کسی ہم آہنگی کو جنم دے گی۔ سیاسی جہادی قوتوں کے مذہبی روحانی شخصیات ملکر اس جنگ بندی کی راہیں ہموار کریں گی۔ سعودی عربیہ ایران ماضی کے سخت دشمن آج کے دوست پس پردہ چین، امریکہ 2024ء میں سو سالہ سلگتے مسئلہ کا کوئی آبرومندانہ حل تلاش کر سکتے ہیں۔ فلسطین کے ساتھ کشمیر مسئلہ عالمی قیام امن کے ساتھ مشروط ہے۔ جنگ کی شدت لمحہ لمحہ بڑھتی جا رہی ہے ہم اپنے مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ ہیں۔ دُعا گو ہیں کہ وقت کے امام زمانہ" کا جلد ظہور ہو جائے آپکی آمد امن کا پیغام لائے گی۔

https:/ / hyderone.com/

عالمی امن اور UNO؟

فرمان امیر المومنینؑ "کفر کی حکومت قائم رہ سکتی ہے مگر ظلم کی نہیں۔"

منجم شاہ زنجانی

کیا آج عالمی امن کا تصور ممکن ہے؟ بظاہر روس، یوکرائن جنگ کشمیر کا 75 سالہ اور سو سال سے زیادہ سلگتا مسئلہ فلسطین آج بھی پوری دُنیا کی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ عرب اسرائیل کی جنگ 50 ویں (سالگرہ) پر غزہ کی جہادی تنظیم حماس نے اسرائیل پر 07 اکتوبر 2023ء کو شدید حملہ کر دیا۔ زنجانی جنتری 2023ء میں پیش گوئی تھی۔ (صفحہ نمبر 31 پر) آسمانی کونسل پر بننے والے ستاروں کے بد اثرات کے خدشات آج درست ثابت ہو رہے ہیں۔ جنگ عظیم اوّل ہو یا دوم ہر جنگ کا انجام جنگ بندی پر ہی ہوتا ہے۔ اسرائیل فلسطین کی اس جنگ کو میں علم نجوم کی روشنی میں کوئی عالمی امن کی راہ نکل سکتی ہے۔؟ ہمیں کچھ پس منظر میں جانا ہوگا فلسطین ہو یا برما، کشمیر ہو یا چیچنیا، عراق، شام، لیبیا، عراق ہو یا افغانستان دُنیا کے کسی بھی کونے میں مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کی روک تھام کیلئے عالمی ادارہ امن جیسے ہم اقوام متحدہ (UNO) کے نام سے جانتے ہیں۔ اس نے کبھی بھی سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا۔

1967ء کی چھ روزہ عرب اسرائیل جنگ میں مغربی کنارے مشرقی بیت المقدس اور غزہ پر غلبہ ہو کر 1980ء میں ان علاقوں کو اسرائیل میں ضم کر دیا گریٹر اسرائیل کے نئے نقشہ جات آپ کو نیٹ پر عام مل جائیں گے۔ یہودی بستیوں کی تعمیر اور غیر قانونی طور سے زبردستی فلسطینیوں کا انخلاء صہونی بالادستی کیلئے فلسطین میں نسلی دہشت گردی کا سلسلہ مسلسل جاری ہے۔ فلسطین کے اصل وارث شام، اُردن، لبنان اور دیگر ممالک میں پناہ لینے پر مجبور ہیں۔ دُنیا آج تقسیم در تقسیم اور تیسری عالمگیر جنگ کے دہانے پر کھڑی ہے۔ بعض کے نزدیک تیسری عالمگیر جنگ کی ابتداء ہو چکی ہے۔ اس گھپ اندھیرے میں کیا امن ممکن ہو سکے گا؟

آسمانی کونسل پر 30 سال بعد معلم ستارہ زحل اُستاد زمانہ 18 جنوری 2023ء سے 09 جنوری 2025ء تک برج دلو میں عروج یافتہ رہیگا۔ نوروز عالم افروز 2023ء بادشاہ سال مریخ رہنے سے عالمی لیڈران جنگی جنون میں مبتلا چلے آرہے ہیں۔ وزیر اعظم ستارہ عطارد آئندہ سال نوروز **2024ء** میں بادشاہ بنکر طلوع ہو رہا ہے۔ **2024ء** میں معلم زمانہ ستارہ زحل عالمی سیاست میں تحفظات اندیشوں کی روک تھام اور **2024ء کا بادشاہ سال عطارد پوری دُنیا میں دانشوری علم و حکمت دانائی معاملہ فہمی عطا کریں گے۔** سپر پاورز روس، امریکہ، برطانیہ، فرانس، ترکی، بھارت، سعودی عربیہ، ایران اور چین عالمی امن قائم کرنے یا ہو جانے کے لئے مجبور ہونگے۔ اقوام متحدہ (**UNO**) کا مردہ گھوڑا جسے عالمی امن قائم کرنے کے لئے ہی بنایا گیا تھا اس کے علاوہ انسانی حقوق کی تنظیمیں **ہیومن رائٹس، ایمنسٹی انٹرنیشنل، عالمی عدالت برائے انصاف** سبھی ادارے **2024ء** میں متحرک و فعال ہو جائیں گے۔ عالمی عروج و زوال کا معلم اُستاد زمانہ ستارہ زحل اور اس کا دوست دانشوری مشاورات الیکٹرانک پرنٹ میڈیا معاملہ فہم ستارہ عطارد **2024ء** میں عالمی امن قائم کر کے ہی جائیں گے۔

دُنیا بھر میں ظلم و جبر کی انتہاء ہو چکی ہے۔ فرمان امیر المومنینؑ ہے کہ "ظلم و جبر کی حکومت ہو یا عالمی نظام یہ قائم نہیں رہ سکتا عدل و انصاف عین فطرت خداوندی ہے۔

عالمی امن اگر آج نہیں تو پھر کبھی نہیں؟

ہر آزاد ملک کی طرح قیام پاکستان کے آغاز سے پاکستان کو دوستوں کی تلاش شروع ہوئی ایران پہلا ملک تھا جس نے پاکستان کو تسلیم کیا اور پھر یہ سلسلہ بڑھنے لگا اس وقت کی دو سپر پاورز روس اور امریکہ میں سے ہم نے امریکہ کا انتخاب کیا۔ **1971**ء میں مشرقی و مغربی پاکستان الگ ہوگئے۔ ہمارے دوست امریکہ کا بحری بیڑا ہمیں بچانے نہ آیا اور تاریخ نے ثابت کیا کہ وہ اس سازش میں شامل تھا۔ **20** دسمبر **1971**ء کو ذوالفقار علی بھٹو نے اقتدار سنبھالا پاکستانی قوم اور عالم اسلام کو یکجہتی کا شعور دیا۔ پہلی اسلامی سربراہی کانفرنس لاہور میں منعقد کرائی اور پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے کی ابتداء کی اعلیٰ بصیرت سے بیرون ملک افرادی قوت جانے سے ملک کی تقدیر بدلنے لگی۔ اس دور کے جہاں بہت اچھے کام ہوئے کچھ غلطیاں صنعتوں کو قومیائے جانے کی ہوئیں۔ صدر ایوب خان کے دور میں جاری صنعت و حرفت کارخانے لگائے جانے کا وہ دور پھر واپس نہ آیا۔ **ذوالفقار علی بھٹو نے اپنی اعلیٰ سفارت کاری کا مظاہرہ کرتے ہوئے امریکہ کی چین سے دوستی کروا دی۔ یوں چین اور امریکہ کے درمیان پاکستان نے ایک برج کا کام کیا۔** **05** جولائی **1977**ء جنرل ضیاء الحق نے مارشل لاء لگا پھر یہ مارشل لاء دس سال جاری رہا۔ **90** دن میں انتخابات کروانے کا عندیہ دیا اور اپنے اقتدار کو طویل کرنے کے لئے اسے سپر پاور امریکہ کی حمایت چاہیے تھی۔ اس دوران روس کی افواج افغانستان آچکی تھی۔ امریکہ نے صدر ضیاء الحق کی معرفت افغانستان میں جہادی مجاہدین تیار کئے اور انجام کار روسی افواج کو جانا پڑا۔ یوں امریکہ کے ساتھ مرد حق ضیاء الحق کی فتح کے گن گائے جانے لگے اور پھر **9/11** کا واقعہ رونما ہوا الزام طالبان پر لگا تب پھر امریکہ کو پاکستان کی ضرورت پڑی صدر مشرف نے ایک فون کال پر امریکہ کی تمام شرائط مان لیں اور امریکہ افغان جنگ میں حصہ دار بن گیا۔ **نتیجۃً ابتک ایک لاکھ کے قریب ملٹری سول شہریوں کی شہادت ہمیں دینی پڑیں** ہم دُنیا بھر کے تنازعات میں ٹانگ اڑاتے رہے لیکن اب جب فوائد سمیٹنے کا مرحلہ آیا تو ہمیں کوئی پوچھ تک نہیں رہا۔ ہر چھوٹا بڑا ملک اور ہر اہم یا غیر اہم ادارہ ہمیں اپنا گھر درست کرنے کی تلقین کر رہا ہے۔ ہم دو سال قبل دُنیا کے سب سے اہم تنازعے افغانستان سے امریکی افواج کی واپسی میں بنیادی کردار ادا کر رہے تھے اور آج حالت سب کے سامنے ہے۔ دیکھنا ہوگا کہ گزشتہ برسوں میں ہمارے ساتھ ایسا کیا ہوا کہ امیدیں، مایوسیوں میں بدل گئیں۔ اس ساری صورتحال کے اسباب جاننے کیلئے کسی حکیم لقمان کی تلاش کی ضرورت نہیں کہ ہم نے جو کچھ بویا وہی کاٹ رہے ہیں جسکے نتائج آج پوری قوم بھگت رہی ہے۔

1947ء سے ابتک پاکستان نے امریکہ کے لئے کیا کیا اور اس نے ہمارے لئے کیا۔ آج ہم **2024**ء میں کھڑے ہیں۔ ملک اقتصادی طور پر تباہ ہو چکا ہے۔ مہنگائی کا یہ عالم ہے کہ لوگ خودکشیاں کرنے کے ساتھ ساتھ ملک چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ حکومتیں اپوزیشن عدلیہ ملٹری اسٹیبلشمنٹ ادارے اور عوام حیران و پریشان ہیں کہ ملک کا مستقبل کیا ہوگا؟؟ ہم اپنے فن علم نجوم سے کوشش کرتے ہوئے پاکستانی قوم کو فرمانِ رسول ﷺ و خدا خوش اُمیدی کی جانب راغب کرسکیں پاکستان اپنے زائچہ کے اعتبار سے یکم دسمبر **2024**ء سے اپنے **19** سالہ تعمیر و ترقی کے دور میں داخل ہونے والا ہے۔ پاکستان جب ملک کی تقدیر بدل جائے گی۔ ستر کی دھائی میں پاکستان نے امریکہ چین کے مابین جو پل کا کردار ادا کیا تھا۔ **امریکہ نے اسکی قدر نہ کی 2024ء میں یہ پل ٹوٹ جائے گا۔** جو بھی حکومت ہوگی وہ امریکی مظالم کے سبب بغاوت کر دے گی۔ ابتک چین ہمارا سچا ہمسائیہ دوست ملک ثابت ہوا ہے۔ سی پیک منصوبہ مکمل پانے کی سبھی رکاوٹیں **2024**ء میں دور کی جاسکیں گی۔ **ایران سے پاکستان پر لگائی پٹرول تیل گیس کے حصول کی پابندی بھی ٹوٹ جائے گی** پاک ایران سرحد پر آئی ہوئی تیل کی پائپ لائن پاکستانی آئیل ریفائنری سے جڑ جائیں گی ملک میں سستا تیل، گیس، بجلی ملنے لگے گی۔ یکم دسمبر **2024**ء تا یکم دسمبر **2043**ء ستارہ زحل کا زائچہ پاکستان میں بہترین دور شروع ہونے والا ہے۔ اس **19** سالہ ترقی کے دور میں پاکستانی زمین اپنے معدنیات کے خزانے کھول دے گی ملک سال بہ سال ترقی کرنے لگے۔ پاکستانیوں کی دُعائیں رنگ لائیں گی اور کچھ آسمانی کونسل پرستارے بھی بحکم خدا مہربان ہونگے۔

https:/ / hyderone.com/

پاکستان کی دوستی

https:/ / hyderone.com/

چین　پاکستان　ایران　ترکی　سعودی عربیہ

دوست یا دوستی کا مطلب ہے۔ (دو سست) جب دو سانس ایک ہو جائیں، قیام پاکستان سے ہی پاکستان اپنے دوستوں کی تلاش میں رہا جبکہ دشمن اور حاسد ملک کھل کر ہمیشہ سامنے آ ہی جاتے ہیں۔ ابتداء سے پاکستان نے امریکہ کو اپنا دوست مانا۔ اس نے ہمارا آدھا ملک ہم سے کٹوا دیا اس کا بحری بیڑا ہماری مدد کے لئے نہ آیا آج اسرائیل کی مدد کے لئے امریکی بحری بیڑا آ چکا ہے۔ روس، افغان جنگ میں امریکہ کا ساتھ دینے پر ہم نے ابتک 40 لاکھ افغانوں کی میزبانی کی اور پھر 9/11 کے بعد امریکہ، افغانستان کی جنگ میں امریکہ کی مدد کے نتیجہ میں ایک لاکھ فوجی جوانوں اور سول شہریوں کی جان تک کا نذرانہ بھی پیش کر دیا۔ امریکہ کی یہ دوستی ملک میں دہشت گردی کی شکل میں آج بھی موجود ہے اس کے علاوہ سینکڑوں نقصانات جن کا ذکر فضول نہ ہے سبھی جانتے ہیں۔ امریکہ نے ایٹمی ہیرو ذوالفقار علی بھٹو کو تو پھانسی پر چڑھا دیا جن حکمرانوں نے امریکا سے دوستی کی انکا اقتدار طویل ہوا صدر جنرل ضیاء الحق، صدر جنرل مشرف اور انجام کار امریکہ کے یہ دوست بھی دُنیا سے چلے گئے۔ جنرل ضیاء کی موت تک کا الزام امریکہ کے ذمہ ہے۔ قیام پاکستان کو 77 سال گذر گئے آج دُنیا بدل رہی ہے عالمی ممالک تقسیم در تقسیم ہو رہے ہیں پاکستان حکام کو بھی فیصلہ کرنا ہوگا کہ ہمارے دوست ملک کونسے ہیں۔ آج ہم علم جفر و نجوم سے پاکستان کے دوست ممالک کا تعین کرتے ہیں۔ ہمسائے کبھی بدلے نہیں جاسکتے بھارت ہمارا دشمن ملک (مگر عوام نہیں ہیں) اور اسکا دوست ملک اسرائیل یہود و ہنود (گاؤ ماتا کی پوجا کرنے والی قوم) قرآن میں بھی واضح درج ہے کہ ''یہود و نصرا آپس میں دوست مگر ہمارے دوست نہیں ہیں۔'' چین کے بارے میں فرمان رسول ﷺ ہے کہ ''علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین کیوں نہ جانا پڑے'' چین ہمارا ہمسائیہ دوست ملک اور اسکے سی پیک منصوبہ سے پاکستان کی تقدیر بدل جائیگی۔ ایران ہمیں تسلیم کرنے والا پہلا میک ہے جس نے بجلی، گیس، پیٹرول کی پائپ لائن ہمارے بارڈر تک پہنچا رکھی ہے ایرانی پیٹرول ہمیں امریکہ کی ایران سے دشمنی اور پھر ہماری قربانیوں کے صلہ کے طور پر سزا کے طور پر امریکہ نے پاکستانی عوام کو عذاب میں ڈال رکھا ہے۔ ورنہ یہاں پیٹرول ڈیزل سو روپے لیٹر کا بک رہا ہوتا۔ صدر ایوب دور میں RCD پاکستان، ایران، ترکی منصوبہ بنایا گیا تھا یہی سچی دوستی کی سڑک ہے آج 2024ء میں اس سڑک کے ساتھ مشرقی چین سے آنے والی دوستی کی سڑک نے اس ون بیلٹ ون روڈ کے وسعت میں اضافہ کر دیا ہے۔ پاکستان کی جغرافیائی حیثیت کے لئے ہمیشہ خدا کا شکر ادا کرتے رہنا چاہئے فرمانِ رسول ﷺ اور علم الجفر کے فوائد دوستی بھی ہمیں اپنے دوست ممالک کی شناخت کروا رہے ہیں۔ پاکستان اپنے ہمسائیہ دوست ممالک اور ہمارے دوست ممالک ہم سب ملکر ایک دوسرے کی خوشحالی کا باعث ثابت ہونگے۔ ایران اور سعودی عربیہ کی دشمنی کو دوستی میں بدلنے والا ملک چین، پاک ایران ترکی آئندہ ہم کردار بھی ادا کریگا۔

یا علیم:۔ پاکستان کے لئے کس ملک سے دوستی رکھنا بہتر ہے۔؟ 12 ستمبر 2023ء

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
خالص حروف	ب	ا	ک	س	ت	ن	ی	ل	م	د	و	ر	ہ
صدر مؤخر	ہ	ب	ر	ا	و	ک	د	س	م	ت	ل	ن	ی
صدر مؤخر	ی	ہ	ن	ب	ل	ر	ت	ا	م	و	س	ک	د
جمل مفردہ	۸	۸	۹	۹	۱۳	۹	۹	۱۰	۱۲	۱۴	۱۵	۹	۱۰
مستحصلہ	ت	ف	ہ	ح	غ	س	ق	ج	س	خ	ع	ض	ب
صدر مؤخر	ب	ت	ض	ف	غ	ہ	خ	ح	س	خ	ج	س	ق
نصف	ا	ر	ت	م	س	د	ش	و	ل	ث	ب	ل	ن
تنصیف	ا	ق	ر	ک	ل	ب	ر	ب	ک	ت	ا	ک	م
امتزاج	ا	ب	ق	ک	ر	ت		ک	ا	ل	ک	ب	م

https:/ / hyderone.com/

خالص حروف	ا	ب	ق	ک	ر	ت	ل	م
صدر مؤخر	م	ا	ل	ب	ت	ق	ر	ک
صدر مؤخر	ک	م	ر	ا	ق	ل	ت	ب
صدر مؤخر	ب	ک	ت	م	ل	ر	ق	ا
ترتیب	ت	ر	ک	م	ل	ب	ق	ا
جواب	ترک			مل		بقا		

جواب:۔ ترکی سے پائیداری ملے گی۔ (بقا کے معنی پائیداری)

واللہ اعلم الصواب

آسٹرولوجر سید محمد علی زنجانی

قائد کے پاکستان کو اعلیٰ قیادت 2025/2024ء میں مل جائیگی؟

قانون قدرت سے ہم بآسانی جان سکتے ہیں کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کا منجانب خدا آنا انسانی نو کی اعلیٰ تربیت کا سبب بنا سرکار دو عالم ﷺ سردار انبیاء کی آمد نے بنی نو انسان کو انسانیت کی معراج دی۔ 27 رمضان المبارک سید الیوم آخری جمعۃ الوداع 15/14 اگست 1947ء مشرقی و مغربی پاکستان کا قیام اور پھر فقدان قیادت کے سبب 1971ء میں ہمارا ملک دو لخت ہوا۔ قیام پاکستان کو 77 سال جبکہ مغربی پاکستان کو پاکستان بنے 53 سال ہو چکے ہیں۔ قائداعظم محمد علی جناحؒ کے اس ملک میں جمہوریت آمریت بلدیاتی بے ڈی ممبرانی نظام پھر صدارتی، پارلیمانی نظام مجلس شوریٰ ضلعی حکومتیں یونین کونسل 8 نگران حکومتیں اور بیرن ملک سے منگوائے گئے وزیراعظم اور مارشلائی تجربات 1973ء میں آئین بنا کر حسب ضرورت اس میں مسلسل تبدیلیوں کا عمل جاری ہے۔ آئین میں واضح لکھا ہے کہ قرآن و شریعت کے مخالف اسلامی ریاست میں کوئی ایسا قانون نہیں بنایا جاسکتا ہے۔ ماضی کے وہ سبھی سیاست دان جنہوں نے ملک وقوم کی دولت کو لوٹا ملک کو عالمی بینکوں IMF کا مقروض بنا دیا۔ ماضی کی 77 سالہ پاکستان کی تاریخ پر ایک نظر ڈالیں تو اس ملک کو کسی سائنسی لیبارٹری کی طرز پر ان گنت تجربات سے گذارا جاچکا ہے ماضی میں حکومت کرنے والے سبھی سیاستدان آئینی پارلیمانی ادارے اور عام معصوم عوام سبھی اپنی اپنی جگہ حیران و پریشان ہیں کہ

مستقبل میں پاکستان کا کیا ہوگا۔؟

آیئے ہم اپنے فن علم نجوم سے اس پر روشنی کی کوشش کرتے ہیں۔ نئے زائچہ پاکستان کے تحت بیت العزت حکومت کے دسویں گھر ستارہ زحل مغربی پاکستان سے صرف پاکستان رہ جانے پر دوسری مرتبہ اپنے ذاتی گھر جنوری 2023ء تا مارچ 2025ء تک رہیگا۔ نئے زائچہ پاکستان میں پہلی مرتبہ ادوار سیارگان مہادشا میں ستارہ زحل جو نویں دسویں گھروں کا مشترکہ حاکم سیاسی نجوم میں نصیب یاوری دسواں گھر قوم ملک کی عزت و وقار اور دُنیائے عالم میں عزت وقار سے جینے کے گھر ہیں۔ ستارہ زحل عروج و زوال تبدیلی نظام کا ستارہ ہے۔ آسمانی کونسل پر قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سعد پوزیشن میں آچکا ہے اور اس کا 19 سالہ دور سیارگان یکم دسمبر 2024ء تا یکم دسمبر 2043ء تک رہتے ہوئے قائد کے پاکستان کو محب وطن قیادت مل جائیگی۔ موجودہ تمام سیاسی چہرے پس پردہ چلے جائیں گے۔ اس نیک مقصد کی ابتداء ہو چکی ہے **2024ء کا نیا سورج قائد کے پاکستان کو قیادت کے فقدان سے نجات مل جائیگی۔**

پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے تمام نعمتوں سے نوازا ہے۔ چاروں موسم، دریائی و مثالی نہری نظام تمام اجناس کی وافر مقدار میں پیداوار ہمہ قسم اعلیٰ معیار اور دُنیا بھر سے منفرد ذائقے دار فروٹس، میوہ جات، سیاحت کے مقام اور سرسبز پہاڑ، سمندر، زیرزمین معدنیات کے وسیع پیمانے پر ذخائر جن میں سونا، چاندی، تانبا، پیتل، سلور، لوہا، جست، نمک، کوئلہ، جیسم بیش بہا قیمتی پتھر سمیت پیٹرول، گیس، آئل، ڈیم بنانے کیلئے قدرتی آبشاریں، طویل ریلوے نظام سب سے بڑھ کر جفاکش مزدور، کسان، ذہین، بے دار مغز سائنسدان، ڈاکٹرز، وطن پر مر مٹنے اور قربانی کے جذبے سے سرشار عوام موجودہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے بھی زرعی ترقی کی طرف خصوصی توجہ، عوام میں آرمی چیف کے زراعت بارے گہری دلچسپی لینے پر اطمینان کا اظہار کیا جارہا ہے۔ آئندہ چند برس پاک فوج ہر مشکل گھڑی میں قوم کا جس طرح ساتھ دیتی ہے۔ امید ہے خوراک کی قلت پر قابو پانے میں بھی پوری طرح آگاہ ہے۔ جنوبی پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں غیر آباد زمینوں کو اگر حکومت پاک فوج کی مدد سے قابل کاشت بنا کر کاشتکاری شروع کر دیتی ہے تو ملک بھر میں خوشحالی آئے گی اور زرعی انقلاب برپا ہوگا۔ ضروری ہے کہ ملک بھر کی شاہراؤں پر بھی پھلدار درخت لگائے جائیں۔

نامعلوم پاکستانی کی دُکھی تحریر

WEL COME USA ATOMIC ATTACK TO PAKISTANI

امریکہ، افغان جنگ میں ابتک (پاکستانی) ایک لاکھ پاک فوج کے جوان اور عام شہری شہید ہوچکے ہیں جشن میلاد النبیؐ 1445ھ تازہ دہشتگردی مستونگ اور ہنگو

2024ء کی ابتداء **2023**ء کی ظالمانہ مہنگائی کے تسلسل سے ہو رہی ہے۔ **1947**ء میں بھارت، پاکستان دو ملک آزاد ہوئے بھارت ہمارا دشمن سہی ڈیڑھ ارب کی آبادی رکھنے کے قریب اقتصادی ترقی بھی کر گیا اور چاند پر بھی جا پہنچا۔ دشمن میں کوئی خوبی ہو تو اسکی تعریف کرنے میں مضائقہ نہیں۔ پھر **1971**ء میں مشرقی پاکستان ہم سے الگ ہو کر بنگلہ دیش بن گیا آبادی غربت افلاس لاء اینڈ آڈر کے باوجود آج ہم سے آگے اقتصادی ترقی کر چکا ہے۔ عالمی اسٹیبلشمنٹ امریکہ، یہود و ہنود کے علاوہ پس پردہ کئی عالمی قوتوں نے اس ملک کی اشرافیہ اور حکمرانوں کے ذہن پر قبضہ کر رکھا ہے۔ یوں لگتا ہے کہ پاکستان ابتک آزاد نہیں ہوا۔ چند ہزار سیاست دانوں کرپٹ مافیا نے اس ملک کو اتنا لوٹا کہ اب پاکستان کا بچہ بچہ قرض دار ہے ماضی کی سبھی سیاسی حکومتیں ہوں یا موجودہ نگران حکومت سبھی **IMF** کے حکم کے تابع چلی آرہی ہیں۔ کئی مرتبہ سورج نکلتے ہی پٹرول، گیس، بجلی، پانی روزمرہ اشیاء خوردو نوش کے مہنگے ہونے کی دھماکہ خیز خبریں پاکستانی غریب عوام پر قہر بن کر برستی ہیں حد تو یہ ہے کہ ایک متوسط آدمی کی ماہانہ آمدن کے برابر اس کی بجلی کا بل آرہا ہے۔ سابقہ نگران وزیر اعلیٰ پنجاب کی بیگم جگنو صاحبہ کے اس انکشاف پر کہ سابق وزیر اعظم میاں شہباز شریف جاتے جاتے **IMF** سے مانگے تانگے کے پیسے فی **MNA** ایک ایک ارب روپیہ بانٹ کر گئے ہیں۔ اس راز کے افشاں ہونے پر پاکستانی قوم صدمہ سے دوچار ہے۔

غریب اور متوسط طبقہ روز روز مر رہے ہیں انہوں نے امریکہ اور اس کے اتحادی ممالک سے اپیل کی ہے کہ ہمیں "ہیروشیما اور ناگاساکی" کی طرح ایک ہی مرتبہ ایٹم بم گرا کر مار دیں یہ روز روز کا مرنا معصوم بچوں کے والدین سے دیکھا نہیں جا رہا۔

سبھی پاکستانی سیّد الشہداء امام عالی مقام نواسہ رسول ﷺ امام حسین علیہ السلام کو ماننے والے ہیں وہ روز روز کے مرنے سے ایک ہی بار کربلاء کے شہداء کی طرح مر جانے کو ترجیح دینا چاہیے۔ آیت اللہ روح اللہ خمینی کے دور میں امریکہ نے ایران پر ایٹم بم گرانے کی دھمکی دی تھی جواباً خمینی صاحب نے کہا تھا کہ ہم حسین علیہ السلام کے ماننے والے ہیں۔ ہم شہادت کو ترجیح دیں گے۔ آج عالمی قوتوں کے غلام حکمران پاکستانی قوم کو ناں مرنے دے رہے ہیں اور نہ ہی زندہ رکھ رہے ہیں۔ مولائے کائنات نے **1400** سال قبل فرمایا تھا کہ کفر و شرک کی حکومت قائم رہ سکتی ہے ظلم کی نہیں۔ چند ہزار ظالم لوگوں نے عوام کے منہ سے نوالا تک چھین لیا ہے۔ جس طرح ہم اپنے سبھی کرپٹ سیاست دانوں کی کرپشن کی خبریں روز سنتے ہیں اور احتساب در احتساب کے فیصلے کئی سالوں تک نہیں ہوتے پاکستانی قوم کی خواہش ہے کہ ان کرپٹ لوگوں کے ساتھ ہمیں بھی ایک ہی مرتبہ ایٹم بم گرا کر مار دیا جائے اور یہ جرأت سپر پاور امریکہ کے علاوہ کوئی نہیں کر سکتا۔ جو دوسری جنگِ عظیم سے پوری دُنیا میں نامعلوم دشمنوں کے خلاف جنگ کر رہا ہے۔ اس کے اصل دشمن پاکستانی شہری اور دوست پاکستانی حکمران، **UNO** کشمیر و فلسطین سے، بے خبر ساری دُنیا سے الگ تھلگ سویا ہوا ہے۔ (سب کا خیر اندیش ایک دُکھی پاکستانی)

WELCOME USA ATOMIC ATTACK TO PAKISTANI

IMF کی حکومت کو ظالمانہ ہدایات

پاکستانی عوام کو IMF سے نفرت؟

2024/2023ء میں جس طرح عام عوام کا معیار زندگی بڑھتی مہنگائی پٹرول، گیس، بجلی، پانی کے بلوں کے ساتھ ساتھ روزمرہ اشیاء خوردو نوش میں اضافہ ہوا۔ میڈیا نے جس طرح IMF کے احکامات کو نشر کیا اور حکومت کو ڈیکٹیشن دی اس سے عام عوام کو IMF کے نام سے نفرت سی ہو گئی۔ حالانکہ یہ ادارے ملکوں کو پاؤں پر کھڑا ہونے میں مدد کرتے ہیں۔ قرض لینے والے ملکوں کو IMF کا شکر گزار ہونا چاہیے۔ بیگم نجم سیٹھی نے انکشاف کیا ہے کہ IMF سے اُدھار لئے گئے پیسے سابق وزیراعظم میاں شہباز شریف نے جاتے جاتے اپنے MNA کو ایک ایک ارب روپیہ فی کس بانٹ دیا ہے۔ لوگ یہ سمجھنے لگیں ہیں کہ حکومت پاکستان کے اوپر بھی کوئی اور حکومت آ کر بیٹھ گئی۔ آیئے ہم اس کا پس منظر جاننے کے ساتھ اپنے فن علم نجوم سے روشنی ڈالتے ہیں کہ **حکومت اور عوام کی IMF سے کب جان چھوٹے گی اور کب سکھ کا سانس آئے گا۔ اور مہنگائی کم ہوگی۔**؟

عالمی بینک، ایشیائی ترقیاتی بینک اور دیگر ادارے ہمارے ملک میں نئے نئے تو نہیں آئے ان دنوں جس مس مینجمنٹ اور کرپشن کا ذکر کیا جا رہا ہے، کیا یہ باتیں پہلے اُن کے علم میں نہیں تھیں انہیں علم تھا تو انہوں نے اُسی وقت اس پر آواز کیوں نہیں اُٹھائی۔ لگتا ہے یہ عالمی ادارے بھی اپنی ذمے داریاں پوری کرنے میں کامیاب نہیں رہے۔ پی آئی اے کی مثال ہمارے سامنے ہے اس پر 720 ارب روپے کا قرض واجب الادا ہے ایسے اداروں کی ایک بار پھر نجکاری زوروں پر ہے۔ نقصان میں چلنے والے ملکی ادارے پی آئی اے ہو یا سٹیل ملز ان جیسے سبھی اداروں کو بشمول ریلوے تک کو پرائیویٹ کر دینا چاہیے۔ دُنیا کے کئی ممالک میں حکومتوں کا کام حکومت چلانا ہے۔ حکومتی کمرشل اداروں میں کرپشن حکومت 76 سال سے نہ روک پائی ہے اور نہ ہی آئندہ یہ رُک سکتی ہے ہمارے قومی ملازمین کا حال ہی کچھ ایسا ہو گیا کہ جب وہ اپنے سربراہ مملکت کو کرپشن کرتا دیکھتے ہیں تو وہ اپنے لئے بھی اسے جائز سمجھتے ہیں۔ ممکنات سے ہے کہ دُنیا بھر کے پرائیویٹ ادارے حکومت سے جلد ترقی کرتے ہیں۔

ستارہ زحل 1971ء کے بعد دوسری باری وتد السماء پر 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء رہتے ہوئے زائچہ پاکستان میں ادوار سیارگان ستارہ زحل کا 19 سال اچھا دور یکم دسمبر 2024ء سے شروع ہو رہا ہے۔ **2024ء تمام سال ستارہ زحل اپنے ذاتی برج دلو میں عروج یافتہ** رہتے ہوئے زائچہ کے جو یکم دسمبر 2043ء تک جاری رہیگا۔ ادھر 2024ء نویں بیت النصیب دسویں بیت العزت کا مشترکہ مالک ہونے سے پاکستان میں کوئی بھی حکومت ہو یہ تبدیلی نظام کے ساتھ ساتھ آسمانی کونسل کے مطابق ایسے دور کا آغاز ہو جائے گا۔ کہ ہمارا وطن مضبوط خوشحال اور مرحلہ وار IMF کے چنگل سے نکل جائے عوام کو سہولتیں اور بڑھتی ہوئی مہنگائی پر قابو پایا جا سکے گا۔ انشاء اللہ بس ہمیں کچھ سال صبر سے کام لینا ہوگا۔ اس کی شروعات اسی سال یکم دسمبر 2024ء سے بتدریج مرحلہ وار شروع ہو جائیں گی۔

دُعا گو: منجم شاہ زنجانی



نام کے قاضی اور کام کے بھی قاضی

چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ علم نجوم کی روشنی میں

انتخاب تحریر: شاہ زنجانی از قلم سید انور فراز

چیف جسٹس جناب قاضی فائز عیسیٰ کی معلوم تاریخ پیدائش کے مطابق وہ 26 اکتوبر 1959 کو کوئٹہ میں پیدا ہوئے۔ تحریک پاکستان کے سرکردہ رہنما قاضی عیسیٰ جو قائداعظم کے بہت قریب تھے، ان کے والد ہیں۔ گزشتہ دور حکومت میں ان کے خلاف ریفرنس بھی دائر کیا گیا تھا جس سے وہ باعزت طور پر بری ہوئے، ان کا شمسی برج میزان ہے جس کا نشان ترازو ہے، دلچسپ بات یہ ہے کہ دائرۂ بروج کے تقریباً تمام ہی بروج کو جو نشانات دیے گئے ہیں وہ سب جاندار ہیں یعنی مینڈھا، بیل، جڑواں بچے، کیکڑا، شیر، دوشیزہ وغیرہ۔ میزان واحد برج ہے جس کا نشان ایک بے جان ترازو ہے، ترازو کو انصاف کا نشان بھی سمجھا جاتا ہے اور اس سے مراد توازن ہے، گویا میزانی افراد اپنی زندگی میں توازن کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ زندگی کے کسی بھی معاملے یا مسئلے میں عدم توازن ان سے برداشت نہیں ہوتا، شاید اسی توازن پسندی نے انھیں حلف کے موقع پر اپنی شریک حیات کو ساتھ کھڑا کرنا پسند کیا کہ ان کے خلاف گزشتہ حکومت میں جو کارروائی ہوئی تھی اس میں ان کی بیگم نے بھی خاصی تکلیف اور مصائب برداشت کیے تھے لہٰذا سربلندی کی اس تقریب حلف برداری میں انھیں کیسے نظرانداز کیا جاتا؟ **میزان افراد نہایت اعلیٰ درجے کے انصاف پسند** ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ وہ **فیصلہ کرتے وقت** قریبی رشتوں کو بھی نظرانداز کر سکتے ہیں اور **اپنے کسی قریب ترین عزیز یا رشتہ دار کے خلاف بھی فیصلہ دے سکتے ہیں**، اگر وہ مجرم ثابت ہو۔ قاضی صاحب کی تاریخ پیدائش کے مطابق ان کا طالع پیدائش تو ہمیں معلوم نہیں کیوں کہ وقت پیدائش ہمارے علم میں نہیں ہے۔ البتہ قمری برج ضرور سامنے ہے جس کے مطابق قمر برج سرطان میں ہے اور چاند کی منزل اشلیشیا ہے۔ سرطانی افراد نہایت محب وطن، اپنے پیدائشی علاقے سے محبت کرنے والے، اپنی فیملی پر جان چھڑکنے والے ہوتے ہیں۔ نہایت حساس اور چھوٹی چھوٹی باتوں کا نوٹس لینے والے، چاند کی منزل اشلیشیا بھی نہایت اہم منزل ہے جس کا حکمران سیارہ عطارد ہے جو ذہانت، تحریر و تقریر سے متعلق ہے، یہ لوگ فطری طور پر ذہین ہوتے ہیں۔ دنیا کی مشہور شخصیات میں اس منزل میں پیدا ہونے والے افراد میں مہاتما گاندھی، بھارتی وزیراعظم جواہر لال نہرو، ناول نگار آسکر وائلڈ، اداکار رونودھنا، اداکارہ کاجول، بانسری نواز، ہری پرشاد چوراسیا وغیرہ شامل ہیں۔ منزل اشلیشیا میں پیدا ہونے والے افراد اپنی عمر کے مقابلے میں کم نظر آتے ہیں اور زندگی بھر چاق و چوبند اور ہشاش و بشاش رہتے ہیں۔ بات چیت میں کافی چست، دلیر اور فقرے باز ہوتے ہیں۔ یہ لوگ قائدانہ صلاحیت کے حامل اور سیاسی سوجھ بوجھ رکھنے والے ہوتے ہیں۔ ان کا رجحان وجدانی امور یا صوفیانہ دلچسپیوں کی جانب بھی نظر آتا ہے، تحریر و تقریر کی عمدہ صلاحیت ہوتی ہے اور تنظیمی کاموں میں بھی نمایاں رہتے ہیں، اس نچھتر کے زیر اثر ایک رنگ برنگی منفی و مثبت شخصیات نظر آتی ہیں۔ قاضی فائز عیسیٰ جیسی شخصیت اور فطرت کے حامل شخص نے ایک ایسے وقت میں سپریم کورٹ کی کمان سنبھالی ہے جو ہر اعتبار سے خاصا مشکل اور سخت وقت ہے، یقیناً انہیں بہت سے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اپنے مزاج اور کردار کے اعتبار سے وہ کس حد تک اس مشکل صورتحال سے نبرد آزما ہوسکیں گے یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا۔ البتہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ وہ لوگوں کو انصاف دینے کی حتیٰ الامکان کوشش کریں گے، آئین کی پاسداری ان کے لیے اولین ہوگی، بہت سی غلط روایات کا خاتمہ ہوگا۔ ہمارے مقتدر اور سیاسی حلقے کس حد تک انھیں برداشت کریں گے یہ بھی آنے والا وقت ہی بتائے گا۔ امید رکھنا چاہیے کہ وہ عدالتی نظام میں مثبت تبدیلیاں لائیں گے۔



چوتھی مرتبہ وزیراعظم کے امیدوار نواز شریف

علم نجوم کی روشنی میں

منجم شاہ زنجانی

نیا زائچہ نواز شریف



بتاریخ 25 دسمبر 1948ء لاہور بوقت 00 بجکر 03 منٹ

نواز شریف

بتاریخ 25 دسمبر 1948ء لاہور بوقت 00 بجکر 03 منٹ

علم نجوم کے بنیادی حقائق زائچہ کی درست تاریخ پیدائش، وقت کا ہونا ضروری ہے۔ تین بار وزیراعظم بننے والے نواز شریف متوقع الیکشن 2024ء میں پھر سے امیدوار ہیں۔ انکی تاریخ پیدائش 25 دسمبر 1947ء/ 25 دسمبر 1948ء اور آجکل انڈین آسٹرالوجر انکی نئی تاریخ پیدائش 25 نومبر 1949ء، لاہور بوقت 13 بجکر 55 منٹ پر بضد ہیں۔ ماضی میں ہم جس زائچہ پر فوکس کرتے رہے ہیں وہ بھی پیش خدمت ہے۔ جو ہمارے نزدیک درست ہے۔ دوبئی سے ہمارے علم دوست فیصل عرفان صاحب نے پُرزور فرمائش کی ہے کہ انڈین منجم کا ہی زائچہ درست ہے اس پر روشنی ڈالیں۔

زیر مطالعہ نواز شریف نئے زائچہ میں منزل طلوع چاند منزل شروانا (Shravan) نچھتر برج جدی کے 15 درجہ 37 دقیقہ پر ایک DEVA فطرت کی نچھتر مگر برج جدی میں ہونے کے سبب اپنے اندر ضدی پن اور بے لچک مزاج رکھتے ہیں۔ ایسے صاحب زائچہ کے حاسد اور دشمن بھی بہت زیادہ ہوتے ہیں حساس ہونے کے سبب دوسروں کی تنقید برائے تنقید سے ٹھیس پہنچ جاتی ہے مالی تحفظ پا لینے کے بعد یہ اپنی زندگی کے اعلیٰ اہداف روحانی یا سیاسی اس کے حصول کے لئے تمام زندگی کوشش میں رہتے ہیں۔ زندگی کے وسط میں دولت کے ساتھ انہیں اقتدار بھی ملا اور وہ بھی تین مرتبہ 2024ء میں اب ہم دیکھتے ہیں کہ اقتدار ان سے کتنا قریب یا دور ہے۔ 2024ء میں آپ 74 ویں سالگرہ منائیں گے۔ نئے زائچہ میں انکا طالع برج دلو مالک ستارہ زحل 30 سال کے بعد ان کے ذاتی طالع میں 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء تک رہتے ہوئے انہیں عزت منصب شہرت مقدمات و آزمائشوں سے سرخرو کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔ ہمارے **منجم دوست سید انور فراز**

صاحب فرماتے ہیں کہ جب طے ہوگیا ہے کہ آئندہ وزیراعظم نواز شریف ہونگے تو پھر الیکشن پر پیسہ ضائع کرنے کی کیا ضرورت؟

ہمارا خیال ہے کہ انکے بھائی شہباز شریف کی حکومت کا تسلسل نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اس کے بعد الیکشن کی بجائے سلیکشن سے نواز شریف کو بھی وزیراعظم بنایا جاسکتا ہے۔ جبکہ انکے مقابل عمران خان کو نااہل قرار دیا جاسکتا ہے۔ پاکستان کا زائچہ بھی ان حالات میں نہایت اہم جس سے زمینی اور سیاسی حقائق اُجاگر ہوتے ہیں سیاسی نجوم میں یہی ستارہ زحل پاکستان کے نئے زائچہ میں زحل نویں (عدلیہ قانون الیکشن کمیشن) دسویں (ملکی عزت وقار تبدیلی نظام اصلاح حکومت) مشترکہ دونوں گھروں کا مالک ہو کر 29 مارچ 2025ء تک عروج یافتہ رہیگا۔ یہ ملک میں

تبدیلی نظام کرپشن کے خاتمہ تعمیر نو ملک کی تعمیر و ترقی کے گھر رہتے ہونے

10,7,3,1 ویں تمام سعد گھروں کا ناظر ہونے سے اندرون ملک ایک نئے تبدیلی نظام کا اشارہ ہے۔ دیگر معلم زمانہ ستارہ زحل قوائد اور مشاہدات نجوم میں ساڑھ ستی کا خراب دور کسی کو معاف نہیں کرتا صرف نیک مزاج لوگ استغفار کرنے والے صدقہ و خیرات کرنے والے ہی خیر پاتے ہیں۔ چوتھی مرتبہ امیدوار نواز شریف نے اپنے زائچہ کے اعتبار سے اپنے آخری سیاسی دور سے گذر رہے ہیں۔ خلق خدا کی خدمت دشمنوں کو معاف کر کے ملک و قوم کی فلاح و بہبود کا کوئی نیک منشور عوام کو دیں گے تو انہیں پذیرائی عزت منصب مل سکتی ہے۔ ویدک نجوم میں انکی ساڑھ ستی 24 جنوری 2020ء سے شروع ہو چکی ہے جو 22 فروری 2027ء تک رہیگی۔ اس زائچہ کی روشنی میں ان کے بھائی شہباز شریف اپنے بھائی کو کسی سبب نظر انداز کر کے خود وزیراعظم بننا چاہیں گے۔

وزیراعظم بن سکیں گے؟

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو اپنے زائچے کی روشنی میں انوکھا لاڈلا اگر زمینی حقائق سے باخبر، ایک روایت شکن ن لیگ اور پی ٹی آئی میں دھڑے بندیاں، بلاول کا راستہ صاف

اگر یہ کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ بلاول بھٹو کا حال فی الحال ان کے والد بزرگ وار آصف علی زرداری اور والدہ محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کی وراثت کا نتیجہ ہے، جیسا کہ پہلے عرض کیا تھا کہ وہ منہ میں سونے کا چمچا لے کر پیدا ہوئے، بے شک بطور وزیر خارجہ ان کی کارکردگی لوگوں کی توجہ کا مرکز بنی ہے، جس میں ان کی ذاتی صلاحیتوں کا اظہار ہوا ہے، امید ہے کہ یہ اظہار آئندہ بھی جاری رہے گا، اس سال جنوری سے ان کا ذاتی سیارہ زحل طالع میں آئندہ ڈھائی سال کے لیے آگیا ہے، یہ ایک سپورٹنگ صورتحال ہے، گزشتہ سال مشتری زائچے کے دوسرے گھر میں داخل ہوا تو وزیر خارجہ کی حیثیت سے ان کی شخصیت نمایاں ہوئی، سیارہ مشتری اس سال **14** اپریل سے تیسرے گھر میں ایک سال کے لیے قیام کرے گا تو یقیناً ان کی کارکردگی، کوشش و جدوجہد نمایاں رہے گی۔ زائچے میں راہو کا دورِ اکبر جاری ہے جو اکتوبر **2025** تک رہے گا، اس کے بعد سیارہ مشتری کا دورِ اکبر شروع ہوگا جو نہایت سعد اور مبارک ثابت ہوگا، فی الحال جون **2023** سے قمر کا دورِ اصغر شروع ہو رہا ہے جو ناموافق مخالفانہ رویے اور تنازعات کا باعث ہوسکتا ہے، یہ دور ستمبر **2024** تک جاری رہے گا، البتہ اس کے بعد سیارہ مریخ کا دور نہایت موافق اور کریئر میں نمایاں پوزیشن دینے والا ثابت ہوسکتا ہے، خیال رہے کہ وہ ایک انوکھی سوچ کے حامل اور روایت شکن خصوصیات کے مالک ہیں، جب بھی انہیں آزادانہ طور پر کام کرنے کے مواقع حاصل ہوں گے وہ غیر معمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے جس میں اپنی پارٹی کی اصلاح و درستگی کا کام سرِفہرست ہوگا، ہمیں یقین ہے کہ وہ پارٹی کی موجودہ صورتحال سے خوش اور مطمئن نہیں ہوں گے، ان کی والدہ نے بھی پارٹی کی قیادت سنبھالنے کے بعد اپنی نئی ٹیم ترتیب دی تھی، یہی وہ بھی کریں گے اور انہیں کرنا بھی چاہیے، وہ ان لوگوں میں سے ہیں جو ماضی میں رہنا پسند نہیں کرتے، مستقبل کے امکانات پر نظر رکھتے ہیں، ان کے آئیڈیاز انوکھے اور دور از کار ہوتے ہیں جو فوری طور پر عام لوگوں کی سمجھ میں نہ آئیں، ایک عجیب تضاد ان کے زائچے میں میں موجود ہے، شخصیت، کردار اور فطرت پر اثر انداز ہونے والے بروج متضاد اثر کے حامل ہیں، دلو ہوائی برج ہے جب کہ جدی (قمر) اور سنبلہ (شمس) خاکی برج ہے، گویا ان کی آئیڈیالوجی کو زمینی حقائق کے آگے سر تسلیم خم کرنا پڑے گا۔



بتاریخ **21** ستمبر **1988**ء کراچی بوقت **17** بجکر **22** منٹ

ان کے زائچہ میں مہادشا مشتری **03** اکتوبر **2024**ء تا **03** اکتوبر **2043**ء تک جاری رہیگی۔ مہادشا **مشتری میں انتر دشا مشتری 03 اکتوبر 2024ء تا 21 نومبر 2027ء تک جاری رہیگی۔ ستارہ مشتری ان کے زائچہ کے دو سعد گھروں دوسرے گیارھویں گھر کا مالک جو وسعت سیاسی اقتدار سیاسی لفاظی تحریر و تقریر کی سحر انگیزی سیاسی حلقہ احباب میں وسعت پارٹی (PPP) کی تنظیم سیاسی حصول اقتدار کی خواهش کی تکمیل میں آسانیاں جو اقتدار اعلیٰ کے قریب** لے جائے تاہم سیاست دانوں کے ذاتی زائچے کے ساتھ وطن عزیز پاکستان کے زائچہ کی اہمیت بھی اظہر المن شمس سے زائچہ پاکستان میں ستارہ زحل **17** جنوری **2023**ء تا **29** مارچ **2025**ء تبدیلی نظام لیکر طلوع ہوا ہے ادھر زائچہ پاکستان میں **19** سالہ مہادشا زحل **30** نومبر **2024**ء تا **30** نومبر **2043**ء کا دور ملک کا طرز نظام حکومت ہی بدل دے گا۔ تب کی سیاست میں موروثی سیاست کی گنجائش ہوئی تو یہ انہیں عزت منصب دلا سکتی ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

عمران خان اور الیکشن 2024ء

شہزادہ سید افتخار حسین زنجانی

پاکستان جمہوری ملک آئین کے مطابق ہر پانچ سال بعد الیکشن کمشنر کو بلا عذر الیکشن کروا دینے چاہیں مگر ہماری 76 سالہ سیاسی تاریخ جمہوریت آمریت سے پُر ہے ایک شعر ہدیہ کرنے کے بعد ہم فن علم نجوم سے **2024ء میں عام الیکشن کو جاننے کی کوشش اور کن سیاسی پارٹیوں کو فوائد ملیں گے؟**

لیکن ہماری کار گزاری تو دیکھیے
ہم نے حاتوں کے سوا کچھ نہیں کیا



سابق وزیراعظم عمران خان کی حکومت 10 اپریل 2022ء کو بقول انکے رجیم چینج سے ختم کردی گئی۔ اور پھر PDM کی حکومت میں وزیراعظم شہباز شریف بن گئے۔ درود ہو محمدؐ وآل محمدؐ پر آپکا خادم گنہگار شاہ زنجانی قبل ازیں ہی یہ سبھی پیش گوئیاں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر چکا ہوں۔ زنجانی جنتری، آئینہ قسمت اور سوشل میڈیا AQ tv پر عمران کی حکومت کی مخالفت سال بعد بڑھے ساڑھے تین سال بعد عدم اعتماد عمران حکومت کا خاتمہ پھر سیاست دانوں کا آپس میں غم وغصہ لڑائی جھگڑے الزامات قبل ازیں جولائی 2021ء میں شہباز شریف کے وزیراعظم بنے اور انکی حکومت کا دورانیہ مکمل ہونے کی پیش گوئی کی جا چکی ہیں جو وقت کے ساتھ درست ہوئیں عمران خان کی جانب سے مسلسل اپریل 2022ء کے بعد الیکشن کروانے کیلئے ہر سطح پر دباؤ بڑھانے کی کوشش نیشنل اسمبلی KPK اور پنجاب اسمبلیوں سے استعفوں اور سپریم کورٹ کے حکم کے باوجود 2023ء میں الیکشن نہ ہوئے۔ **18 جنوری 2023ء کو ذاتی طور سے عمران خان صاحب کو دسمبر 2022ء کا آئینہ قسمت پیش کرتے ہوئے عرض کیا کہ 2023ء میں آسمانی کونسل پر ستاروں کی کوئی پوزیشن نہیں کہ الیکشن میں ہوں نیز پاکستان کی تاریخ میں نمبر 7 کے سن میں الیکشن نہیں ہوئے۔ 2023ء کا مفرد نمبر 7 ہے۔ انہوں نے حیرت کا اظہار کیا** 2024ء کا سورج طلوع ہونے کو ہے جس الیکشن کی بازگشت اپریل 2022ء سے بہ زبان کپتان شروع ہوئی مگر الیکشن 2023ء میں نہیں ہوئے اب **کیا 2024ء میں بھی الیکشن ہو جائیں گے؟** 2024ء کا مفرد نمبر 8 بنتا ہے۔ ماضی میں 1988,1970 اور 1997ء کا سال ہیں جنکا مفرد نمبر 8 تھا ان میں الیکشن ہوئے علم الاعداد کی روشنی میں 2024ء یوں الیکشن کا سال دکھائی دیتا ہے۔ پاکستان کی بڑی سیاسی پارٹیاں **تحریک انصاف، مسلم لیگ (ن) پاکستان پیپلز پارٹی، استحکام پاکستان، ایم کیو ایم، جمعیت علماء پاکستان، جماعت اسلامی دیگر علاقائی سیاسی پارٹیاں کا** 2024ء میں الیکشن کا نتیجہ اسی ترتیب سے دکھائی دیتا ہے۔ عمران خان 09 مئی 2023ء کے افسوسناک سانحہ کے سبب پابند سلاسل ہیں۔ ہم انکا زائچہ 05 اکتوبر 1952ء صبح 08 بجکر 55 منٹ لاہور کا ہی دیکھتے رہے ہیں۔ ان کے تازہ احوال سے ریسرچ کا موقعہ ملا تو انکا وقت پیدائش ہمیں 11 بجکر 45 منٹ درست معلوم ہوتا ہے۔ جس سے انکا طالع برج میزان سے قوس بنتا ہے۔ ہم ان کے نئے زائچہ پر روشنی ڈالتے ہیں معاونت ومشاورت منجم سید انور فراز آف کراچی حاصل ہے۔ طالع قوس (Sagittarius) کے مطابق، عمران خان کے زائچہ میں سب اہم راج یوگ پہلے کے مالک مشتری اور پانچویں کے مالک مریخ کا اتحادی حقیقی (پری ورتن parivartana) مذکورہ پری ورتن کے ہمراہ زائچہ میں آتما کارک (AK) عطارد کیندر میں درگوتم ہے۔ پاراشر نے اس نایاب وضع فلکی کو "مہاراج یوگ" (Maha-Raja Yoga) کہا ہے۔

(حوالہ: براہت پاراشر ہوراشاستر: راج یوگ ادھیائے، شلوک 6)۔ یہ غیر معمولی کامیابی، عزت، شہرت اور اختیار کی دلیل ہے۔ اگر عام حالت میں بھی پہلے اور پانچویں کے مالکان اتحادی حقیقی یعنی" پری ورتن" میں ہوں تو" مہا پری ورتن یوگ" بناتے ہیں۔ جس کے سعد نتائج میں جسمانی راحت، آرام، آسائش، دولت، کامیابیاں وغیرہ شامل ہیں۔

باقی صفحہ نمبر 36

مومن پہاڑ سے زیادہ مضبوط ہے، پہاڑ سے چیزیں جدا ہو سکتی ہیں لیکن مومن سے دین کا ذرہ بھی جدا نہیں ہو سکتا (امام محمد باقرؑ)

منجم شاہ زنجانی

پیوٹن کی خواہش کے دوبارہ سابقہ متحدہ روس کے سبھی ممالک کو یکجا کروں

یوکرائن جنگ کا خاتمہ؟

عالمی خبروں میں روس یوکرائن خطرناک جنگ 24 فروری 2022ء سے تا دم تحریر جاری ہے TV پر اس کے خوفناک مناظر دل ہلا دینے کے لئے کافی تھے کہ اسرائیل فلسطین (غزہ) کا دوسرا محاذ 07 اکتوبر 2023ء کو کھل گیا۔ تیسرا محاذ کشمیر کسی بھی وقت پاک بھارت کے درمیان کھل سکتا ہے۔ UNO کو اپنے اشارے پر چلانے والے نیٹو ممالک جس کا سربراہ امریکہ دوسری جنگ عظیم سے آج تک یہ دُنیا میں کہیں نہ کہیں جنگی محاذ کھولے رکھتا ہے کہ اس کا اسلحہ گولا بارود بکتا رہے۔ مشرق وسطیٰ میں شدت کا محاذ جنگ کھل چکا ہے۔ عام خیال ہے کہ امریکہ اور نیٹو ممالک یوکرائن جنگ سے ہاتھ کھینچ لیں گے اور روس انجام کار اپنے جنگی مقاصد پورے کرتے ہوئے اس جنگ کو اختتام پر پہنچا دے گا۔ ہم علم نجوم کی روشنی میں دیکھتے ہیں کہ ایسا ممکن ہوگا یا کہ **یہ جنگ تیسری عالمگیر جنگ کا حصہ بن جائے گی مستقبل میں جنگ یا امن کیا ہونے جارہا ہے؟**

زائچہ یوکرائن ہمارے سامنے ہے طالع برج جدی میں ماسوائے زحل قمر طالع نویں مریخ دو اہم ستارے زحل مریخ اپنے ذاتی گھروں خوش بختی ساتویں کا مالک قمر دھن ستھا نچھتر دھن دولت تو بہت عطا کرتا ہے تاہم فطرت میں یہ راکشش غضب ناک اور ڈائنامک مریخ پر حکمران ہے۔ دیگر بھی چار ستارے آٹھویں نحس گھر کیتو چھٹے راہو بارہویں ہونے سے ملکی قیادت عوام الناس کو آزمائش و پریشانیوں سے واسطہ پڑتا رہیگا۔ **بارھویں نحس گھر کا حاکم ستارہ مشتری** 13 فروری 2022ء تیسرے پڑوسی ممالک کے گھر آنے سے 24 فروری 2022ء روس، یوکرائن جنگ شروع کی ستارہ مشتری یہاں سال بھر رہا یہ جنگ نہ رُکی اب مشتری 22 اپریل 2023ء تا کیم مئی 2024ء تک چوتھے ارض وطن نحس گھر کا حاکم ہونے سے بہت سارا علاقہ بھی

یوکرائن
00 جدی 02



بتاریخ 24 اگست 1991ء کیو وقت 17 بجکر 30 منٹ

روس کے قبضہ یں چلا گیا۔ یہ جنگ ابھی کیم مئی 2024ء تک جاری رہ سکتی ہے۔ ادھر ادوار سیارگان زائچہ میں بارہویں نحس گھر مشتری ہی کی مہادشاء 24 ستمبر 2029ء تک جاری رہیگی۔ یہ بھی عرصہ یوکرائن کی جنگ سے تباہ کاریوں ملک وقوم کیلئے آزمائش و پریشانیوں جیسا رہیگا۔

تاہم دو سال نحس ستارہ مشتری کا چلت کا دور 13 فروری 2022ء تا کیم مئی 2024ء میں مکمل ہونے پر توقع کی جاسکتی ہے کہ یوکرائن جنگ اپنی منتہٰی پر پہنچ کر ختم ہو جائیگی۔ پس پردہ اس جنگ کے دو اہم فریقین روس v/s امریکہ کی توجہ مشرق وسطیٰ اسرائیل فلسطین جنگ کی طرف ہو چکی ہے۔ **غیر اعلانیہ تیسری عالمگیر کے سبھی اثرات پورے ہو چکے ہیں**۔ سیاسی نجوم میں طالع قوموں کی بقا دُنیا میں زندہ جاوید رہنے اور دوسرے ملکی معیشت بحالی کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 30 سال کے بعد دوسرے برج دلو میں عروج یافتہ 29 مارچ 2025ء تک رہیگا۔ تبدیلی مشتری برج حمل سے ثور میں کیم مئی 2024ء کو آنے کے بعد جنگ کی تباہ کاریوں کا ازالہ، بحالی ارض وطن آباد کاری اور ملکی تعمیر وترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔ دُعا گو ہیں کہ وقت کے امام کا جلد ظہور ہو جائے۔

تحریر: سید انور فراز، کراچی

اے خاصۂ خاصانِ رُسل، وقتِ دُعا ہے

سرپرائزنگ اور پل پل رنگ بدلتا سال 2024

یہ کہتے ہوئے بھی شرمندگی ہونے لگی ہے کہ پاکستان نہایت نازک موڑ سے گزر رہا ہے کیوں کہ برسوں سے یہی جملہ سنتے آرہے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ایسے حالات و واقعات ماضی میں کبھی نہیں دیکھے جیسے آج کل نظر آرہے ہیں۔ ملک میں ایک عبوری نگراں حکومت ہے، سیاسی جماعتیں رخصت ہوچکی ہیں۔ ایک سیاسی جماعت عتاب کا شکار ہے، اس کی اعلیٰ و ادنیٰ قیادت جیلوں میں ہے اور مقدمات کا سامنا کررہی ہے۔ اصولاً نومبر 2023ء میں عام انتخابات ہونا چاہئیں لیکن الیکشن کمیشن نئی حلقہ بندیوں میں مصروف ہے اور الیکشن میں تاخیر کا امکان ظاہر کررہا ہے۔ تحریک انصاف اور پیپلز پارٹی مقررہ وقت پر انتخابات چاہتی ہے لیکن انتخابات سے پہلے احتساب کا نعرہ بھی گونج رہا ہے۔ ماضی میں بھی ایسا ہی ہوچکا ہے جس کے نتائج اچھے نہیں نکلے تھے۔ وہ کون سے فلکیاتی عوامل ہیں جو ملک کو انتہائی نازک موڑ پر لے آئے ہیں؟ وقتاً فوقتاً گزشتہ سال سے ہی ہم اس کا اظہار کرتے رہے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ 2022 سے موجودہ سال کے آخر تک جاری سیاروی گردش نہایت عجیب اور موثر ترین ثابت ہوئی ہے اور پاکستان کے نئے زائچے کی تصدیق کرتی ہے جو ہماری تحقیق کے مطابق درست ہے۔

افسوسناک بات یہ ہے کہ 1947 سے آج تک پاکستان کے اکثر زائچے غلط ثابت ہوئے ہیں، بعض کم فہم آج بھی 14 اگست 1947 شب 12 بجے کے مطابق زائچہ بناتے اور اس کے مطابق گفتگو کرتے نظر آتے ہیں جو بالکل غلط ہے۔ پاکستان کا قیام 14 نہیں 15 اگست کو ہوا تھا، اس کے مطابق پاکستان کا جو بھی زائچہ تھا وہ پاکستان کے دولخت ہونے کے بعد ختم ہوگیا، بالکل اسی طرح جیسے تقسیم ہندوستان کے وقت دو ملک بھارت اور مشرقی و مغربی پاکستان وجود میں آئے تھے اور دونوں کے الگ الگ زائچے تھے، اسی طرح پاکستان کی تقسیم کے بعد بھی دو ملک پاکستان اور بنگلادیش وجود میں آئے اور دونوں کے نئے زائچے بھی تشکیل پائے۔ ہمارے بڑے بڑے کہنہ مشق منجمین نامعلوم کیوں اس حقیقت کو تسلیم نہیں کرتے جب کہ دنیا بھر میں یہ اصول مسلم الثبوت ہے جب سلطنت عثمانیہ کا خاتمہ ہوا جو دنیا کے تین براعظموں پر پھیلی ہوئی تھی تو اس کے نتیجے میں کئی نئے ملک وجود میں آئے اور ان کے نئے زائچے تشکیل پائے۔ اسی کے مطابق ترکی کا بھی نیا زائچہ وجود میں آیا، سویت یونین، ایران، مصر، چین، انڈونیشیا، ملائشیا وغیرہ کے نئے زائچے بھی اسی بنیاد پر اور اسی اصول کے تحت تبدیل ہوئے۔ پاکستان کا نیا زائچہ ہمارے نزدیک 20 دسمبر 1971ء 14 بجکر 53 منٹ راولپنڈی کے مطابق درست ہے کیونکہ اسی تاریخ کو ٹرانسفر آف پاور کے بعد ایک نیا پاکستان وجود میں آیا جس کے سربراہ جناب ذوالفقار علی بھٹو مقرر ہوئے اور پاکستان کا ایک نیا آئین ان کی سربراہی میں بنایا گیا جو 14 اگست 1973 کو نافذ ہوا اور آج تک ہم اسی آئین کو تسلیم کرتے آرہے ہیں۔

نئے زائچہ پاکستان کے مطابق طالع برج ثور تقریباً دو ڈگری ہے، گویا زائچے کا ہر گھر دو ڈگری سے شروع ہوتا ہے، گزشتہ دو سال سے سیارہ پلوٹو زائچے کے نویں گھر میں ابتدائی درجات پر ہے۔ نویں گھر میں پیدائشی زہرہ دو درجہ اور قمر پانچ درجہ موجود ہیں، زہرہ چھٹے گھر کا حاکم اور پہلے گھر کا حاکم ہے جب کہ قمر زائچے کے تیسرے گھر کا حاکم ہے۔ گزشتہ ایک سال سے پلوٹو

ان دونوں سیارگان سے نویں گھر میں قریبی قران کی حالت میں ہے، پلوٹو کایا پلٹ سیارہ ہے اور ہم دیکھ رہے ہیں کہ سال 2021 سے معاملات بگڑنا شروع ہوگئے تھے، اس کے بعد 2022 میں تحریک عدم اعتماد کے بعد سے جو صورتحال پیدا ہوئی وہ پورے ملک کی کایا پلٹ کرگئی، ملک ڈیفالٹ کے دہانے تک پہنچ گیا۔ اس وقت بھی پلوٹو بحالت رجعت 4 درجہ برج جدی میں رہتے ہوئے پیدائشی قمر اور زہرہ سے قریبی قران میں ہے اور یہ قران اس سال کے آخر تک ایسے ہی جاری رہے گا اس کے نتیجے میں سب سے زیادہ متاثر پاکستان کے مقتدر حلقے اور بیوروکریسی ہوئے ہیں اور مزید ہوں گے۔

دوسرے نمبر پر سیارہ نیپچون زائچے کے گیارھویں گھر میں اس سال مارچ میں داخل ہوا اور ابتدائی درجات پر پورا سال حرکت کررہا ہے۔ گیارھویں گھر میں پیدائشی زائچے کا سیارہ مریخ ابتدائی درجات پر موجود ہے گویا زائچے کے بارھویں اور ساتویں گھر کا حاکم مریخ ٹرانزٹ کرتے ہوئے نیپچون سے حالت قران میں ہے، یہ سلسلہ بھی تاحال بدستور جاری ہے۔ نیپچون دھوکا اور فریب، پراسراریت اور ایسے حالات و واقعات لاتا ہے جنھیں سمجھنا فوری طور پر ممکن نہیں ہوتا گویا جو کچھ نظر آرہا ہوتا ہے اس کا پس منظر حقیقتاً کچھ اور ہوتا ہے، ہماری آنکھیں دھوکا کھا رہی ہوتی ہیں اور سماعت بھی پرفریب ہوتی ہے کیوں کہ **سیارہ مریخ کا تعلق بارھویں گھر سے ہے اور وہ زائچے کا فعلی منحوس سیارہ ہے۔ فطری طور پر اس کا تعلق فوج، پولیس اور خفیہ اداروں سے ہے، ساتھ ہی غیر ملکی مداخلت سے بھی ہے لہٰذا ہم دیکھ رہے ہیں کہ ملک کے تمام دانش ور اور تجزیہ نگار بھی جو کچھ ہورہا ہے اس کی حقیقت سے پوری طرح واقف نہیں ہیں۔** 2023ء الیکشن کا سال تھا لیکن کوئی نہیں بتاسکتا کہ الیکشن ہوں گے یا نہیں ہوں گے۔ البتہ ہمارے دوست منجم شاہ زنجانی صاحب نے اپنی زنجانی جنتری 2023ء صفحہ نمبر 22,21 میں الیکشن نہ ہونے کی پیشگوئی کردی تھی۔ جو وقت کے ساتھ درست ثابت ہوئی 2023ء جنکا مفرد نمبر 7 عدم الیکشن کا سال ثابت ہوا۔ ہم انہیں انکی علمی کاوش پر ہدیہ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ پنجاب اور KPK میں اسمبلیاں ٹوٹنے کے بعد بھی الیکشن نہیں ہوسکے، **15 جنوری 2023ء سے دونوں صوبوں میں نگراں حکومتیں کام کر رہی ہیں جو آئین پاکستان کے خلاف ہے۔ اب وفاق اور سندھ، بلوچستان میں بھی نگراں حکومتیں قائم ہوچکی ہیں لیکن آئین کے مطابق 90 دن میں انتخابات ہوتے نظر نہیں آتے۔ موجودہ سال پاکستانی آئین کا پچاسواں سال ہے اور اس سال آئین کی پچاسویں سالگرہ منائی گئی لیکن افسوس ناک حقیقت یہ ہے کہ اسی سال میں نہ صرف یہ کہ آئین شکنی کو رواج دیا گیا بلکہ پارلیمنٹ میں ایسی قانون سازیاں بھی کی گئیں جو آئینی ماہرین کے نزدیک متنازع ہیں، یہ صورت حال بھی پلوٹو کے اثرات کا شاخسانہ ہے۔**

زائچہ پاکستان میں تقریباً 2008 سے زائچے کے سب سے زیادہ منحوس سیارہ مشتری کا دور اکبر جاری ہے جو آئندہ سال دسمبر تک جاری رہے گا۔ اس میں دور اصغر سیارہ راہو کا جولائی 2022 سے شروع ہوا اور دسمبر 2024 تک جاری رہے گا۔ 2023ء سال سیارہ مشتری اور راہو حالت قران میں رہے جسے گرو چنڈال یوگ کہا جاتا ہے، اس صورتحال میں 9 مئی جیسے حادثات وسانحات دیکھنے میں آئے اور بھی بہت کچھ ہوا جو بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اب 2024 کا آغاز ہورہا ہے، پلوٹو اور نیپچون بدستور زائچے کے حساس درجات پر موجود ہیں، جب کہ راہو اور کیتو 29 نومبر 2023ء میں برج حوت اور سنبلہ میں بالترتیب آچکے ہیں۔ انکا قیام 29 مئی 2025ء تک یہاں رہیگا۔ مشتری اور یورینس زائچے کے بارھویں گھر میں حرکت کررہے ہیں جب کہ شمس، مریخ آٹھویں گھر میں ہیں اور عطارد و زہرہ بھی جنوری میں آٹھویں گھر میں ہوں گے گویا **نئے سال کا آغاز زیادہ خوش کن اور امید افزا نظر نہیں آتا۔**

ہماری سیاسی جماعتوں اور مقتدر حلقوں نے گزشتہ سالوں میں جو بویا ہے وہ انہیں

کاٹنا ہے اور جیسا کہ ہم نے نیپچون اور پلوٹو کے اثرات کی نشان دہی کی ہے جو انتہائی پرفریب اور شدید ترین دباؤ ڈالنے والے ہیں۔ یقینا سیاست دان بھی اس حقیقت کو نہیں سمجھ سکے کہ حالات کس رخ پر جارہے ہیں، وہ ذاتی مفادات اور انتقامی جذبات کا شکار رہے، انھوں نے مقتدر حلقوں کو یہ موقع خود فراہم کردیا کہ وہ اصلاح واحوال کے لیے آگے آئیں اور ملک کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لیں۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ مارشل لا سے اب تک گریز کیا گیا ہے لیکن نگراں سیٹ اپ کی نگرانی وہی کر رہے ہیں ، ہمارے آرمی چیف جنرل عاصم منیر پاکستان کو موجودہ بحران سے نکالنے کے لیے نئے فیصلے اور اقدام کر رہے ہیں۔ خاص طور پر ملک کو معاشی طور پر مضبوط بنانا ان کا اولین ٹارگٹ ہے۔

ہم اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتے کہ سیاسی طور پر کیا درست ہے اور کیا غلط ہے لیکن سیاروی پوزیشن یہی ظاہر کر رہی ہے کہ اب سارا کنٹرول مقتدر حلقوں کے ہاتھ میں ہی رہے گا۔ جنوری، فروری 2024ء خاصے ہنگامہ خیز مہینے نظر آتے ہیں جن میں مقتدر حلقوں کے ساتھ عدلیہ اور الیکشن کمیشن اپنا فعال کردار ادا کریں گے لیکن مثبت نتائج کی زیادہ امید رکھنا غلط ہوگا۔ جنوری میں نئے حادثات وسانحات جنم لے سکتے ہیں، الیکشن کمیشن جنوری تک یا فروری میں انتخابات کا امکان ظاہر کر رہا ہے لیکن **زانچے میں سیاروں کی پوزیشن الیکشن کا انعقاد ظاہر نہیں کر رہی یا پھر الیکشن میں کوئی نیا فساد پیدا ہوگا اور ممکن ہے ایسے الیکشن کے نتائج کو تسلیم ہی نہ کیا جائے** گویا اب نئے الیکشن ہی ملک کا اہم مسئلہ ہوں گے۔

جنوری، فروری اور مارچ کے مہینے بھی پرسکون نظر نہیں آتے، خاص طور پر مارچ کے آخری ہفتے سے سیارہ مشتری اور یورینس ایک دوسرے کے زیادہ قریب ہوں گے اور اپریل میں بارھویں گھر میں قران کریں گے لھذا اپریل کا مہینہ نہایت اہم اور چونکا دینے والے واقعات کی نشاندہی کر رہا ہے۔

مشتری آئین وقانون، وسعت وترقی کا سیارہ ہے، زائچے کے آٹھویں گھر کا حاکم ہے، فعلی منحوس ہے، دورا کبر بھی مشتری کا جاری ہے لہٰذا اپریل سے کوئی بڑا ٹرننگ پوائنٹ سامنے آسکتا ہے، یورینس غیر متوقع اور حیرت انگیز نوعیت کے واقعات یا صورت حال سامنے لاتا ہے۔ مشتری اور یورینس کا قران ایک بڑی خطرے کی گھنٹی ہے جس میں آئین کی بساط لپٹ سکتی ہے۔ خیال رہے کہ اپریل میں زائچے کے دسویں گھر میں مریخ اور زحل کا قران 9 اپریل تا 12 اپریل بھی ہوگا۔ اس حوالے سے 15 اپریل سے 15 مئی تک یقینا غیر معمولی واقعات سامنے آسکتے ہیں، 2 مئی کو سیارہ مشتری بھی گھر تبدیل کرے گا اور زائچے کے پہلے گھر میں ابتدائی درجات پر آئے گا۔ یہ فلکیاتی صورت حال اپریل اور مئی کی ہنگامہ خیزی کی نشان دہی کر رہی ہے۔

سال 2024 کو 2022-23 جیسا سال ہی سمجھنا چاہیے کیوں کہ جس نوعیت کی سیاروی گردش ان سالوں میں رہی ہے، 2024 بھی اس سے خالی نظر نہیں آتا۔ 2 جون 2024 سے ایک اور بڑی تبدیلی سیارہ یورینس کا برج ثور میں داخلہ ہوگی۔ یورینس بھی ایک سست رفتار سیارہ ہے اور زائچے کے ابتدائی درجات پر اس کا قیام پاکستان کے لیے غیر معمولی تبدیلیوں کی نشان دہی کر رہا ہے، یہ تبدیلیاں یقینا مثبت ہوسکتی ہیں اگر مثبت انداز اختیار کیا جائے، ذاتی گروہی مفادات کو پس پشت ڈال دیا جائے بہ صورت دیگر تبدیلیاں منفی بھی ہوسکتی ہیں۔ یورینس کی لائی ہوئی تبدیلیاں اچانک غیر متوقع ہوتی ہیں۔ پہلے گھر میں رہتے ہوئے وہ زائچے کے پانچویں، ساتویں اور نویں گھر کو ناظر ہوگا اور آگے چل کر پلوٹو سے تثلیث کی نظر قائم کرے گا۔ سست رفتار سیارے اپنے اثرات فوری ظاہر نہیں کرتے، ان کے نظرات اور ان کی زائچے میں پوزیشن بہت آہستہ آہستہ اپنا اثر دکھاتی ہے اور اکثر ان کے لائے ہوئے نتائج دیر پا اور طویل المدت ہوتے ہیں۔

پاکستان کے زائچے میں مشتری اور یورینس کا قران اور پھر زائچے کے

پہلے گھر میں دونوں کا طویل المدت قیام پاکستان کو ایک نئی اور چونکا دینے والی سمت میں لے جاسکتا ہے جس کی ہمیں توقع بھی نہیں ہوگی۔ اپریل میں مریخ اور زحل کا قران حکومتی معاملات میں اہم تبدیلیوں کی نشان دہی کر رہا ہے اور اسی دوران میں مشتری اور یورینس بھی بارھویں گھر میں حالت قران میں ہوں گے لہٰذا کوئی بڑا آئینی بحران جنم لے گا جس میں کسی ایمرجنسی کا امکان موجود ہے۔ مئی اور جون کے مہینے ملک میں کسی بڑی احتجاجی تحریک کا باعث بن سکتے ہیں جن کے نتیجے میں مقتدر حلقے انتخابات کرانے پر مجبور ہوسکتے ہیں اور انتخابات کے نتائج بھی متنازع ہوسکتے ہیں۔ قصہ مختصر یہ کہ **2024** کا نصف ہاف یعنی جون تک کا وقت ملک میں غیر معمولی تبدیلیوں کو ظاہر کر رہا ہے جن کا اظہار ممکن نہیں ہے کیوں کہ **2** جون کو **5** سیارگان برج ثور میں اکٹھا ہوں گے۔ مشتری، یورینس، شمس، زہرہ اور عطارد۔

جولائی میں سیارہ مریخ بھی برج ثور میں یورینس سے قران کرے گا، یہ بھی ایک نحس نظر ہوگی۔ سول وملٹری اسٹیبلشمنٹ میں بڑے پیمانے پر اضطراب اور بے چینی کا باعث بنے گی، اس بات کا امکان موجود ہے کہ مقتدر قوتوں کو عوامی سطح پر پذیرائی حاصل نہ ہوسکے اور وہ پیچھے ہٹنے پر مجبور ہوجائیں۔ مریخ اور یورینس کا قران بیرونی قوتوں کی مداخلت بھی ظاہر کرتا ہے، بہر حال **2024** کو ہمیں ایک عام سال نہیں سمجھنا چاہیے، اس سال کے دسمبر میں مشتری کا دور اکبر اور راہو کا دور اصغر ختم ہو رہا ہے اور سیارہ زحل کا دور اکبر شروع ہوگا جو زائچے کا سعد اثر رکھنے والا سیارہ ہے لہٰذا **2024** میں جو کچھ بھی ہوگا وہ بالآخر ملک کو کسی مثبت راہ پر ڈال دے گا۔ اس سال سب سے زیادہ گہرا اثر ڈالنے والا سیارہ یورینس ہوگا کیوں کہ سال کے بیشتر حصے میں اس کی حرکت پہلے گھر کے ابتدائی درجات تک محدود رہے گی۔ یورینس کے اثرات کے بارے میں کوئی حتمی رائے دینا مشکل ہوتا ہے، اگر مثبت طرز عمل اختیار کیا جائے تو سعد نتائج سامنے آتے ہیں جب کہ اس کے برعکس اگر منفی طرز عمل اختیار کیا جائے تو منفی نتائج سامنے آئیں گے لہٰذا ملک میں کسی منفی یا مثبت صورت حال کا جنم لینا ہماری مقتدر قوتوں کے طرز عمل پر منحصر ہے۔ ایسی صورت میں حکمرانوں کے زائچوں سے درست رہنمائی مل سکتی ہے کہ وہ کیسا طرز عمل اختیار کریں گے؟

بقیہ — عمران خان اور الیکشن 2024ء



لگن قوس کے مطابق انہیں بہت جلد دوبارہ عروج اور اقتدار حاصل ہوسکتا ہے، اقتدار سے علیحدہ ہوتے ہی جس طرح ان کی عوامی مقبولیت میں غیر معمولی اضافہ ہوا، وہ بھی موجودہ لگن قوس کے زائچے کی تصدیق کرتا ہے۔ طالع قوس کے مطابق ان کے زائچے میں سیارہ مشتری کا دور اکبر مارچ **2014** سے شروع ہوا اس سے پہلے راہو کا دور اکبر جاری تھا، مشتری کے دور اکبر اور زحل کے دور اصغر میں جو زائچے کے دسویں گھر میں آتما کارک اور شرف یافتہ عطارد سے حالت قران میں ہے لیکن غروب ہے، انھیں الیکشن میں کامیابی ملی اور وزیراعظم پاکستان بنے، فروری **2021** سے کیتو کا دور اصغر شروع ہوا گویا گزشتہ سال ان کے لیے بھاری ثابت ہوا کیوں کہ کیتو زائچے کے آٹھویں گھر میں زیادہ منحوس ہوجاتا ہے لیکن **27** جنوری **2022** سے زائچے میں زہرہ کا دور اصغر شروع ہوا، زہرہ زائچے کا طاقت ور اور ملاویا یوگ بنانے والا سیارہ ہے، گیارھویں گھر کا حاکم ہے یہ دور **27** ستمبر **2024**ء تک رہیگا ادھر طالع کا حاکم ستارہ مشتری چلت میں مشتری پر سے پانچویں سعد گھر سے گذر رہا ہے۔ اسکی سعد نشست یکم مئی **2024**ء تک رہیگی یہ طالع کے ساتھ پانچویں نویں سعد ناظر ہونے سے انہیں قانونی آزمائش و پریشانیوں ان پر لگے سنگین الزامات میں آسانیاں دلائے گا۔

عزیزان من! یہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ اس وقت پاکستان کی تمام سیاسی پارٹیاں ان کے مقابل ہیں، اقتدار سے الگ ہونے کے بعد بہت سے چیلنج انھیں درپیش ہیں لیکن جیسا کہ ہم ماضی میں بھی کہتے رہے ہیں کہ وہ ایک خوش قسمت انسان ہیں جس کا ثبوت یہ بھی ہے کہ وہ ایک ایسے وقت میں اقتدار سے الگ ہوگئے جب اپنی مقبولیت کھو رہے تھے، ملکی صورت حال قابو سے باہر ہو رہی تھی، اب یہ سارا بوجھ شہباز شریف کے بعد نگران حکومت کے کاندھوں پر آگیا ہے اور موجودہ حکومت پریشان ہے۔ نئے الیکشن میں کامیابی یا ناکامی سے متعلق کوئی درست نتیجہ اسی وقت ممکن ہوگا جب الیکشن کی تاریخ سامنے آجائے لیکن یہ بات طے ہے کہ نئے الیکشن میں ان کی جماعت تحریک انصاف کو شکست دینا آسان نہیں ہوگا۔

(واللہ اعلم بالصواب)

افغانیوں کی اپنے وطن واپسی کب تک؟

افغان ایک غیور قوم ہے جس نے آج تک کسی سپر پاور کے آگے سرنگوں نہیں کیا۔ میزبان پاکستان کے آج کل حالات اچھے نہیں جبکہ افغانستان اب سنبھل رہا ہے۔ فی زمانہ نگران حکومت نے انکی واپسی کا درست فیصلہ کیا ہے۔ مگر ایک رپورٹ نے ہمیں حیران کر دیا۔

آئی ایس آئی کے اکنامک ونگ کی نگران حکومت کو پیش کی جانیوالی رپورٹ حیران کن ہے۔ قارئین کی دلچسپی کیلئے ہم اس رپورٹ کا خلاصہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں نتیجہ آپ خود نکال لیں۔

آسٹرالوجر سید محمد علی شاہ زنجانی

اس رپورٹ کے مطابق پاکستان میں زیر گردش تمام کرنسی کا ایک تہائی افغانیوں کے پاس ہے۔ جو تقریباً تین ہزار ارب روپے بنتے ہیں۔ وہ جب چاہیں بڑی تعداد میں اس کے ڈالرز خرید کر پاکستان میں کرنسی کی ویلیو گرا دیتے ہیں۔ صرف یہی نہیں بلکہ سمگلنگ کر کے بھی پاکستان سے ڈالرز مسلسل افغانستان منتقل کر رہے ہیں جس سے افغانستان کی معیشت مستحکم ہو رہی ہے۔ لیکن پاکستان وہ واحد ملک ہے جہاں 50، 60 لاکھ افغان پناہ گزینوں کو پورے ملک میں کہیں پر بھی بلا روک ٹوک (جائز و ناجائز، ہر طرح کا) کاروبار کرنے کی اجازت دی گئی اور اس میں وقت ماہ و سال کی قید نہیں، کسی تجدید کی ضرورت نہیں تھی۔ پچھلے 40، 50 سالوں سے افغانیوں نے اس ملک کے وسائل جو بڑی ہی بے دردی سے لوٹا اور پاکستان سے نفرت بھی بے حد و بے حساب کی۔

پاکستان کے 80 فیصد مسائل ان افغان پناہ گزینوں کے پیدا کردہ ہیں۔ آج دہشت گردی، پیسے کی گراوٹ اور معیشت کی تباہی کی بڑی وجہ بھی افغانی ہیں۔ چونکہ افغانستان کا تمام تر دارومدار پاکستان پر ہے اس لیے افغانستان مختلف حربوں سے پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرتا ہے تاکہ پاکستان افغانستان سے کبھی جان نہ چھڑا پائے۔ افغانستان میں اس

زائچہ افغانستان



بتاریخ 22 دسمبر 2001ء کابل بوقت 00 بجکر 01 منٹ

وقت کالعدم ٹی ٹی پی، داعش خراسان بی ایل اے اور دیگر انتہا پسند گروپ اپنی پوری طاقت سے موجود ہیں۔ افغان حکومت ان گروپوں کی اپنی سرزمین پر موجودگی کو پڑوسی ملکوں کے خلاف بلیک میلنگ کے ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہی ہے۔

اور ہم اپنے ہی ملک میں پرائے ہو جائیں۔ گویا ہم مرتے مرتے بھی افغانیوں کو اپنا خون پلا رہے ہیں۔ ایک کروڑ سے زائد افغانیوں کو پاکستان میں کینسر کی طرح پھیلانے میں اہم ترین کردار "نادرا" نے ادا کیا ہے جس نے تقریباً ہر افغانی کو پاکستان کا آئی ڈی کارڈ بنا کر دیا ہوا ہے۔ سب سے پہلے افغانیوں کے نادرا کارڈ بلاک کیے جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یہ سب سے بڑا سیکیورٹی ایشو بھی ہے۔ شائد بھی ایک حاضر سروس جنرل کی خدمات لی جائینگی۔ اس کے بعد انکی واپسی پر کام شروع ہوگا۔ اگر اس پر کام شروع ہو گیا تو یہ کرنے سے پاکستان سے بہت بڑا بوجھ ہٹ جائیگا۔

تبصرہ نگار: چودھری واجد علی خان (سابق ایم پی اے)

منجم شاہ زنجانی کی سچی پیش گوئیاں

منجم اعظم الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی سلسلہ روحانیات سیّد میراں حسین شاہ زنجانی کے وارث شہزادہ سیّد انتظار حسین زنجانی کی سچی پیش گوئیوں پر ہر سال کی طرح تبصرہ کے لئے حاضر ہوں۔ عالمی سیاسی حالات اور وطن عزیز پاکستان پر صحیح اُترنے والی پیش گوئیاں لئے حاضر ہوں۔ نومبر دسمبر 2022ء میں اور پھر زنجانی جنتری 2023ء میں واضح پیش گوئی کر دی تھی کہ پاکستان کی 75 سالہ تاریخ میں نمبر 7 کے مفرد سال میں ابتک الیکشن نہیں ہوئے جبکہ 2023ء کا مفرد نمبر سات بنتا ہے۔ زنجانی صاحب نے مزید بتایا کہ انکی 18 دسمبر 2022ء صحافی تنظیم C.P.N.E کے ممبران کے ساتھ جناب عمران خان سے ملاقات ہوئی اس ملاقات میں فواد

دونوں شماروں کی PDF دستیاب ہے- www.aienaeqismat.com.pk

چوہدری، مسز شفقت عمر چیمہ کی موجودگی میں دسمبر 2022ء کا روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت انہیں پیش کرتے ہوئے عرض کیا خان صاحب آپ الیکشن 2023ء میں ہو جانے کیلئے مسلسل جدوجہد کررہے ہیں آپ نے نیشنل اسمبلی سے علیحدگی اور KPK اور پنجاب اسمبلی سے بھی علیحدگی کا عندیہ دے رکھا ہے۔ مگر آسمانی کونسل پر ستارے کچھ اور ہی بتاتے ہیں۔ 2023ء میں الیکشن ہرگز نہ ہونگے۔ دریائے چناب پر لاکھوں زندہ مچھلیوں کا صدقہ دیتے ہوئے وہاں کے مقبول پریس رپورٹر روزنامہ جنگ اور جیو جناب طارق امین خالد ایڈووکیٹ اور فلک شیر جنکا "Apna Wazirabad" فیس بک اور یوٹیوب چینل کو 2023ء متوقع الیکشن کے حوالہ سے مارچ 2023ء میں ہی بتا دیا تھا کہ آسمان سے اگر فرشتے بھی آجائیں تب بھی 2023ء میں الیکشن ممکن دکھائی نہیں دیتے یہ پروگرام فیس بک، یوٹیوب کے علاوہ ادارہ کی یوٹیوب AQ tv پر بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ اگرچہ اس کے علاوہ ماہنامہ آئینہ قسمت میں سینکڑوں درست پیشگوئیاں بھی شامل ہیں جو ہم جگہ کی قلت کے سبب شامل نہیں کر پا رہے۔ شاہ زنجانی کی ایک بڑی پیشگوئی جنوری 2023ء تا مارچ 2025ء ستارہ زحل کی سعادت کے سبب کرپشن کا خاتمہ ملک میں تبدیلی نظام اور یکم دسمبر 2024ء تا یکم دسمبر 2043ء ملکی ترقی کا ایک نیا دور شروع ہو رہا ہے۔ اس کے ہم منتظر رہیں گے۔ تاحال کرپشن اسمگلنگ پر قابو پانے کے آثار نمایاں ہونے لگے ہیں۔ ہم سب ملکر انکی صحت و سلامتی و درازی عمر کے لئے دعا کرتے ہیں تاکہ ان کے اور منجم زنجانی برادرز کے وسیلہ سے سلسلہ روحانیات حضرت سیّد میراں حسین شاہ زنجانی "پیر بھائی داتا گنج بخش علی ہجویری" کا فیض عام جاری رہے۔

چودھری واجد علی خان (سابق ایم پی اے) جنڈیالہ کلساں (نارنگ منڈی) کالا خطائی روڈ، ضلع شیخوپورہ) Mob# 0300-4259249

منجم شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی ماہر علم النجوم فی السیاسیات

عالمی و سیاسی حالات 2024

2024ء عالمی سرپرائزنگ سال اور پاکستان سیاسی چہروں 2024ء، 2025ء تبدیلی

غزہ سے غزوہ ہند فلسطین کشمیر جنگِ آزادی کُلّ ارض کربلا و کُلّ یوم عاشورہ

امریکہ کی سپرمیسی کو خطرات میں 2025ء تک NATO ممالک میں بے چینی

2024ء امن کیلئے متحرک سال UNO, OIC ہیومن رائٹس ایمنسٹی انٹرنیشنل عالمی عدالت انصاف

پاکستان کی ترقی خوشحالی کا نیا دور 19 سالہ استحکام پاکستان کی ابتداء سبز انقلاب

ناسٹرڈامس 450 سال قبل پیشگوئی "سات ماہ" جنگ فلسطین متصل تیسری عالمگیر جنگ سے غیر اعلانیہ WW.3

زنجانی جنتری 2023ء کے اندیشے پیشگوئی WORLD 2023 تقسیم در تقسیم W.W.3 کا آغاز

بھارت کی SEVEN SISTERS ریاستیں برہمن سے آزادی کیلئے برسرپیکار

یہود و ہنود گٹھ جوڑ عالم افریقی ممالک میں خانہ جنگی، خطرناک وائرس مودی توسیع پسندانہ عزائم، کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالیاں جمہوری استحکام

آیت اللہ خمینی کا تاریخ ساز جملہ ہدیہ کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا تھا کہ آپ دُنیا میں تلاش کرو کہ امریکہ کن ممالک کے ساتھ کھڑا ہے یا پھر کونسے ممالک امریکہ کیساتھ ہیں تو آپ کو وہاں شیطان بزرگ باطل قوتیں ملیں گی۔ مقابل ممالک میں آپکو حق ملے گا۔ انکی بصیرت نے آج یہ بات ثابت کردی ہے۔

07 اکتوبر 2023ء سے یقین میں بدل چکے ہیں۔ غیر اعلانیہ تیسری عالمگیر جنگ شروع ہو چکی ہے۔ جنگ میں حق اور باطل جاننے کے لئے مجھے جنگی حالات اس کے وہ الفاظ یاد آرہے ہیں جب انقلاب ایران کے بعد انہوں نے **امریکہ کو شیطان بزرگ** قرار دیا تھا۔ دوسری جنگ عظیم سے لیکر ابتک امریکہ نے کوریا، ویت نام، افغانستان سے فضول طویل جنگیں لڑی اور شکست کھائی مسلم ممالک لیبیاء، شام، ایران، عراق، یمن میں تباہی بربادی پاکستان امریکہ کی دوستی کے سبب ایک لاکھ جانوں کا نذرانہ پیش کرچکا ہے۔ معیشت کی کمزوری IMF کا جال ہمارے ایٹمی اثاثوں کو رول بیک کے اشارے ملتے ہیں۔

اپنی تمہیدی گفتگو میں ہم درود پڑھتے ہیں۔ اللّٰھم صلّ علی محمدﷺ و آل محمدﷺ عجل فرجہ درود ہو محمدؐ و آل محمدؐ پر اور امام وقت حضرت مہدیؑ آپ جلد تشریف لے آئیں۔ پوری دُنیا عالمی جنگوں اور مشکلات و مصائب کا شکار ہے آپکی جلد تشریف آوری پوری دُنیا کو انصاف سے بھردے گی۔ جس مقصد کے لئے اللہ ذوالجلال والاکرام نے یہ دُنیا بنائی تھی آپؑ ہی حکومت الٰہی ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء چہاردہ معصومینؑ کی حکومت کو قائم فرمائیں گے۔ تب شیر و بکری ایک گھاٹ پر پانی پئیں گے۔ علوم الفلکیات و علم الاعداد کی روشنی میں نئے زائچہ پاکستان میں ستارہ زہرہ نے ڈکٹیٹر شپ آنے میں رکاوٹ ڈالی۔ 2023ء عام الیکشن کرائے جانے کی باتیں زدعام ہیں زائچہ پاکستان میں چھٹے نحس گھر کے حاکم ستارہ زہرہ کی 2023ء میں 30 مئی تا 02 اکتوبر پر اسرار غیر معمولی حرکات، راہو کیتو کا بارہویں چھٹے زائچہ کے حساس درجات پر 28 اگست تا 16 نومبر 2023ء تک رُک جانا اور 14 اکتوبر شمسی گرہن پانچویں میڈیا مقابل نیشنل اسمبلی مستقبل انتخابات انتظام بالا اہتمام میں مشکلات سال کا آخری گرہن 29 اکتوبر بارہویں نحس گھر سیاسی امور کے تسلسل میں بھونچال جیسی کیفیات کی نشاندہی کرتا ہے۔ ستمبر، اکتوبر، نومبر 2023ء کے مہینے سیاستدانوں کیلئے غیر متوقع سیاسی حالات/نگران حکومت/ الیکشن کمشران بننے والے آسمانی کونسل پر ستاروں کی روشنی میں عام انتخابات کب ہونگے یہ حالات طے کریں گے۔ علوم الفلکیات میں 2023ء کا مفرد نمبر 7 بنتا ہے۔ 76 سالہ تاریخ میں نمبر 7 میں ابتک الیکشن نہیں ہوئے اور نہ ہی 2023ء میں الیکشن ہونے تھے۔ تاہم 2024ء کے مفرد نمبر 8 میں الیکشن متوقع دکھائی دیتے ہیں ماضی میں 1997,1988,1970 میں اسی نمبر 8 میں الیکشن ہو چکے ہیں۔

سال نو 2024ء کی عالمی سیاسی پیشگوئیاں کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ اِدھر نئے زائچہ پاکستان (20 دسمبر 1971ء) میں وتد السماء بیت العزت کا حاکم ستارہ زحل 30 سال بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء تک یہاں رہیگا۔ سیاسی نجوم میں اسکی خاص اہمیت یوں ہے کہ ستارہ زحل کو سیاست کا ستارہ سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں قائداعظم محمد علی جناحؒ، ذوالفقار علی بھٹو انکی صاحبزادی بےنظیر بھٹو کے بعد مسلسل خلاء چلا آرہا ہے میاں نواز شریف حکومت نے اندرون ملک بہت سارے ترقیاتی کام کئے مگران پر اور آصف علی زرداری ابتک مسلسل کرپشن کے الزامات کا سامنا کررہے ہیں قوم نے عمران خان کو مسیحا جانا مگر انہوں نے قوم سے جو وعدے کئے ان سے ناتجربہ کاری کے سبب وفا نہ ہو سکے۔ زائچہ پاکستان ستارہ زحل سیاست میں عروج و زوال کا ستارہ دسویں گھر میں اسکی اہمیت بہت بڑھ جاتی ہے۔ بعض سیاسی پنڈت منجمین زحل کی اس پوزیشن کو شیطانی خیال

https:/ / hyderone. com/

کرتے ہیں ہمارے نزدیک زحل یہاں اپنے ذاتی گھر کا حاکم ہو کر لامتناہی مثبت تبدیلیاں اور ملکی طرز حکمرانی کو بدل دیتا ہے زحل اپنے یہاں قیام کے دوران انتخابات جمہوریت نما ڈکٹیٹر شپ تعمیر و ترقی کے نئے دور کا آغاز کردے گا حکمرانی کرنے والے ماضی حال کے بھی طبقات کو اپنے اپنے دور کی کرپشن کا حساب دینے کے لئے عدالتوں کا سامنا رہیگا۔ سیاست دانوں کے طویل در طویل احتسابی مقدمات جیسے ماضی میں دوران مقدمات **P.D.M** کی حکومت کے بہت سارے وزراء اقتدار میں آگئے زائچہ پاکستان دسویں ذاتی گھر زحل کی طاقتور سعد نظرات **10,7,4** اور بارہویں گھروں پر ہونے سے زرعی انقلاب لانے خود کفالت کا نیا سفر شروع کیا جاسکے۔ خارجہ تعلقات پر نظر ثانی ملکی سیاست دانوں کے جھگڑوں میں ٹھہراؤ آپس کے سیاسی معاہدے ہمسایہ ممالک اور سپر پاور سے تنازعات ممکنہ حل کئے جانے کی حکمت بنائی اور ان پر عمل کیا جاسکے ان سے مزید دوستی تجارتی و ثقافتی معاہدے کئے جاسکیں۔ حکومت وقت عوام سے کئے گئے کئی ایک وعدوں کی پاسداری کرے بڑھتی گرانی مہنگائی کے سبب یہ اقدامات بے اثر عوام مطمئن نہ ہوں۔ زائچہ پاکستان اپنے **19** سالہ دور مہادشا زحل **11** دسمبر **2024**ء تا **11** دسمبر **2043**ء تک رہیگا۔ رفتہ رفتہ پرانے سیاسی چہرے منظر عام سے غائب اور ملک سے فرار ہونے لگیں گے اور انکی جگہ نئی اعلیٰ قیادت منظر پر اُبھرے جو ایک نئے جذبہ حب الوطنی کے ساتھ ملک و قوم کی خدمت کا جذبہ رکھے۔ عالمی طور سے **2023**ء کی طرح **2024**ء بھی غیر معمولی سال دکھائی دیتا ہے۔

پاکستان 2024ء:۔ ستارہ زحل کی نئے زائچہ پاکستان میں **17** جنوری **2023**ء تا **29** مارچ **2025**ء تیس سال کے بعد دسویں گھر آمد سیاسی نجوم میں وتد السماء یا دسواں گھر ملک کی عزت، وقار، ترقی، خوشحالی، انتخابات، جمہوریت، ڈکٹیٹر شپ، ملک کی حیات اور عالمی نقشہ پر زندہ جاوید رہنے مضبوط دفاع وطن تہذیب و تمدن فتوحات مشکلات پر قابو پانے اور کامیابیوں سے منسوب ہے۔ جیسا کہ ہم زنجانی جنتری **2023,2022,2021**ء سے عرض کرتے چلے آرہے ہیں۔ معلم ستارہ زحل سیاست کے ساتھ ساتھ سیاست کی حفاظت سیاست میں اندیشے جمہوری اور غیر جمہوری عناصر کا ملک میں جاری سیاست کو سبوتاژ کر کے غیر جمہوری قوتوں مارشل لاء ڈکٹیٹر شپ کی روک تھام کا ستارہ گزشتہ سال سانحہ **09** مئی **2023**ء اندیشہ بروز منگل مارشل لاء لگ جانے کی تلخ یادوں شہداء وطن کے لواحقین اور ہر حساس پاکستانی کو زخم خوردہ کر گیا۔ قارئین اس بات سے واقف ہیں کہ منگل کا دن پاکستان کی تاریخ میں نہایت اہم زائچہ پاکستان **15** اگست **1947**ء کے مطابق طالع برج حمل ستارہ مریخ جو منگل کے دن کا حاکم اسی سبب چار فوجی مارشل لاء منگل کے دن لگے۔ پانچواں مارشل لاء سول مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر ذوالفقار علی بھٹو اور چھٹا جوڈیشل مارشل لاء چیف جسٹس چوہدری افتخار نے یوسف رضا گیلانی کو وزارت عظمٰی سے نکال کر لگایا۔ چھ مارشل لاء بروز منگل کو لگے اور سانحہ **09** مئی **2023**ء بروز منگل بھی مارشل کا دن ثابت ہوتا۔ زبردستی الیکشن کرائے جانے سے خون خرابے الیکشن نتائج کا سیاسی پارٹیوں کی جانب سے عدم اطمینان نتائج عجیب و غریب سیاسی حالات نگران حکومت کی غیر معینہ مدت تک توسیع کی جانب اشارہ ہے۔ "واللہ اعلم" ہم سب ستاروں کی روشنی میں آنے والے ملکی سیاسی حالات کے برعکس دُعا گو ہیں ہمارا ملک لاکھوں جانوں کی قربانی سے قائم ہوا تھا ہم سب کو اپنی آزادی کی قدر کرنے کے ساتھ ساتھ ملکی تعمیر و ترقی کے لئے دُعائیں کرتے رہنا چاہئے یہ ایک خوبصورت اللہ اور اللہ کے رسول کا پسندیدہ عمل ہے۔ مسلمان کا شیوہ پُر امید رہنا اور ہر حال میں شکر بجالانا ہے۔ یہ سب باتیں ہمیں احادیث رسولؐ سے ملتی ہیں۔ اپنی خدمات کے **77** ویں سال میں داخل ہو رہا ہے معرفت امام زمانہؑ کیلئے ہمارا ادارہ بھی ہر سال شائع کرتا ہے۔ اس کی تازہ کاپی پرنٹ شدہ کسی اچھے بک سٹال سے یا ہم سے آئینہ قسمت کے ساتھ علاوہ بھی ہمارا **0304-1121106** سیل فون وٹس ایپ میسج **PDF** کی شکل میں تحفۃً طلب کر سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ

بارہ امامیہ جنتری ®
SUBSCRIBE NOW
PRIZE BOND
آئینہ قسمت
LUCKY NUMBER BOOK
البیرونی تقویم ®
AQ TV
زنجانی TV
ZANJANI
آئینہ قسمت ®
زنجانی جنتری ®

ادارہ بارہ امامیہ جنتری البیرونی تقویم بمعہ انعامی نمبرز آئینہ قسمت میں بھی ہر سال شائع کرتا ہے۔ روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت 77 سال سے ماہ بہ ماہ ہر ماہ شائع ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے سوشل میڈیا چینل فیس بک پر بھی آپ ہمیں فالو کر سکتے ہیں۔

زائچہ پاکستان

48 ثور 01

بتاریخ 20 دسمبر 1971ء راولپنڈی

ورش پھل

32 اسد 19

بتاریخ 20 دسمبر 2022ء اسلام آباد بوقت 22 بجکر 54 منٹ

زائچہ پاکستان میں 2024/2023ء سالانہ ورش پھل کا ثمرہ یوں رہیگا۔

20 دسمبر 2023ء تا 27 دسمبر 2023ء دور کیتو:۔ زائچہ پاکستان میں کیتو کا قیام تیسرے ورش پھل میں دوسرے ہونے سے پڑوسی ممالک سے خارجہ تعلقات میں احتیاط سرحدوں پر دفاع کے لئے افواج کی نقل وحمل خزانے کو اسمگلنگ دیگر خفیہ ذرائع سے ملکی معیشت خزانہ کو کسٹم کے محصولات دیگر ریونیو اداروں **FBR** کے ماتحت محکمہ جات مال گزاری کی آمدن میں ہیرا پھیری کے خدشات اشیاء روزمرہ خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافہ سے عوام الناس مہنگائی کے ہاتھوں پریشان ہوں۔

27 دسمبر 2023ء تا 26 فروری 2024ء دور زہرہ:۔ ستارہ زہرہ زائچہ پاکستان میں طالع کے ساتھ چھٹے سروسز کا مالک سالانہ زائچہ ورش پھل میں تیسرے ملاویہ یوگ بناتے ہوئے طاقتور نویں مشتری یورانس سے مقابل دکھائی دینا مشتری یہاں فطرتی اپنے گھر عدلیہ الیکشن کمشنر کو متحرک رکھے نگران حکومت کو اپنے مینڈیٹ کے مطابق زائچہ ورش پھل میں مریخ، زحل، شمس، مشتری کی مضبوط پوزیشن کے سبب الیکشن کروانے میں آسانیاں رہیں۔ مردم شماری حلقہ بندیوں کے معاملات اپوزیشن کے اختلاف رائے کے باوجود احسن طریقے سے طے ہوسکیں۔ **2023**ء کی آخری سہ ماہی اور **2024**ء کی پہلی سہ ماہی آسمانی کونسل پر ستارہ زحل کی سعد پوزیشن سیاسی یا نگران حکومت ملکی استحکام اور بہتری کے لئے اہم فیصلے کرے سال نو کے آغاز یکم ,**2** جنوری زہرہ زحل تربیع سنجیدہ سماجی سیاسی معاملات میں رخنہ اندازیاں **08** تا **11** جنوری مریخ زحل تربیع رکاوٹوں کے دور ہونے میں مسائل وسائل میں اُلجھاؤ کم ہوسکے۔ **11** تا **14** جنوری مریخ مشتری تثلیث حکومت عوامی اعتماد کے حصول کیلئے صحت مندانہ ماحول صوبوں کی آپس میں بہتر کورڈینیشن پر زور دے سنجیدہ سیاسی معاملات پر عدم توجہ مریخ راہو تربیع **29,28,27** جنوری بننے سے سیاسی تنازعات سلجھتے سلجھتے پھر اُلجھ سکتے ہیں۔ سیاست دانوں کو ملکی تعمیر وترقی کیلئے جذبہ ایثار وقربانی کو اپنانا ہوگا۔

26 فروری 2024ء تا 16 مارچ 2024ء دور شمس:۔ زائچہ ورش پھل میں شمس اپنے فطرتی اور دوست کے برج قوس میں طاقتور جبکہ شمس، مشتری آپس میں گھر گھر بندھن یوگ بنائے ہوئے رہیں۔ اہم سیاسی سماجی اسٹیبلشمنٹ سے وابستہ شخصیات ملکی تعمیر وترقی میں اپنے حصہ کا اہم کردار ادا کریں گلف ممالک دوست سپر پاور خصوصاً چین کی اندرون ملک سی پیک پروگرام میں سرمایہ کاری نئے صنعتی زرعی ترقیاتی منصوبوں میں تیزی آنے سے روزگار کے مواقع بڑھیں صنعت وحرفت کا پہیہ پھر سے رواں دواں ہو جس سے ملکی برآمدات میں اضافہ اور سی پیک چین تا گوادر کے راستے تجارتی قافلوں کی

آمد کا سلسلہ جاری و ساری ہوگا۔ قومی تفریحات، تعلیم، ادب، فنون لطیفہ پر خاص توجہ دی جائے کاروباری اعتماد بحال ہونے پر سٹاک ایکسچینج بازار حصص کی قیمتوں میں اضافہ عام عوام کا رجحان لاٹری سٹہ انعامی بانڈز نیشنل سیونگ کی اسکیموں کی جانب بڑھے گا۔

16 مارچ 2024ء تا 15 اپریل 2024ء دور قمر:۔ ورش پھل کا قمر بارہویں نحس گھر کا حاکم ہو کر آٹھویں نحس گھر ہمراہ راہو کا ہونا دیگر زائچہ میں زہرہ، مریخ، شمس، زحل، مشتری کا سعد اور اچھے گھروں میں طاقتور ہونا ملک دشمن تمام سازشوں کو کچل دینے کیلئے دفاعی ادارے متحرک رہیں۔ دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے سبھی ادارے آپس میں ملکر موثر کردار ادا کریں۔ دور قمر میں زلزلے، طوفان، سیلاب، آگ یا تخریب کاری کے واقعات کسی اہم شخصیت کا صدمہ مجموعی طور سے یہ ملک و قوم ملت کیلئے جاری مشکلات پر قابو پانے اور عوام کو ریلیف ملنے اندرون ملک مزید تیل، گیس، معدنیات کے ذخائر سونا چاندی جپسم ملنے کی نوید بھی سننے کو ملے گی۔

15 اپریل 2024ء تا 06 مئی 2024ء دور مریخ:۔ زائچہ ورش پھل میں مریخ وتد الارض پر طاقتور رہا کہ یوگ بنائے ہوئے ساتویں بیٹھے عروج یافتہ زحل کی اس پر مکمل نظر ہے۔ مریخ (افواج) زحل (سیاست) یوں بھی **2024**ء کا مفرد نمبر 8 زحل سے منسوب زحل زائچہ پاکستان میں **2024**ء عروج یافتہ ہونے سے حکومت و فوج سے ملکر گزشتہ سال سبز انقلاب کا جو نعرہ لگایا آسمانی کونسل پر ستاروں کا نقشہ اس زرعی سبز انقلاب کی عملی تفسیر دکھائی دیتا ہے۔ اندرون ملک مزید زرعی ترقیاتی ادارے یونیورسٹیوں کا قیام دوست ممالک سے زرعی ایجوکیشنل ٹیکنالوجی کا حصول کسانوں کو کھاد بیج سولر انرجی ٹیوب ویل لگانے کے لئے مزید آسان شرائط پر قرضے ڈیری فارمنگ افزائش فش فارمنگ زرخیز علاقوں کے ساتھ ساتھ بنجر زمینوں پر کاشت کاری درختوں کی قلم کاری پھل پھولوں کے نئے نئے علاقوں میں باغات ارض وطن کو سبز انقلاب کی جانب لیکر جانے کا اشارہ گندم جوار مکی چاول اور کپاس کی ریکارڈ فصل ہو۔ اندرون ملک فوڈ کنٹرول اداروں کے نظام کو بھی منظم اور موثر کمپیوٹرائزڈ بنا کر صوبوں اور اندرون ملک خوراک کی ترسیل کو بہتر بنایا جائے گا۔ حکومت اور سوشل ادارے پناہ گاہ جیسے مزید ادارے غرباء کیلئے لنگر تبرک کے کئی ایک سبیل سنٹر قائم کئے جائیں گے۔

06 مئی 2024ء تا 30 جون 2024ء دور راہو:۔ زائچہ ورش پھل میں راہو آٹھویں دفینے وراثت دوست ممالک سے مشترکہ مفادات کے منصوبے مقابل کیتو ملکی معیشت کے گھر ہونے سے (راہو کیتو کی علم نجوم میں مثال اژدھا جیسی ہے یہ جو منہ سے کھاتا ہے مقابل نکال دیتا ہے) اور **2024**ء ستاروں کی سالانہ ورش پھل اور زائچہ پاکستان میں سعد پوزیشن اندرون ملک متعدد جگہوں سے معدنیاتی ذخائر ملنے سے ملکی معیشت میں اضافہ ان ملنے والے ذخائر کے فوائد مرکز اور صوبوں میں منصفانہ تقسیم کو بھی بہتر بنانے سے سیاسی اختلافات سے بچنے ملکی تعمیر و ترقی کے جاری عمل کے احتساب کو یقینی بنانا **2024**ء سبز انقلاب کی کامیابی کیلئے ضروری ہوگا۔

30 جون 2024ء تا 18 اگست 2024ء دور مشتری:۔ زائچہ ورش پھل میں ستارہ مشتری نویں اپنے فطرتی گھر مول ترکون کی قوت لئے ہوئے طالع برج اسد پانچویں اپنے دوست بادشاہ فلک شمس کو سعد ناظر ہے۔ ملکی قوانین کی عملداری کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ قاضی کورٹس، یونین کونسل، جامع مساجد یا مرکزی پولیس اسٹیشن میں فوری انصاف کورٹس بنائے جانے کی تجویز زیر غور تا کہ عوام کو جلد اور سستا انصاف بروقت مل سکے۔ شریعت کورٹس کے اہم فیصلے مستقبل کے بہتر عوامی انصاف کا تصور ابھارے وزارت مذہبی امور حج وعمرہ مقدس مقامات کی زیارات پر زائرین کو ویزا سفری سہولتوں میں آسانیاں پہنچائیں۔ مشائخ علماء اکرام کی خدمات بین المذاہب اور اندرون ملک امن کمیٹیاں کو اتفاق و محبت اخوت بھائی چارہ قائم و بحال رہنے کے لئے ذمہ داریاں ایام صیام و محرم میں سنبھالنی ہونگی۔ ملکی برآمدات بڑھانے کے لئے حکومت وقت ٹیکسٹائل، سپورٹس کھیلوں کے سامان، آلات سرجری، اجناس، مال

مویشی، گوشت، مچھلی، جھینگے، پھل سبزیوں کی برآمدات میں حوصلہ افزائی جبکہ خصوصاً آٹو مکینکل، الیکٹرانک، کاسمیٹک، سگریٹ وغیرہ کی حوصلہ شکنی از بس ضروری ہو متعلقہ محکموں کو چوکس رہتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں سنبھالنی ہونگی۔ سائنس ٹیکنالوجی کی خود کفالت کے ساتھ ایٹمی ری ایکٹر کی حفاظت سمندری ہوائی سفر کرنے والوں کے لئے تجارت سفر اور ویزا پالیسیوں کو آسان بنایا جائے دوست ممالک کے تجارتی ثقافتی معاہدے آمدورفت کا سلسلہ سارا سال وقفہ وقفہ سے اور دور مشتری میں فعال دکھائی دیتا ہے۔

18 اگست 2024ء تا 15 اکتوبر 2024ء دور زحل:۔ ورش پھل زائچہ میں زحل 30 سال بعد چھٹے ساتویں کا مشترکہ حاکم ہو کر ساتویں عروج یافتہ اپنی نشست کے اعتبار سے زحل، مریخ، مشتری، شمس اور زہرہ راج یوگ سعد اور طاقتور پوزیشن میں ہونے سے 2024ء ابتداء سال سے ہی ملکی خارجہ امور میں مثبت تبدیلیاں دوست ممالک کے ساتھ تجارت ثقافت کا حجم بڑھے سپر پاورز سے اعتدالی تعلقات جغرافیائی لحاظ سے چین، روس، ایران، گلف ممالک سے تعلقات میں بہتری بحالی اور اعتماد بڑھے روس کے علاوہ ایران سے بھی انرجی کرائسس تیل، گیس، ایل پی جی کی ضروریات کا حصول آسان ہو سابقہ امریکی دباؤ کے برعکس ہمسائیہ ممالک ایران کے ساتھ بھارت سے بھی تجارتی روابط کو بہتر و بحال کیا جائے۔ بہتر خارجہ تعلقات سے غیر ملکی جھگڑے تنازعے خصوصاً بھارت سے بھی بہتری بحالی ممکن ہو سکے۔ پاکستان کی جانب سے بھارت کو سی پیک میں شمولیت کی دعوت دکھائی دیتی ہے۔ ہر دو ممالک کے لئے اس میں کار خیر دکھائی دیتا ہے۔

15 اکتوبر 2024ء تا 05 دسمبر 2024ء دور عطارد:۔ قومی تفریحات ایجوکیشنل انسٹیٹیوٹ پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک خبر رساں ادارے یوٹیوب، فیس بک، انسٹاگرام اور انہی جیسے خبر و تفریح مہیا کرنے والوں پر تعمیری تنقید کے ساتھ ساتھ انکی حوصلہ افزائی اور محکمہ اطلاعات ونشریات ان کیلئے اخلاقی ضوابط اور انکی رجسٹریشن پالیسی بنائے عطارد کا پانچویں آنا پترا یوگ انعامی اسکیموں میں عوام الناس کی دلچسپیاں بڑھیں نیشنل سیونگ ادارہ بھی نئی بچت اسکیمیں متعارف کرانے کیساتھ نئے نیشنل پرائز بانڈز کا اجراء بھی ممکن دکھائی دیتا ہے۔ اخبارات، صنعت کو مالی بحران سے نکالنے کیلئے حکومت کا تعاون بڑھے۔

05 دسمبر 2024ء تا 20 دسمبر 2024ء دور کیتو:۔ ورش پھل میں کیتو دوسرے ملکی معیشت پر غیر ضروری بوجھ کو کم کرنے میں مددد ے اور دوست ممالک سے مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کام سی پیک، تجارت، ثقافت سے غیر متوقع فوائد کیتو 10,6 گھروں کو ناظر ہونے سے حکمران طبقہ عوامی واپوزیشن دباؤ کے سبب اپنے اضافی انفرادی حکومتی شاہ خرچیوں کو کم کرنے کی طرف متوجہ اور حکومتی تعمیر و ترقی کے کاموں کی طرف متوجہ ہوں۔

زائچہ ورش پھل آسمانی کونسل پر سورج و چاند گرہن 2024ء کے اثرات

25 مارچ چاند گرہن زائچہ پاکستان کے دوسرے ملکی معیشت کے گھر لگنے سے معیشت پر غیر ضروری بوجھ کو کم کرنے کیلئے حکومت وقت کو حکومت کے اندر سخت ملکی مفاد کے حق میں فیصلے کرنے ہونگے ایوان بالا اور مقننہ کے اداروں میں غیر معمولی اچانک تبدیلیاں اخباری صنعت الیکٹرانک میڈیا پر تنقید اور احتساب کا دائرہ سخت پریس پر کچھ ضابطہ اخلاق نام کی پابندیاں لگ سکتی ہیں۔ کاشتکاروں کو وعدے کے مطابق حکومت نے بروقت سہولتیں نہ پہنچائیں تو یہ ایک خوفناک سازش ملکی پیداوار ضروریات میں عدم توازن کا باعث بنے۔ **08** اپریل سورج گرہن آٹھویں لگنے سے سمندر اور دریاؤں میں طغیانی کیمیکل زہریلے مادے شامل ہونے سے ماہی گیری وسعت کے برعکس مچھلیوں کی افزائش کو نقصان کے خدشات اندرون ملک جرائم ڈکیتیاں، ریپ، تشدد کے واقعات اچانک بڑھیں۔ **18** ستمبر چاند گرہن پھر آٹھویں لگنے سے اہم مذہبی شخصیات علماء کے صدمات سے ملت افسوس میں ہو بعض شر پسند فرقہ وارانہ فسادات کی آگ

بھڑکانے کی کوشش کریں وزارت داخلہ کو چوکس رہنا ہوگا۔ 02 اکتوبر دوسرے سورج گرہن خرابی موسم آندھیاں طوفان سائیکلون اشیاء خوردونوش کی سپلائی منظم نہ ہونے سے مہنگائی عوام میں بے چینی ہنگامہ آرائی اچانک مہلک وباؤں اور امراض سے بچوں اور بڑوں میں تشویش آنتوں یا پیٹ کے امراض کے خدشات ہسپتالوں میں ایمرجنسی کیفیت رہے۔

بھارت:۔ایک ارب 40 کروڑ آبادی میں مسلمان، سکھ، مسیحی، بدھ مت، جینی اور دیگر اقلیتوں کے ساتھ نچلی اور اعلیٰ ذات کے ہندو کی واحد ہندو سکولر ملک پاکستان کا ہمسایہ ملک مبارکباد کا مستحق جس نے زمین سے جا کر چاند کو فتح کرنے کی کامیاب کوشش کی بھارت سرکار کاش اندرون بیرون ملک اقلیتوں پر ہونے والے مظالم بند کرائے تو عالمی برادری سے بھی مبارکباد وصول کر سکتا ہے۔ مودی سرکار کے دور میں نسلی امتیازی سلوک اور اقلیتوں پر نامعلوم وقت تک مظالم کا سلسلہ جاری رہا تو چاند سے پسپائی اور بھارتی اتحاد بکھر سکتا ہے۔ جسکی ابتداء خالصتانی لیڈر کا کینیڈا میں افسوسناک قتل سے ہو چکی ہے۔ 2024ء مفرد نمبر 8 معلم ستارہ زحل کا نمبر ہے زحل کا 30 سال بعد وتد السماء بیت العزت کے گھر 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء تک رہنا بھارت کے عالمی وقار عزت میں اضافہ لائیگا۔ معلم ستارہ جہاں عزت و وقار عطا کرتا ہے وہاں سیاستدانوں کا احتساب مودی سرکار کے کارنامہ سے ہٹ کر آئندہ الیکشن سے قبل ایک بڑا اپوزیشن اتحاد عمل میں آنے سے مودی سرکار کے دوبارہ چناؤ میں آزمائش لائیگا بھارت تیسرے گھر کی دس سالہ مہادشا قمر کے انتر دشا زہرہ سے 12 جولائی 2023ء تا 11 مارچ 2025ء سے گذر رہا ہے۔ زہرہ جہاں طالع کا حاکم وہاں چھٹے نحس گھر برج میزان کا بھی مشترکہ حاکم ہے۔ ملک کی عزت وقار میں جہاں اضافہ اور اسکی آئی ٹی انفارمیشن ٹیکنالوجی، زرعی، عسکری ترقی، بین الاقوامی مشترکہ مفادات کے عالمی فورمز پر عزت و شہرت ملکی ساکھ میں بھی اضافہ وہاں چھٹے نحس گھر کے منسوبات اندرون صحت، خوراک، لیبر ٹریڈ زیونین، ملکی بری بحری افواج کے دشمن و ہمسایہ ممالک کے ساتھ تنازعے سرحدی جھڑپیں خطہ کے ساتھ ساتھ عالمی کشیدگی کا باعث بنیں دسویں رہتے ہوئے زحل 10,7,4 اور بارہویں اہم گھروں کو پورا سال ناظر رہے۔ حکومت اپوزیشن اور اقلیتوں کو دبانے کیلئے ہر جائز و ناجائز حربہ اختیار کرے۔ بھارت کی Seven Sisters ریاستوں کے عوام اونچی ذات برہمن سے نجات کے لئے کوشاں رہیں۔ حکمران مودی سرکار کی سیاسی سرگرمیاں 2024ء ابتداء سال سے اچانک مزید بڑھ جائیں متوقع الیکشن مئی 2024ء زحل کے دسویں گھر میں 30 سال رہنے سے مودی سرکار اپنا سیاسی تسلسل بحال رکھنے میں کامیاب ہو سکے۔ B.J.P v/s کانگریس پر سیاسی برتری قائم رکھنے کی دھن میں صبح و شام مگن رہے اور انجام کار اپنے سیاسی مقاصد عام عوام کو نئے وعدوں کے ساتھ ووٹ بینک بہتر بنانے میں اپنے مقاصد کی تکمیل کیلئے کوشاں رہے۔ انٹرنیشنل میڈیا یا بھارت سرکار کے مظالم کو اُجاگر کرتا رہے۔ مودی سرکار آئندہ عام چناؤ میں کامیابی کیلئے ملک و قوم کو بھی آزمائش میں ڈال سکتے ہیں۔ ملک دشمن علیحدگی پسند تحریکیں کھل کر حکومتی مظالم کو عالمی میڈیا پر آشکار کرتی رہیں۔

https:/ / hyderone.com/

بھارتی زائچہ میں کچھ اہم تواریخ:۔

25 مارچ پانچویں چاند گرہن حساس درجات پر لگنے سے تفریحی مقامات دہشت گردی کی زد میں رہیں جرائم کی شرح اچانک بڑھ جائے اقلیتوں کے ساتھ مظالم اندرون ملک افواہوں کا بازار گرم رہے۔ فلم، ڈرامہ کی اہم شخصیات بھی متاثر ہوں۔ 08 اپریل سورج گرہن پارلیمنٹ کے گھر ہونے سے ممبران پارلیمان کی بے چینی انکی خرابی صحت حکمت کے خلاف زبردست تنقید ملکی عزت و وقار میں کمی ملکی تعمیر و ترقی کے کاموں میں رکاوٹ دوست ممالک سے تجارتی کاروباری معاہدے متاثر ہوں۔ 18 ستمبر چاند گرہن ایک بار پھر پانچویں لگنے سے فلم آرٹ ڈراموں کے شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات پر آزمائش بچوں سے متعلقہ شرح جرائم میں اضافہ خواتین کے اغواء ریپ کے سنسنی خبریں عوام کا رجحان ریس، سٹہ، لاٹریز میں بڑھے سٹاک شیئرز کا کاروبار بھی بری طرح

اُتار چڑھاؤ کا شکار رہے چھوٹے بچوں میں اچانک دباؤ بڑھنے کا خدشہ۔ 02 اکتوبر سورج گرہن کے ناقص اثرات پارلیمنٹ (لوک سبھا) کے ممبران کو سختی کا سامنا کرنا پڑے حکومت اپوزیشن کے مابین سخت سیاسی الزامات جنگ حکومت کے خلاف عدم اعتماد لانے کی کوششیں کی جائیں۔

کشمیر:۔ مقبوضہ جموں و کشمیر کا سلگتا کشمیریوں کا دکھ UNO کی ابتک کی جانب سے بے اُمید و بے کسی کا منظر پیش کرتا ہے۔ ہیومن رائٹس واچ کی رپورٹ کے علاوہ امریکی اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ کی شائع کردہ رپورٹ بھارتی وزیر مملکت داخلہ اجے کمار کی سینٹ میں سرکاری دستاویزات کے دس ہزار سے زائد کشمیری خواتین، کم عمر بچیوں سے زیادتی اور ان کا غائب ہو جانا بھارتی ترقی کے منہ پر طمانچہ ہے۔ سیکولر ریاست ہونے کا دعویٰ کرنے والی مودی سرکار اپنے دیس کو صرف اور صرف ہندو ریاست بنانے پر یقین رکھتی ہے۔ اسی سبب اقلیتوں پر ہر ظلم کی کھلی چھٹی ملی ہوئی ہے۔ امیر المومنینؑ کا فرمان ہے ’’کفر شرک کی حکومتیں دُنیا میں قائم رہ سکتی ہیں مگر ظلم کی حکومتیں ختم ہو جایا کرتی ہیں۔‘‘ مسئلہ کشمیر کا التواء سلامتی کونسل UNO کی قراردادوں کی نفی ہے۔ تبھی UNO کے نرم رویہ کے سبب 05 اگست 2019ء کشمیر کی آئینی حیثیت ختم کر کے اسے سٹیٹ یونین میں شامل کر لیا۔ منجمین کے نزدیک کشمیر کا زائچہ 22 اکتوبر 1947ء بوقت 13 بجکر 22 منٹ سری نگر ممکن ہے۔ جدوجہد آزادی کشمیری عالمی سیاست کی نذر ہو چکا ہے۔ استبداد میں جکڑی مظلوم قوم وادی کشمیر بھارتی جارحیت نے مقبوضہ وادی کو عقوبت خانے میں تبدیل کر رکھا ہے۔ کیا غزوہ ہند حضرت نعمت شاہ ولی اللہ پیشن گوئی کا وقت آن پہنچا ہے؟ ستارہ زحل 30 سال کے بعد زائچہ کے دوسرے اپنے ذاتی فعلی برج میں 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء رہتے ہوئے کشمیری کی تقدیر کا آبرومندانہ حل ممکن ہو سکے گا۔ بھارت کے ساتھ الحاق کی جعلی دستاویزات کی تحقیقات U.N.O کے تحت بھی ہونی چاہئیں۔

افغانستان:۔ عالمی نقشہ پر نگاہ ڈالیں تو غیور عوام نے آج تک کسی غیر قوم کی غلامی قبول نہیں کی۔ پاکستان اس کا برادر ہمسائیہ ملک افغان قبضہ روس سے نجات کے لئے امریکہ نے پاکستان سے مدد لی۔ اور پھر 9/11 کے بعد طالبان کی حکومت ہٹانے میں امریکہ کی مدد کی نتیجۃً چالیس لاکھ یا اس سے بھی زیادہ افغان مہاجرین پاکستان شفٹ ہوئے جن کی آج دن تک برادرانہ خدمت کا سلسلہ جاری تمام افغان ٹریڈنگ بھی اس راستہ سے ہوتی ہے۔ ہمسائیہ ملک پاکستان نے افغانیوں کی خاطر ایک لاکھ جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور اپنی معیشت بھی کمزور کر بیٹھا ہر طرح کے حالات و واقعات جانتے ہوئے افغان مہاجرین کی پاکستان سے واپسی کا سلسلہ 2024ء میں بھی جاری رہیگا۔ طالع برج سنبلہ زائچہ افغانستان کی روشنی میں طالبان افغان حکومت کے سبھی سیکورٹی فورسز پولیس اور سبھی محکموں کو مضبوط کیا جائے گا۔ ستارہ زحل چھٹے 29 مارچ 2025ء تک رہتے ہوئے زحل 12,8,6,3 گھروں کو ناظر صحت عامہ، تعلیم، تجارت، سپورٹس، مہاجرین کی وطن واپسی اور انہیں بسانے کے مثبت انتظامات ملکی تعمیر و ترقی کا ایک نیا دور شروع ہو گا۔ ملکی دشمن سازشیں بے نقاب اور ان پر قابو پایا جائے گا۔ اندرون اور بیرون ملک روزگار کے بہتر مواقع تلاش کرنے کیلئے جواں نسل کی بھرپور مدد و معاونت حکومت کرے۔ ستارہ مشتری بارہ سال کے بعد آٹھویں رہتے ہوئے یکم مئی 2024ء کو نویں ایک سال کے لئے آجائے گا پرانے اور نئے معدنیات کے ذخائر کی تجارت سے ملکی معیشت مضبوط ہو زلزلے اور ناگہانی واقعات جنوری، فروری، مارچ، اپریل تک خدشات تاہم ان نتیجہ کے طور پر نئے معدنیاتی ذخائر ملیں۔ ستارہ مشتری یکم مئی 2024ء تا 14 مئی 2025ء تک بارہ سال بعد اپنے فطرتی گھر آنے سے ملکی قوانین عدل و انصاف میں بہتری مقدس مقامات مساجد کے ساتھ ساتھ اقلیتی رفاہ عامہ شرعی عدالتوں کے قیام میں مؤثر اضافہ کیا جائے طالبان حکومت سب سے زیادہ اپنی خارجہ پالیسی پر توجہ دے ون روڈ ون بیلٹ میں دوست ممالک کے ساتھ ساتھ چین سے کئی ایک نئے تجارتی ثقافتی معاہدے ملک کے خلاف سازشوں کا خاتمہ ہمسائیہ ممالک چین، ایران، پاکستان سے خارجہ تعلقات میں مزید بہتری اندرون ملک امن و امان کی صورت کو بہتر بنانے کی طرف خصوصی توجہ

سے خود افغانستان اور ہمسائیہ ممالک میں بھی امن تجارت ثقافت کا حجم بڑھے اندرون ملک معدنیات سے سونا، پیتل، ماربل اور اعلیٰ کوالٹی کی بیٹریاں بنانے کی جن میں سولر انرجی بیٹریاں بنانے کی فیکٹریاں لگیں فروٹ اور ڈرائی فروٹ کی تجارت کا معیار بڑھے۔ افغان عوام کو صحت وتندرستی حفظان صحت خصوصاً زچہ وبچہ خواتین میں اپنی صحت کے خیال رکھنے کا شعور اُجاگر کرنے ملکی افواج بیوروکریسی کا انٹرپول تفتیشی اداروں کے ساتھ تعاون بڑھے گا۔ **2025,2024**ء طالبان افغان سرکار عوامی فلاح وبہبود کے لئے کوشش جاری رکھے گی۔

چین:۔ ایران سعودی عربیہ کی **2023**ء میں دوستی کروانا چین کا سنہری کارنامہ تاریخ میں لکھا جائے گا۔ عالمی سپر پاور روس سے دوستی روس کی شمالی کوریا سے دوستی بین الاقوامی اعلیٰ خارجہ پالیسیوں کی بدولت امریکہ اور **NATO** اتحادی ممالک **2024**ء میں مجبور ہونگے۔ کہ وہ بھی عالمی امن اور تجارت میں اپنا کردار ادا کریں۔ اور یہ سہولت انہیں چین فراہم کرسکتا ہے۔ چین اپنے زائچہ کی **20** سالہ مہادشا زہرہ میں **25** نومبر **2023**ء تا **25** نومبر **2043**ء رہتے ہوئے عالمی تجارت کا رُخ بدل دے گا۔ ستارہ زہرہ زائچہ کے دوسعد گھروں پانچویں گیارہویں کا مشترکہ حاکم اور یوں بھی ستارہ زحل طالع دوسرے کا مشترکہ حاکم ہوتے ہوئے **29** مارچ **2025**ء تک ملکی معیشت کے گھر رہے ستارہ زہرہ جسے اہل ہنود لکشمی دیوی دولت سے تعبیر کرتے ہیں۔ فطرتی طور سے یہ سونا چاندی ہیرے جواہرات سے منسوب ستارہ چین کو عالمی معیشت میں نمایاں پوزیشن پر لے آئے گا۔ **20** سالہ دور زہرہ عالمی تجارت معدنیاتی ذخائر جدید الیکٹریکل، مکینکل اشیاء اور نسوانی وڈنیاوی حسن وزیبائش کی رنگارنگ دُنیا کی زیبائش کے لئے نئے نظریات بزنس سے متعارف کرانے کے ساتھ ساتھ عالمی امن کے لئے بھی کوشاں رہے۔ **2024**ء میں پاک چین سی پیک منصوبہ مکمل ہوکر اپنی تجارتی سرگرمیاں بحال کردیگا۔ **2024/2023**ء زائچہ کی سب سے اہم نشست ستارہ زحل جو طالع (قوم) اور دوسرے (معیشت) کا مشترکہ حاکم ہوکر **30** سال کے بعد **17** جنوری **2023**ء تا **29** مارچ **2025**ء اپنے ذاتی فعلی برج دلو میں رہیگا۔ زحل حکومت عالمی سیاست بین الاقوامی حفاظت واندیشے، کان کنی ملکی زراعت، باغبانی، مال مویشیوں کی افزائش کے علاوہ عمومی طور سے عروج وزوال کا ستارہ مانا جاتا ہے۔ عالمی ممالک میں چین کی بڑھتی ہوئی عزت وساکھ تجارت وثقافت عالمی تناظر میں سپر پاور دوست ملک روس اور دشمن ملک امریکہ سے بڑھ کر عسکری میدان میں اپنے ٹارگٹ کے مطابق اعلیٰ کامیابیاں حاصل کرسکنے میں کامیاب ہوسکے گا۔ زحل جہاں ملکی معیشت میں اضافے کا باعث بنے۔ وہاں عسکری جنگی اخراجات میں بھی اضافہ کا سبب بنے گا۔ ملکی معیشت کی مضبوطی سے چائنہ کا برسوں کا خواب ڈالر کے مقابلے میں اپنی الگ کرنسی متعارف کرنے میں کامیاب ہوسکے زائچہ کے چوتھے یورانس، راہو، عطارد، شمس وقمر اور ستارہ مشتری بھی **22** اپریل **2023**ء تا یکم مئی **2024**ء تک کے لئے یہاں آجائے گا۔ پانچ اہم کواکب کا چوتھے آنا غیر متوقع تبدیلیوں کا باعث بنے۔ موسمی تبدیلیوں سے زراعت باغات میں بہتری اندرون ملک دفاع کو مزید مضبوط کرنے اہم انتظامی عہدوں پر میرٹ پر تعیناتی ملکی تحفظ ودفاع سمندری فضائی حدوں میں تیز رفتار مضبوط دفاعی نظام دفاع وطن کے لئے دشمن ملک کو اس کے بد ارادوں میں شکست کا سامنا رہیگا۔ دُور مار میزائل ٹیکنالوجی سمندری بحری بیڑے فضائی برتری خصوصاً ڈرونز کی بڑے پیمانے پر تیاری جدید ٹیکنالوجی سے دفاع وطن کو مضبوط اندرون ملک اور دوست ممالک میں تجارتی ثقافتی نمائندوں کی آمد کا سلسلہ وقفہ وقفہ سے جاری رہے۔ **25** مارچ چاند گرہن، **02** اکتوبر سورج گرہن خارجہ تعلقات میں آزمائش لائے۔ **08** اپریل سورج گرہن اور **18** ستمبر چاند گرہن ہمسائیہ ممالک خصوصاً بھارت سے عسکری محاذ آرائی کے خدشات بڑھ جائیں گے۔

امریکہ:۔ سپر پاور تحقیقی زائچہ طالع برج سرطان کے مطابق عالمی واندرون ملک سیاسی گھمبیر حالات سے گذر رہا ہے۔ طالع پیدائشی سے ستارہ یورانس

بارہویں نحس گھر پر قابو ستارہ یورانس آسمانی کونسل پر اپنے 84 سالہ سرکل میں ایک برج میں سات سال قیام کرتا ہے۔ یورانس 27 جون 2016 تا 19 مئی 2025ء تک وتد السماء دسویں سربراہ مملکت ملکی عزت وقار کے گھر غیر معمولی اپنے نو سالہ قیام کے دوران رجعت استقامت سے 10,9 اور گیارہویں گھروں کو اپنی نحوست سے متاثر کیا سابقہ صدر ٹرمپ نے عدلیہ قانون وائٹ ہاؤس کے دکھنے عالمی عزت کو متاثر، یورانس نے یہاں اپنے غیر معمولی قیام جبکہ اسکا قیام عموماً ایک برج میں سات سال کا ہوتا ہے جگ ہسائی ملکی عزت وقار کو داؤ پر لگا دیا۔ موجودہ صدر بائیڈن نے NATO کو ملا کر روس کے مقابل یوکرائن کی عسکری مدد کر کے دُنیا کو آزمائش میں ڈال دیا۔ نحوست کے سائے 19 مئی 2025ء تک منڈلاتے رہیں گے۔ اس کے ہاتھ سے سپر میسی نکل جائے گی۔ غلط عسکری پالیسیوں سے NATO میں پھوٹ کا باعث صدر کی خرابی صحت حیثیت وشخصیت کے متاثر ہونے کا اندیشہ آسمانی کونسل پر 17 جنوری 2023ء عروج وزوال کا ستارہ زحل زائچہ کے آٹھویں نحس گھر اپنے فعلی برج دلو میں 29 مارچ 2025ء تک رہیگا۔ سپر پاور عسکری لحاظ سے مضبوط ترین U.S.A کے منحوس گھر میں آکر زحل 8,5,2 اور 10 ویں گھروں پر اپنی نحوست بری نظروں سے متاثر کرے گا۔ 2025,2024ء زحل کی نحوست عالمی جنگجو اور ناگہانی اخراجات ملکی معیشت پر بری طرح اثر انداز ہوگی ڈالر ان تین سال میں عالمی مارکیٹ میں بتدریج اپنی قدر کھودے گا۔ عالمی جنگوں میں عوام کے ٹیکس کے پیسوں کا غلط استعمال عوامی سیاسی سخت تنقید کا نشانہ آئندہ الیکشن اور اس سے قبل بھی بنایا جاتا ہے۔ کئی ایک ممالک بین الاقوامی تجارت میں ڈالر سے الگ ہو جائیں گے۔ 25 مارچ چاند اور 02 اکتوبر سورج گرہن اندرون ملک ٹریفک، فضائی، خلائی حادثات خارجہ پالیسی میں ناکامیاں NATO اتحادیوں میں بے چینی 08 اپریل سورج گرہن، 18 ستمبر چاند گرہن چھوٹے ایٹمی ریکٹر تجربات عسکری، بری، بحری، فضائی نقصانات 800 سے زیادہ دُنیا میں پھیلے ہوئے اڈوں میں کمی ملکی معیشت میں کمزوری اہم سیاسی شخصیات کو کرپشن پر سزائیں دی جائیں۔

دیگر ممالک: ۔عالمی غیر متوقع واقعات ستارہ یورانس سے منسوب 84 سالہ آسمانی کونسل میں اپنے سرکل میں اسکا قیام عموماً سات سال ایک برج میں ہوتا ہے علم فلکیات کائنات کی ابتداء برج حمل سے ہوئی اپنی نئی شروعات برج حمل میں اسکا **غیر معمولی قیام 08 اپریل 2017ء تا 19 مارچ 2025ء تک لمبا قیام 9 مرتبہ اسکی رجعت واستقامت** برج حمل میں ہونے سے اس نے ایک نئی بے چین دُنیا کو جنم دیا ہے۔ 2024ء قدرتی آفات کا جنوبی ایشیا اور ہندوکش، ہمالیہ موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے خطے ہیں۔ جنوبی ایشیا اور ہندوکش، ہمالیہ خطے میں زراعت توانائی اور پانی کے شعبوں میں دباؤ کے کلیدی محرکات میں آبادی میں اضافہ، تیزی سے شہروں کے پھیلاؤ، غیر پائیدار زرعی اور صنعتی طریقے، کمزور انتظامی معاملات، ماحولیاتی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلی شامل ہیں۔ سپر پاور زامریکہ، روس، چین کی آپس کی سپر میسی کے پس پردہ یہودی زیونسٹ جنہوں نے سو سال قبل یہودی ریاست اور اب پوری دُنیا کا میڈیا اور معیشت کنٹرول کر رکھی ہے۔ انکی سرپرستی امریکہ اتحادی نیٹو (NATO) 31 ممالک 2022ء سے ابتک یوکرائن کو اپنے اندر شامل نہ کر سکے 2024ء میں نیٹو ممالک میں پھوٹ اہم ممبر ممالک ترکی، برطانیہ، جرمنی، اٹلی، یونان، فرانس، ناروے، پولینڈ اور کینیڈا کے اختلافات کھل کر سامنے آنے سے نیٹو اتحاد کمزور ان ممالک کے عوام میں جنگ وجدل سے امن کا شعور بیدار ہو۔ ان اندرون ممالک بیروزگاری مہنگائی کے اثرات سے نمٹنے کے لئے ممالک کا آپس میں تعاون تجارت ثقافت سیر وسیاحت کے شعبوں میں تعاون بڑھے گا۔ یورپ میں انرجی کرائسس مہنگائی اور سیاسی لیڈران کی بڑی غلطیاں کرپشن کے اسکینڈل اُبھریں۔

از تحریر: علامہ سیّد گلفام علی حسینی، لاہور

جفری پیشگوئیاں

جمعرات	17	13	3	25	06:07	17:28	حمل 15/50	اسونی/شرطین 15/50	نیک	نماز فرض ہوئی 1ھ
جمعہ	18	14	4	26	06:08	17:27		بھرنی/بطین 12/56	نیک	کوفہ میں قیام حضرت مختارؒ
ہفتہ	19	15	5	27	06:09	17:26	ثور 15/40	کرتکا/ثریا 10/16	نحس	
اتوار	20	16	6	28	06:09	17:25		روہنی/دبران 08/01	میانہ	عرس نظام الدین اولیاؒ (دہلی انڈیا)
پیر	21	17	7	29	06:10	17:24	جوزا 17/44	مرگر/ہقعہ 06/20	نیک	
منگل	22	18	8	30	06:11	17:23		آدرا/ہنعہ 05/20	نیک	
بدھ	23	19	9	عقرب	06:12	17:22	سرطان 23/31	پورنربس/ذراع 05/08	میانہ	
جمعرات	24	20	10	2	06:12	17:21		پکھ/نثرہ 05/45	نحس	
جمعہ	25	21	11	3	06:13	17:20		اشلیکھا/طرفہ 07/09	نیک	عرس شاہ شمس تبریزؒ (ملتان)
ہفتہ	26	22	12	4	06:14	17:19	اسد 09/15	مگھا/جبہ 09/15	نحس	وفات موسیٰ المبرقع زنجانیؒ 206ھ
اتوار	27	23	13	5	06:15	17:18		پوربا پھاگنی/زہرہ 11/53	نحس	
پیر	28	24	14	6	06:15	17:17	سنبلہ 21/40	اترا پھاگنی/صرفہ 14/53	نحس	
منگل	29	25	15	7	06:16	17:16		ہست/عوا 18/03	نیک	
بدھ	30	26	16	8	06:17	17:15		چترا/سماک 21/13	نیک	
جمعرات	31	27	17	9	06:18	17:14	میزان 10/45	چترا/سماک	نحس اکبر	

زنجانی جنتری نومبر 2024ء ربیع الثانی/جمادی الاول 1446ھ کاتک/مگھر 2081ب عقرب/قوس 1946ش

ایام	نومبر	ربیع الثانی/جمادی الاول	کاتک/مگھر	عقرب/قوس	لاہور طلوع	لاہور غروب	داخلہ قمر فی البروج	اوقات منازل قمری (VEDIC ASTROLOGY)	سعد و نحس	تاریخی واقعات
جمعہ	1	28	18	10	06:19	17:13		سواتی/غفر 00/14	نیک	
ہفتہ	2	29	19	11	06:19	17:12	عقرب 22/53	بساکھا/زبانا 03/00	نیک	
اتوار	3	30	20	12	06:20	17:12		انورادھا/اکلیل 05/28	نیک	
پیر	4	جمادی الاوّل	21	13	06:21	17:11		جیشٹا/قلب 07/33	نیک	
منگل	5	02	22	14	06:22	17:10	قوس 09/15	مولا/شولہ 09/15	نیک	
بدھ	6	03	23	15	06:23	17:09		پورباکھاڈ/نعائم 10/30	نحس	عرس رُکن الدینؒ (ملتان)
جمعرات	7	04	24	16	06:24	17:08	جدی 17/23	اترا شاڈ/بلدہ 11/16	نیک	
جمعہ	8	05	25	17	06:24	17:08		شراون/ذابح 11/33	نیک	بروایت میلاد مسعود بی بی زینبؑ 5ھ
ہفتہ	9	06	26	18	06:25	17:07	دلو 22/57	دھنشٹا/سعود 11/17	نیک	
اتوار	10	07	27	19	06:26	17:06		بھاست/اخبیہ 10/29	نیک	جنگ موتہ 8ھ
پیر	11	08	28	20	06:27	17:05		پورباکھاڈ/مقدم 09/10	نیک	
منگل	12	09	29	21	06:28	17:05	حوت 01/51	اترا کھاڈ/موخر 07/22	نیک	
بدھ	13	10	30	22	06:29	17:05		ریوتی/رشا 05/10	میانہ	عرس صوفی باباؒ (کوئٹہ)
جمعرات	14	11	مگھر	23	06:30	17:04	حمل 02/40	اسونی/شرطین 02/40	نحس اکبر	
جمعہ	15	12	2	24	06:31	17:04		بھرنی/بطین 00/02 کرتکا/ثریا 21/24	نیک	
ہفتہ	16	13	3	25	06:31	17:03	ثور 02/46	روہنی/دبران 18/57	نحس	احتمال شہادت بی بی فاطمۃ الزہراؑ 11ھ
اتوار	17	14	4	26	06:32	17:03		مرگر/ہقعہ 16/52	نیک	
پیر	18	15	5	27	06:33	17:02	جوزا 04/00	آودرا/ہنعہ 15/18	نیک	میلاد مسعود امام زین العابدینؑ 38ھ
منگل	19	16	6	28	06:34	17:02		پورنربس/ذراع 14/25	نحس	
بدھ	20	17	7	29	06:35	17:01	سرطان 08/16	پکھ/نثرہ 14/20	نحس	
جمعرات	21	18	8	30	06:36	17:01		اشلیکھا/طرفہ 15/05	میانہ	جنگ جمل 36ھ
جمعہ	22	19	9	قوس	06:37	17:01	اسد 16/39	مگھا/جبہ 16/39	نیک	
ہفتہ	23	20	10	2	06:37	17:00		پوربا پھاگنی/زبرہ 18/57	میانہ	
اتوار	24	21	11	3	06:38	17:00		اترا پھاگنی/صرفہ 21/46	نحس	
پیر	25	22	12	4	06:39	17:00	سنبلہ 04/32	اترا پھاگنی/صرفہ	نیک	
منگل	26	23	13	5	06:40	17:00		ہست/عوا 00/53	نیک	
بدھ	27	24	14	6	06:41	16:59	میزان 17/36	چترا/سماک 04/04	نحس	
جمعرات	28	25	15	7	06:42	16:59		سواتی/غفر 07/05	نحس	
جمعہ	29	26	16	8	06:43	16:59		بساکھا/زبانا 09/47	نیک	
ہفتہ	30	27	17	9	06:43	16:59	عقرب 05/32	انورادھا/اکلیل 12/04	نیک	

https:/ / hyderone.com/

زنجانی جنتری دسمبر 2024ء جمادی الاول / جمادی الثانی 1446ھ مگھر / پوہ 2081ب قوس / جدی 1946ش

ایام	دسمبر	جمادی الاول / جمادی الثانی	مگھر / پوہ	قوس / جدی	لاہور طلوع	لاہور غروب	داخلہ قمر فی البروج	اوقات منازل قمری (VEDIC ASTROLOGY)	سعد و نحس	تاریخی واقعات
اتوار	1	28	18	10	06:44	16:59		جیشٹا/قلب 13/53	نحس اکبر	
پیر	2	29	19	11	06:45	16:59	قوس 15/15	مولا/شولہ 15/15	نیک	
منگل	3	جمادی الثانی	20	12	06:46	16:59		پوربا کھاڈ/نعائم 16/11	نحس اکبر	ولادت حضرت عیسیٰ بمطابق ہجری
بدھ	4	02	21	13	06:47	16:59	جدی 22/49	اترا شاڈ/بلدہ 16/44	نیک	
جمعرات	5	03	22	14	06:47	16:59		شراون/بلع 16/56	نحس	شہادت بی بی فاطمۃ الزہراؑ 11ھ
جمعہ	6	04	23	15	06:48	16:59		دھنشٹا/سعود 16/48	نیک	
ہفتہ	7	05	24	16	06:49	16:59	دلو 04/36	بھکاست/اخبیہ 16/20	نحس	
اتوار	8	06	25	17	06:50	16:59		پوربا کھاڈ/مقدم 15/33	نیک	
پیر	9	07	26	18	06:50	16:59	حوت 08/44	اترا کھاڈ/موخر 14/26	نیک	عرس بی بی پاکدامنؒ (لاہور)
منگل	10	08	27	19	06:51	17:00		ریوتی/رشا 13/00	نیک	
بدھ	11	09	28	20	06:52	17:00	حمل 11/17	اسونی/شرطین 11/17	نیک	
جمعرات	12	10	29	21	06:53	17:00		بھرنی/بطین 09/22	نیک	فتح جنگ جمل 37ھ
جمعہ	13	11	30	22	06:53	17:00	ثور 12/48	کرتکا/ثریا 07/19	نحس اکبر	
ہفتہ	14	12	پوہ	23	06:54	17:01		روہنی/دبران 05/17	نحس اکبر	
اتوار	15	13	2	24	06:55	17:01	جوزا 14/34	مرگ/ہقعہ 03/24	نحس	شہادت اُم البنینؑ (والدہ مولا عباسؑ)
پیر	16	14	3	25	06:55	17:01		آردرا/ہنعہ 01/49	نیک	
منگل	17	15	4	26	06:56	17:02	سرطان 18/17	پورنبس/ذراع 00/43	نیک	
بدھ	18	16	5	27	06:56	17:02		پکھ/نثرہ 00/13	نحس	
جمعرات	19	17	6	28	06:57	17:03		اشلیکھا/طرفہ 00/28	میانہ	
جمعہ	20	18	7	29	06:57	17:03	اسد 01/29	مگھا/جبہ 01/29	نیک	
ہفتہ	21	19	8	30	06:58	17:03		پوربا پھاگنی/زبرہ 03/16	نیک	
اتوار	22	20	9	جدی	06:59	17:04	سنبلہ 12/25	اترا پھاگنی/صرفہ 05/43	نیک	میلاد مسعود بی بی فاطمۃ الزہراؑ
پیر	23	21	10	2	06:59	17:04		ہست/عوا 08/38	نحس	
منگل	24	22	11	3	06:59	17:05		چترا/سماک 11/47	نیک	منت دسترخوان امام حسنؑ
بدھ	25	23	12	4	07:00	17:06	میزان 01/20	سواتی/غفر 02/52	نیک	
جمعرات	26	24	13	5	07:00	17:06		بساکھا/زبانا 17/39	نحس	
جمعہ	27	25	14	6	07:01	17:07	عقرب 13/26	انورادھا/اکلیل 19/58	نیک	
ہفتہ	28	26	15	7	07:01	17:07		جیشٹا/قلب 21/43	نیک	
اتوار	29	27	16	8	07:01	17:08	قوس 22/52	مولا/شولہ 22/52	نحس اکبر	
پیر	30	28	17	9	07:02	17:09		پوربا کھاڈ/نعائم 23/27	نیک	
منگل	31	29	18	10	07:02	17:10		اترا شاڈ/بلدہ 23/33	نیک	

ارشاداتِ امام ہشتم سیدنا علی الرضاؑ برجوں کیلئے ارشادات

حمل 21 مارچ تا 20 اپریل ♈
چونکہ یہ فصل بہاری کا آخری مہینہ ہے اس لئے ہوا بخارات سے صاف ہوجاتی ہے۔ زیادہ نمکین دودھ استعمال مضرِ صحت ہے۔ دن کے اولین حصہ میں غسل کر سکتے ہیں۔

ثور 21 اپریل تا 21 مئی ♉
اس ماہ دن بڑھنے لگتا ہے موسم میں حدت بڑھ جاتی ہے، خون میں ہیجان بڑھ حرکت پیدا ہوجاتی ہے۔ اسلئے کھانے پینے کی اشیاء کے ہمراہ سرکہ استعمال کریں، تیل کی مالش اور عطر سونگھنا مفید ہے۔ ورزش سے احتراز کریں۔

جوزا 22 مئی تا 21 جون ♊
اس ماہ خون کا غلبہ جاتا رہتا ہے اور صفراء کا غلبہ شروع ہوجاتا ہے۔ اس کثرت ریاضت کی ممانعت ہے چربی دار گوشت اور دال کھانے سے پرہیز کریں، سبزیاں، تازہ پھل، میوے اور مرغابی کے گوشت کا استعمال بھی نہایت مفید ہے۔

سرطان 22 جون تا 21 جولائی ♋
اس ماہ گرمی زیادہ ہوجاتی ہے، کنوؤں اور چشموں میں پانی کم ہوجاتا ہے، نہار منہ تھوڑا تھوڑا پانی پینا صحت کے لئے اکسیر ہے، لطیف وزود ہضم غذاؤں کا استعمال اور پھولوں کا سونگھنا بھی مفید ہے۔

اسد 23 جولائی تا 23 اگست ♌
اس ماہ بادِ سموم یعنی زہریلی ہوائیں چلتی ہیں۔ نزلہ زکام کھانسی زیادہ ہو جاتی ہے، موسم مرطوب ہوجاتا ہے، مزاج کی اصلاح کے لئے معتدل اور زود ہضم غذا استعمال کریں۔ شبنم سے احتیاط لازم ہے۔

سنبلہ 24 اگست تا 22 ستمبر ♍
اس ماہ ہوا معتدل ہوجاتی ہے خلط سودا غالب ہوجاتی ہے، مسہل جلاب لینا مفید ہے، حلوہ، تیتر، بٹیر، بھیڑ، بکری اور دیگر پرند چرند کا گوشت کھانا مفید ہے۔ بلا عذر حمام کرنا مضرِ صحت ہے۔

میزان 23 ستمبر تا 23 اکتوبر ♎
اس ماہ مختلف ہوائیں چلتی ہیں۔ بادِ صبا بھی شروع ہوجاتی ہے، چربی دار مصالہ دار گوشت اور اچار وچٹنی کھانا منع ہے، پانی کم پینا مضرِ صحت ہے۔ قصداً کھانا اور ورزش کرنا مفید ہے۔

عقرب 24 اکتوبر تا 22 نومبر ♏
اس ماہ سردی تیز ہو جاتی ہے۔ ٹھنڈی چیزوں کے استعمال اور فصدو وغیرہ کھلوانے سے پرہیز کریں۔ پودینہ، ادرک، لہسن اور ساگ وغیرہ اور گرم اشیاء کا استعمال مفید ہے۔

قوس 23 نومبر تا 21 دسمبر ♐
اس ماہ کے شب و روز نہایت سرد ہوتے ہیں خلط بلغم میں زیادتی ہو جاتی ہے۔ لطیف غذائیں، چھوٹا گوشت ہیضہ، نیم بوشت اور مچھلی کا شوربہ کھانا مفید ہے لہسن اور پیاز کا استعمال بھی مفید ہے۔

جدی 22 دسمبر تا 20 جنوری ♑
اس ماہ سردی بڑھنا شروع ہوجائیگی، رات کو پانی پینا سخت مضرِ صحت ہے حمام میں کمی بھی مناسب ہے، ساگ، پودینہ، ادرک اور لہسن کے استعمال سے پرہیز لازم ہے، نہار منہ ایک گھونٹ پانی پینا سیر وتفریح اور ورزش کرنا مفید ہے۔

دلو 21 جنوری تا 19 فروری ♒
جسم انسانی میں بلغم کم ہونا شروع ہوجاتی ہے نہار منہ پانی کے چند گھونٹ پینا مفید ہے۔ سبزیاں مثلاً کریلا، بینگن اور پیاز وغیرہ کھانا مفید ہے۔ مچھلی اور انڈے کا استعمال بھی مفید ہے۔

حوت 20 فروری تا 20 مارچ ♓
اس ماہ مختلف ہوائیں چلتی ہیں، گھاس پھوس خوب اُگتی ہے چرند پرند کا گوشت کم استعمال کریں، خشک میوہ جات اور لہسن و پیاز کا استعمال اور سیرو تفریح وورزش مفید ہے۔

https:/ / hyderone.com/

فالنامہ حاملہ عورت کے بچہ ہوگا یا بچی؟



باوضو استخارہ سے قبل دو نفل حاجت پڑھ کر دعا کر کے آنکھیں بند کر کے شہادت کی انگلی رکھیں۔

شمار	سیارہ	کیفیت
	قمر	خوبصورت مبارک قدم پیدا ہوگی۔
۲	عطارد	فرزند دانشمند و خوشحال پیدا ہوگا۔
۳	زہرہ	دختر تولد ہوگی اور بھاگوان ہوگی۔
۴	شمس	مبارک ہو، امیر و کبیر فرزند تولد ہوگا۔
۵	مریخ	وکیل فرزند ہے، دلیر اور خوش نصیب ہوگا۔
۶	مشتری	نوید فرزند سعادت مند ہے، عالم و پارسا ہوگا
۷	زحل	حمل کو خلل کا اندیشہ ہے، تدبیر کریں۔

بچہ کا نام رکھنا اور مذہبی احترام قائم کرنا

پیدائش کے بعد پہلا کام بچہ کے داہنے کان میں اذان فجر دینا یعنی اللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر بائیں کان میں اقامت پڑھنا یعنی قد قامۃ الصلوٰۃ دوئم بچہ کا روزہ رکھولنا، یعنی منہ میں چھوہرا چبا کر بچے کے منہ میں بقدر چنا دو چنا ڈال دیں۔ زیادہ نہ ہو۔ یہ دونوں کام نہایت پاکیزہ اور برگزیدہ دیندار سے تعلق رکھتے ہیں۔ نیک لوگوں کا سایہ روز اول سے حاصل کیا جائے۔ تیسرا کام کسی مرد صالح کا عطا کردہ پرانا کپڑا بچے کے جسم پر پہلی بار پہنایا جائے۔ ساتویں روز عقیقہ کیا جائے، سر منڈوا دیا جائے نام ہر شخص رکھ سکتا ہے لیکن علماء و مشائخ کی حضور سے نام حاصل کیا جائے۔ جو نام بزرگان دین کی طرف سے عطا ہوا کرتا ہے۔ وہ تاثیر رکھتا ہے تا کہ اسلامی برکتیں گھر میں پائیدار اور محسوسات کا دفعیہ ہوتا رہے۔ بطور خود کوئی کام نہ کریں۔ زندگی سکھی رہے گی۔ فقط

انتخاب تحریر: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

علمائے اہل عرب، فارس اور ہند کا اسلامی نام رکھنے کا قدیم طریقہ بقید ایام

مسلمان بچوں کے نام بقید ایام

شب جمعہ	جمعہ	شب ہفتہ	ہفتہ	شب اتوار	اتوار	شب پیر	پیر	شب منگل	منگل	شب بدھ	بدھ	شب جمعرات	جمعرات
عبداللہ	حارث	داؤد حسن	مغیث الدین	اشراف حسن	حبیب اللہ	آصف	قادر	خدایار	قائم الدین	ارشاد احمد	رضی احمد	عبدالفتح	سالار محمد
عبیداللہ	زید	ادریس	غیاث الدین	اشراف حسین	مجیب اللہ	اکبر	نورالدین	خدابخش	قدرت اللہ	وجیہہ الدین	رضا حسین	مسیح اللہ	علیم اللہ
عبدالسلام	بلال	ذکریا	امداد حسن	عباداللہ	عبدالناصر	محی الدین	نیاز الدین	ولی اللہ	عبدالقدیر	صفدر علی	رجب علی	شبیر حسن	لطف الرحمن
عبدالحمید	بایزید	سلیمان	امداد حسین	عظیم اللہ	اسفندیار	غوث محمد	امام الدین	عبدالولی	حضور احمد	منیر الدین	قربان	مجیب اللہ	کمال الدین
عبدالمنان	ابا حسن	عبدالمومن	امداد اللہ	عظیم الدین	احمد یار	فیض احمد	جہاندار	عبدالوالی	محمد علی	دلدار حسین	علی الدین	عبدالقدوس	محب الاسلام
عبدالمتین	ابومحمد	اسمٰعیل	احمد اللہ	دلبر بخت	جان محمد	عبدالحامد	زورآور	شوکت	انور علی	مرغوب محمد	محمد مراد	رفیق اللہ	خواجہ حسن
عبدالبصیر	ابوبکر	خلیل	احمد دین	بخت فیروز	گل محمد	حامد حسین	شیر شاہ	شاہد حسین	ذاکر علی	محسن الدین	فرقان الحق	رحیم الدین	خواجہ عالم
عزیز الاسلام	ابومسلم	جلیل	حسن محمود	فیروز بخت	گلزار احمد	دلدار	فیروز شاہ	سلامت اللہ	زاہد حسین	بشیر احمد	مصباح الحق	رؤف احمد	جان عالم
عبدالناصر	ابوالحسن	اشرف	محمود حسین	اقبال بلند	گلزار حسن	دیدار	فرید احمد	آسمان جاہ	زاہد حسن	ممتاز	خیر الدین	افکار	ندیم احمد
عبدالقیوم	ابن حسن	صدیق	محمود حسن	بخت بلند	گلزار حسین	شاہ عالم	معین الدین	جمال محمود	افضل یار	احتشام	مفید	افضال	اکرام اللہ
عبدالکریم	ابن حسین	عبدالغنی	مصلح الدین	جمشید	صفی اللہ	شاہ محمود	منصور	جمیل احمد	لیاقت	ندا	سراج	خلیل اللہ	وزیر الدین
عبدالقوی	ابوالحارث	عبدالجبار	شرف الدین	دولت حسین	بدیع الدین	شیر دل	ممتاز	جمال الدین	بدرالدین	محمد حیات	شمشاد	ولایت علی	قطب الدین
عبدالستار	اقبال احمد	موسیٰ	شریف حسن	عزیز الدین	باقی باللہ	شہریار	محب النبی	قمرالدین	علیم اللہ	مظہر	آل محمد	واجد حسین	واحد حسین

مسلمان بچیوں کے نام بقید ایام

آمنہ	کبریٰ	فیروزہ خاتون	میمونہ	قمرالنساء	اصغری	حسن بانو	نجمہ خاتون	مہرانور	مہر نیروز	ثریا بیگم	صالحہ بیگم	امانی بیگم	گوہر جہاں
عائشہ	زیتون	مختارالنساء	صدیقہ	زبیدہ	کنیز بانو	صبائی	شوکت بانو	انور جہاں	مہرالنساء	عشرت النساء	عارفہ بیگم	مہتاب بیگم	اولیاء خانم
عابدہ	زینت النساء	صنوبر	ممتاز بیگم	صفیہ	نجم النساء	نوبخت	گل افروز	اقبال دولت	بسم اللہ	آمنہ بیگم	ام حبیبہ	آفتاب جہاں	چاندنی
رقیہ	نور جمال	نعیمہ	انوار احمدی	صاحبہ خاتون	رفیق زمانی	حسینہ	رابعہ	رضیہ	رفیقہ	محبوب النساء	ام حلیمہ	زینت بیگم	مخدومہ
سلطانہ	جمال انور	رونق جہاں	زاہد	صابرہ	یزدانی	مہرالنساء	ثریا خاتون	فوزیہ	مطلوب النساء	جنت بی	ام کلثوم	شہزادی بانو	نظیر بیگم
ساجدہ	برجیس قدر	دلبہار	سروری	خورشید	سبحانی	نعیمہ	ربیعہ	شاہ بانو	نیرالنساء	زلیخا	ام سلمہ	محمدی بیگم	فیاضی
ہاجرہ	راحت جہاں	نور نظر	شرافت بانو	کنیز فاطمہ	فیاضی	ربانی	راشدہ	عزیز النساء	سکینہ	صفیہ	نفیسہ بیگم	حمد بانو	گلفام بیگم
محمودہ	خورشید جہاں	حمیدہ	ذکیہ	سلیمہ	ماہ رخ	ریحانی	حنیفہ	ہاجرہ	شافیہ	حافظہ بیگم	نجیب النساء	عمر خاتون	حیدری بانو
رابعہ	فردوس	طیبہ	ذاکرہ	گلبہار	ماہ اختر	رحمانی	کلیمہ خاتون	مسعودہ	صوفیہ	حشمت بانو	خیرالنساء	حافظہ خاتون	شادمانی
اختری	بدر جہاں	کلثوم	صالحہ	گلبدن	بخت آور	شاکرہ	عزیزہ	نسیمہ	افتخار النساء	دارا بیگم	حفصہ خاتون	سکندرہ بیگم	انیسہ
روشن جہاں	مقصودہ	قطبیہ	سروری	گلزار	فرخندہ	مبارک بیگم	پاکدامن	عالیہ	افضال النساء	یزدانی	فرخ بیگم	کشور زمانی	افسری
منور جہاں	آرام دل	حلیمہ	نازنین	تحریم	شیریں بیگم	مہ رخ	سکینہ	صادقہ	اعجاز بانو	مقبول النساء	نعیم النساء	شہوار بیگم	سعادت خاتون
نور جہاں	دل آرام	قیصر بانو	رشیدہ	خلیل الرحمانی	برکت جہاں	جہاں آرا	سکندر بخت	شرافت بانو	صغریٰ	گلشن بانو	امیر النساء	شہناز بیگم	عابدہ
قدسیہ	دولت جہاں	سعدیہ	زہرہ	آسیہ	محمدی	طاہرہ	سیدہ خاتون	حفیظہ	صغیرہ	ریحانہ	امۃ السلام	ناز بیگم	شمس النساء
خدیجہ	سکندر بیگم	سعیدہ	خالدہ	ابرار بیگم	لیاقت بانو	صدیقہ	مبارک خاتون	شمشاد بیگم	نوشابہ خانم	اختر النساء	امراؤ بیگم	بلقیس	عباسیہ بیگم

https:/ / hyderone.com/

دعائے رویتِ ہلال

☆جب نیا چاند دیکھیں تو تین مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ تین مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور سات مرتبہ سورہ الحمد جب تک ختم نہ کرلیں چاند کی طرف سے نظر نہ ہٹائیں چاند دیکھ کر درج ذیل دعا کا پڑھنا مستحب ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَنِیْ وَ خَلَقَکَ وَ قَدَّرَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں کہ جس نے مجھے اور تجھے پیدا کیا اور تیری

مَنَازِلَکَ وَجَعَلَکَ مَوَاقِیْتَ لِلنَّاسِ اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا اِھْلَالًا مُّبَارَکًا

منزلیں معین کردیں اور تجھے لوگوں کے لیے زمانے کا نشان بنایا اے اللہ! یہ چاند ہمارے لئے برکت کا سبب ہو

اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْہُ عَلَیْنَا بِالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ وَالْیَقِیْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالْبِرِّ وَالتَّقْوٰی

اے اللہ! (یہ چاند) اس کو بنا دے ہم پر سلامتی اور اسلام اور یقین اور ایمان اور نیکی اور تقویٰ

وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور ایسی توفیق جو تجھے پسند اور تیری رضا کے قابل ہو اے اللہ رحمت نازل فرما محمد ﷺ اور آلِ محمدؐ پر

ماہانہ جدول: روایت میں ہے کہ چاند سے نظر ہٹا کر درج ذیل جدول میں تحریر شدہ اشیاء میں سے کسی ایک کو دیکھے اور اس ماہ کی سورہ کو پڑھے گا تو اس ماہ کی نحوست سعادت میں بدل جائیگی

محرم الحرام سورہ کہف (پارہ ۱۵) سبزہ۔ سونا۔ چاندی۔ فیروزہ	**صفر المظفر** سورہ شوریٰ (پارہ ۲۵) آئینہ۔ پانی۔ انگوٹھی۔ ہتھیلی	**ربیع الاوّل** سورہ مجادلہ (پارہ ۲۸) آئینہ۔ جاری پانی۔ اچھی صورت
ربیع الثانی سورہ ملک (پارہ ۲۹) چوپائے۔ جاری پانی۔ موتی	**جمادی الاوّل** سورہ مزمل (پارہ ۲۹) قرآن مجید۔ بیٹے کی صورت۔ چاندی	**جمادی الثانی** سورہ مدثر (پارہ ۲۹) جواہر۔ روپیہ۔ ہتھیلی۔ زمین
رجب المرجب سورہ یٰسین (پارہ ۲۲) قرآن۔ دوات۔ فیروزہ۔ پھول	**شعبان المعظم** سورہ جن (پارہ ۲۹) صورت عالم۔ رنگین کپڑا۔ خوبصورت عورت	**رمضان المبارک** سورہ محمد (پارہ ۲۶) تلوار۔ بزرگ عالم۔ قرآن مجید
شوال المکرم سورہ فتح (پارہ ۲۶) خوبصورت عورت۔ فیروزہ۔ جاری پانی۔ سبزہ	**ذیقعدۃ الحرام** سورہ نساء (پارہ ۴) آئینہ۔ رنگین کپڑا۔ خوبصورت بچہ	**ذوالحجۃ الحرام** سورہ حجر (پارہ ۱۴) تالاب۔ بھیڑ۔ گھوڑا۔ موتی۔ جاری پانی

نماز اوّل ماہ

☆روایت میں ہے کہ ہر ماہ کی پہلی تاریخ دو رکعت نماز پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورہ توحید اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورہ قدر پڑھے۔

☆نماز کے بعد کچھ صدقہ دے انشاء اللہ اس ماہ میں جمیع آفات سے سلامتی میں رہیگا۔

☆نماز اوّل ماہ کے بعد درج ذیل آیاتِ قرآنی کا پڑھنا مستحب ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَمَا مِنْ دَآبَّۃٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُھَا وَ یَعْلَمُ مُسْتَقَرَّھَا

زمین میں کوئی ایسا چلنے والا نہیں مگر یہ کہ اس کا رزق اللہ کے ذمہ ہے اور جو اس کی قیام گاہ

وَمُسْتَوْدَعَھَا ؕ کُلٌّ فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ۞ وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا

اور مقام حرکت کو جانتا ہے یہ سب کتاب مبین میں ہے (ہود:۶) اور اگر اللہ تجھے ضرر پہنچانا چاہے تو اسے ٹالنے والا

کَاشِفَ لَہٗۤ اِلَّا ھُوَ ۚ وَاِنْ یُّرِدْکَ بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِہٖ ؕ یُصِیْبُ بِہٖ

کوئی نہیں سوائے اسی کے اور اگر وہ تیرے لیے بھلائی کا ارادہ کرلے تو اسکا رد کرنیوالا کوئی نہیں اسکے فضل سے اس کے بندوں

مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ ؕ وَھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۞ سَیَجْعَلُ اللّٰہُ بَعْدَ

تک پہنچتا ہے جو وہ چاہے اور وہ غفور رحیم ہے (یونس:۱۰۷) بہت جلد اللہ تعالیٰ تنگی کے بعد

عُسْرٍ یُّسْرًا ۞ مَا شَآءَ اللّٰہُ ۙ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۚ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ

فراخت و آسانی دے گا (طلاق:۷) جو اللہ چاہتا ہے اللہ کے سوا کوئی طاقت نہیں (کہف:۳۹) ہمیں اللہ کافی ہے اور

الْوَکِیْلُ ۞ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۞ لَآ اِلٰہَ

جو بہترین کارساز ہے (آل عمران:۱۷۳) اور میں اپنا معاملہ اللہ کو سونپتا ہوں بیشک اللہ بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے (مومن:۴۴) کوئی معبود

اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ ۗ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۞ رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ

نہیں تیرے سوا تو پاک ہے بیشک میں ہی ظالموں (گنہگاروں) میں سے ہوں (انبیاء:۸۷) اے پروردگار تو نے جو کچھ بھلائی مجھ پر

اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ۞ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۞

نازل کی اس کا میں محتاج تھا (قصص:۲۴) اے پروردگار مجھے تنہا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہترین وارث ہے (انبیاء:۸۹)

اعمالِ شب عاشور

☆امام جعفر صادقؑ کا ارشاد ہے کہ جو شخص شب عاشور گریہ وزاری کیساتھ شب بیداری کرے اور عبادت الٰہی میں مشغول رہے تو وہ بروز قیامت شہدائے کربلا کی طرح اپنے خون میں آلودہ محشور ہوگا

☆روایت میں ہے کہ اس رات میں کی گئی عبادت ستر سال کی عبادت کے برابر ہے۔

☆اس رات ذکرِ الٰہی و قرآن مجید کی تلاوت کرنا مغفرت و بخشش کا موجب ہے۔

☆کتاب مصباح کفعمیؒ میں حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو کوئی شب عاشور (اور روز عاشور) چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے گا تو اسکے پچاس سال کے گناہانِ صغیرہ و کبیرہ بخشے جائیں گے ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پچاس مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔

☆نماز کے بعد درج ذیل تسبیحات مع ذکر اور استغفار ستر مرتبہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے پاک ہے اللہ اور حمد اللہ ہی کے لئے ہیں اور نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ بزرگ تر ہے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

اور نہیں کوئی حرکت و قوت ماسوائے اللہ بلند و برتر صاحب عظمت کے میں مغفرت چاہتا ہوں اپنے رب اللہ سے اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

☆اس رات شب بیداری کے ساتھ درج ذیل کلمات کا پڑھنا اجرِ عظیم اور خوشنودیٔ امام مظلومؑ کا موجب ہے

یَا لَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَکُمْ فَاَفُوْزَ مَعَکُمْ فَوْزًا عَظِیْمًا اے کاش میں آپ کے ساتھ ہوتا تو میں بھی کامیاب ہوتا بہت زیادہ کامیاب

☆اس رات امام حسین علیہ السلام اور شہدائے کربلا کے قاتلوں پر اس طرح لعنت بھیجے۔

اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَۃَ الْحُسَیْنِ وَاَصْحَابِہٖ ۔ اے اللہ امام حسینؑ اور انکے اصحاب کے قاتلوں پر لعنت بھیج

فضیلت زیارت: حضرت امام جعفر صادقؑ کا ارشاد ہے کہ جو شخص شب عاشور (اور روز عاشور) زیارت امام حسینؑ بجالائے تو ایسا ہے کہ گویا وہ آپ کی نصرت میں آپ کے سامنے شہید ہوا ہو۔

طریقہ: آستین کو کہنیوں تک الٹ کر سر ننگے گریبان کھول کر زیر آسمان با چشم گریہ کربلا کی طرف انگلی سے اشارہ کرکے یہ درج ذیل مختصر زیارت یا زیارت وارث جو صفحہ (۲۸۰) پر درج ہے پڑھے زیارت کے بعد دو رکعت نماز بجالائے۔

مختصر زیارت امام حسینؑ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ

اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ فَاطِمَۃَ الزَّھْرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

اعمالِ روز عاشور

☆روز عاشور امام حسینؑ اور ان کے اصحاب کی شہادت کا دن ہے یہ دن مومنین کیلئے حزن و ملال کا دن ہے اس دن جو دنیاوی کام کیا جائے اس میں برکت نہ ہوگی۔ اس روز عزادار بغیر روزہ کی نیت سے فاقہ کریں اور بعد عصر فاقہ شکنی کریں آستین الٹ دیں گریبان چاک رکھیں غم امام حسینؑ میں رونا سنت رسول اکرم ﷺ ہے۔ جو کوئی اس روز گریہ و بکا میں مصروف رہے گا بروز قیامت اسے آنحضرت ﷺ کی شفاعت نصیب ہوگی۔ حضرت امام رضاؑ نے فرمایا کہ جو شخص روز عاشور کو مصیبت و غم کا دن قرار دے گا تو اللہ تعالیٰ بروز قیامت اس کے لئے خوشی کا دن قرار دیگا۔

☆روایت میں ہے کہ اگر کوئی شخص آج کے دن لوگوں کو پانی پلاتا رہے تو اس شخص کی مانند ہوگا جس نے حضرت امام حسینؑ کے لشکر کو پانی پلایا اور آپ کے ساتھ کربلا میں موجود رہا ہو۔

☆کتاب مصباح میں حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو کوئی روز عاشور چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے گا تو اسکے پچاس سال کے گناہانِ صغیرہ و کبیرہ بخشے جائیں گے ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پچاس مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔

☆حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ اگر کوئی روز عاشور ہزار مرتبہ سورہ توحید پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص پر نظرِ رحمت فرمائیگا حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص بروز عاشور حضرت امام حسینؑ کے قاتلوں پر ہزار مرتبہ اس طرح لعنت کرے گا تو اسے اجرِ عظیم نصیب ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَۃَ الْحُسَیْنِ وَاَصْحَابِہٖ ۔ اے اللہ امام حسینؑ اور انکے اصحاب کے قاتلوں پر لعنت بھیج

خاص عمل: حضرت امام حسینؑ کی طرح عزادار بھی بوقت لاشِ علی اصغرؑ خیمہ لے جانے کی نیت سے جس طرح امام مظلومؑ نے چند قدم آگے بڑھتے اور چند قدم پیچھے ہٹتے پڑھا تھا یہ نوحہ پڑھے

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ رِضًا بِقَضَآئِہٖ وَتَسْلِیْمًا لِاَمْرِہٖ

بیشک ہم اللہ کیلئے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ہم راضی ہیں اس کی قضا پر اور تسلیم شدہ ہیں اسکے امر پر

☆روز عاشور بوقت زوال آفتاب زیر آسمان سو مرتبہ [illegible] پڑھنا سال بھر کی سلامتی کا موجب ہے

☆اس دن زیارت وارث زیارت عاشورا اور دعائے علقمہ کا پڑھنا انصاران امامؑ میں سے ہونے کا سبب ہے

زیارت امام حسینؑ: بروز عاشور عزادار سر اور پاؤں ننگے آستین الٹ کر اور گریبان چاک کر کے زیر آسمان مختصر زیارت امام حسینؑ جو صفحہ (۲۴۳) پر یا زیارت وارث جو صفحہ (۱۷۸) پر درج ہے پڑھے

سلامتی سال کیلئے: اپنی سال بھر کی سلامتی کیلئے یہ دعا عاشورہ کے دن (بعد عصر) دس مرتبہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ الْحُسَیْنِ وَجَدِّہٖ وَاَبِیْہِ وَاُمِّہٖ وَاَخِیْہِ فَرِّجْ عَنِّیْ مَا اَنَا فِیْہِ

اے اللہ میں تجھ سے حسینؑ اُن کے نانا اُن کے والد اُن کی والدہ اور اُن کے بھائی کے حق کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ جس مشکل میں ہوں اس سے مجھے نجات دے

اعمال ماہِ صفر

☆ محدث قمی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ ماہ صفر نحوست کے اعتبار سے بہت ہی سخت ہے۔
☆ اس ماہ میں اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قید کر کے دربار یزید میں لایا گیا اور قید میں رکھا گیا
☆ اس ماہ کے ساتویں روز ولادت امام موسیٰ کاظمؑ اور سترھویں تاریخ شہادت حضرت امام علی رضاؑ اور بیسویں تاریخ چہلم سید الشہداء آء ہے اٹھائیسویں تاریخ وصال حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور امام حسنؑ ہے ان تاریخوں میں زیارت جامعہ پڑھنا اجر عظیم کا موجب ہے۔
☆ نحوست ماہ کے اثرات سے بچنے کیلئے صدقہ دیں اور ازالہ نحوست کیلئے ہر روز یہ دعا پڑھیں۔

دعائے ماہِ صفر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یَا شَدِیْدَ الْقُوٰی وَیَا شَدِیْدَ الْمِحَالِ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اے زبردست قوتوں والے اور اے سخت گرفت والے اے غالب اے غالب اے غالب

ذَلَّتْ بِعَظَمَتِکَ جَمِیْعُ خَلْقِکَ فَاکْفِنِیْ شَرَّ خَلْقِکَ یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُنْعِمُ

تیری بڑائی کے آگے تیری ساری مخلوق پست ہے پس مجھے اپنی مخلوق کے شر سے بچائے رکھ اے احسان کرنیوالے اے نیکی دینے والے اے نعمت دینے والے

یَا مُفْضِلُ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنَاہُ

اے فضل والے نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو پاک ہے بیشک میں ظالموں میں سے ہوں پس ہم نے اس کی دعا قبول کی اسے

مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ

غم سے نجات دی اور ہم مومنوں کو اسی طرح نجات دیتے ہیں اور اللہ رحمت نازل کرے محمدؐ اور ان کی آل پر جو پاک و پاکیزہ ہیں

گیارہ سال عمر بڑھے: بحوالہ گنج ہائے معنوی ملا محمد باقر فشارکی مرحوم نے اپنے رسالہ ''اعمال ماہ رجب وشعبان ورمضان'' میں مختلف کتابوں کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ اگر کوئی ''ماہ صفر'' کے آخری جمعہ کو یہ دعا پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی عمر میں گیارہ سال کا اضافہ فرمائے گا

یَا اَجَلَّ مِنْ کُلِّ جَلِیْلٍ یَا اَکْرَمَ مِنْ کُلِّ کَرِیْمٍ یَا اَعَزَّ مِنْ کُلِّ عَزِیْزٍ اَغِثْنِیْ

اے جلال والوں میں سے زیادہ جلال والے اے کرم کرنیوالوں میں سے زیادہ کرم کرنیوالے اے عزت والوں میں سب سے زیادہ عزت والے میری مدد فرما

یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ بِفَضْلِکَ وَجُوْدِکَ وَکَرَمِکَ وَمُدَّ عُمْرَنَا وَھَبْ

اے فریاد کرنیوالوں کے فریاد رس اپنے فضل اور جود اور کرم سے اور ہماری عمر دراز فرما اور عنایت فرما

اعمال ربیع الاوّل

☆ اس ماہ کی پہلی رات ''شب ہجرت'' سے موسوم ہے اس دن روزہ رکھنا مستحب ہے۔
☆ اس دن زیارت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور زیارت امیر المومنینؑ پڑھنا اجر عظیم کا موجب ہے
☆ اس ماہ کی نویں کو **عید شجاع** ہے کہ اس دن عمر بن سعد قاتل امام حسینؑ واصل جہنم ہوا۔
☆ یہ دن امام العصرؑ کی ''جانشینی'' کا دن ہے نہایت خوشی کا دن ہے عمدہ لباس پہننا خوشبو لگانا اور عید منانا ثواب عظیم رکھتا ہے اس دن حضرت امام حسن عسکریؑ اور امام العصرؑ کی زیارت پڑھنا مستحب ہے۔
☆ اس ماہ کی بارہ تاریخ کو اہل سنت کی مشہور روایت کے مطابق حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت ہے۔ اس ماہ کی سترھویں تاریخ کو شیعہ امامیہ کے مشہور قول کے مطابق حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت امام جعفر صادقؑ کی ولادت ہے ان دنوں میں روزے کا ثواب ایک سال کے روزوں کے برابر ہے نیز اس دن غسل کرنا، اچھا لباس زیب تن کرنا، اظہار مسرت اور صدقہ و اعمال خیر بجالانا قرب الٰہی اور حصول جنت کا موجب ہے۔
☆ ۱۷ ربیع الاول کو حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت امام جعفر صادقؑ کی زیارت پڑھنا مستحب ہے
☆ اس دن بوقت چاشت دو رکعت نماز بجالائے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ قدر اور دس مرتبہ سورۂ توحید پڑھے۔

اعمال ربیع الثانی و جمادی الاوّل

☆ ربیع الثانی کی دسویں تاریخ کو حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی ولادت ہے۔
☆ جمادی الاوّل کی تیسری کو حضرت امام زین العابدینؑ کی ولادت ہے یہ دن بہت مبارک ہے
☆ ان دنوں میں روزہ رکھنا، صدقہ دینا، عبادات بجالانا اور زیارت جامعہ پڑھنا مستحب ہے

جمادی الثانی

☆ اس ماہ کی تیسری تاریخ کو حضرت فاطمۃ الزہراؑ کی شہادت ہے اس روز آپ کی زیارت جو صفحہ نمبر (۳۱۰) پر درج ہے پڑھے اور آپ کے مصائب کا ذکر کرنا اجر عظیم کا موجب ہے۔
☆ اس ماہ کی بیسویں تاریخ کو حضرت فاطمۃ الزہراءؑ کی ولادت باسعادت ہے اس روز خوشی منانا روزہ رکھنا، صدقہ دینا اور زیارت حضرت فاطمۃ الزہراءؑ پڑھنا مستحب ہے۔

اعمال ماہِ رجب

فضیلت: حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ رجب میری امت کیلئے استغفار کا مہینہ ہے
☆ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس ماہ میں میری امت پر اللہ تعالیٰ کی رحمت بہت زیادہ برستی ہے جو اس ماہ میں ایک رات عبادت کیلئے جاگے گا وہ جہنم کی آگ سے آزاد ہوگا۔
☆ حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ جو کوئی اوّل رجب درمیان اور آخر میں روزے رکھے گا اس کے تمام آئندہ و گذشتہ گناہ بخشے جائیں گے اور سال بھر کے روزوں کا ثواب عطا ہوگا۔
☆ کتاب تحفۃ المومنین میں آئمہ علیہم السلام سے منقول ہے کہ ستائیسویں رجب کے روزے کا ثواب ستر سال کے روزوں کے برابر ہے۔ ☆ اس تمام ماہ میں ہزار مرتبہ سورۂ توحید اور ہزار مرتبہ کلمہ **لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** پڑھنا حصول جنت کا موجب ہے۔
☆ کتاب ادعیہ جلالیہ میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دو رکعت نماز ماہ رجب کی تمام راتوں کے متعلق روایت ہوئی ہے ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۃ الکافرون اور ایک مرتبہ سورۂ توحید پڑھے تو اللہ تعالیٰ ساٹھ حج اور ساٹھ عمروں کا ثواب عطا فرمائے گا۔
☆ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص رجب میں جمعہ کے روز نماز ظہر اور عصر کے درمیان چار رکعت نماز پڑھے جس کی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ الحمد سات مرتبہ آیت الکرسی اور پانچ مرتبہ سورۂ توحید پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس دن سے اس کی موت تک ہر روز اس کے لئے ایک ہزار نیکیاں لکھے گا ہر آیت کے بدلے اسے جنت میں یاقوت سرخ کا شہر عنایت فرمائیگا ہر حرف کے بدلے سفید موتیوں کا محل عطا کریگا حور العین سے اس کی تزویج کریگا اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔

استغفار: اس ماہ میں صبح و شام ستر مرتبہ استغفار کرنے والے کا درجہ انتہائی بلند ہوگا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَاَسْئَلُہُ التَّوْبَۃَ

بخشش چاہتا ہوں اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اور اس سے توبہ کا سوالی ہوں

استغفار: روایت میں ہے کہ اگر کوئی درج شدہ استغفار کو ہر روز ورد زبان رکھے گا تو اسکی بخشش یقینی ہے

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اے اللہ مجھے بخش دے اور میری توبہ قبول فرما

دعائے ماہِ رجب

☆ روایت میں ہے کہ جو شخص ماہ رجب میں اپنی نمازوں میں یہ دعا پڑھیگا تو ماہ رجب کی برکات سے مالا مال ہوگا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یَا مَنْ اَرْجُوْہُ لِکُلِّ خَیْرٍ وَّاٰمَنُ سَخَطَہٗ عِنْدَ کُلِّ شَرٍّ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اے وہ جس سے میں ہر بھلائی کی امید رکھتا ہوں اور ہر برائی کے وقت اسکے غضب سے امان میں ہوں

یَا مَنْ یُّعْطِی الْکَثِیْرَ بِالْقَلِیْلِ یَا مَنْ یُّعْطِیْ مَنْ سَئَلَہٗ یَا مَنْ یُّعْطِیْ مَنْ لَّمْ

اے وہ جو تھوڑے عمل پر زیادہ اجر دیتا ہے اے وہ جو ہر سوال کرنیوالے کو دیتا ہے اے وہ جو اسے بھی دیتا ہے جو

یَسْئَلْہُ وَمَنْ لَّمْ یَعْرِفْہُ تَحَنُّنًا مِّنْہُ وَرَحْمَۃً اَعْطِنِیْ بِمَسْئَلَتِیْ اِیَّاکَ جَمِیْعَ خَیْرِ

سوال نہیں کرتا اور اسے بھی دیتا ہے جو اسے نہیں پہچانتا اس پر بھی رحم و کرم کرتا ہے تو مجھے بھی میرے سوال پر دنیا اور آخرت کی تمام

الدُّنْیَا وَجَمِیْعَ خَیْرِ الْاٰخِرَۃِ وَاصْرِفْ عَنِّیْ بِمَسْئَلَتِیْ اِیَّاکَ جَمِیْعَ شَرِّ الدُّنْیَا

بھلائیاں اور نیکیاں عطا فرمادے اور میری طلب گاری پر دنیا اور آخرت کی تمام تکلیفیں اور مشکلیں دور کر کے

وَشَرِّ الْاٰخِرَۃِ فَاِنَّہٗ غَیْرُ مَنْقُوْصٍ مَّا اَعْطَیْتَ وَزِدْنِیْ مِنْ فَضْلِکَ یَا کَرِیْمُ

مجھے محفوظ فرمادے کیونکہ تو جتنا عطا کرے تیرے ہاں کمی نہیں ہوتی اور اے کریم مجھ پر اپنے فضل میں اضافہ فرما

☆ اسکے بعد داہنی مٹھی سے داڑھی پکڑ کر شہادت کی انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے یہ دعا پڑھیں

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا ذَا النَّعْمَآءِ وَالْجُوْدِ یَا ذَا الْمَنِّ وَالطَّوْلِ حَرِّمْ شَیْبَتِیْ عَلَی النَّارِ

اے صاحب جلال و اکرام اے نعمتیں عطا کرنیوالے سخی اے صاحب احسان و عطا میری داڑھی کے بالوں کو آگ (دوزخ) پر حرام فرمادے

دعائے وسعت: امام محمد باقرؑ نے فرمایا یہ دعا پڑھو کہ تمام امور میں وسعت کیلئے عجیب مقام رکھتی ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ اَوْسِعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ وَامْدُدْ لِیْ فِیْ عُمْرِیْ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اے معبود میرا رزق فراواں کر دے اور میری عمر میں طوالت دے

وَاغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ تَنْتَصِرُ بِہٖ لِدِیْنِکَ وَلَا تَسْتَبْدِلْ بِیْ غَیْرِیْ

اور میرے گناہ معاف کر دے اور مجھے ان لوگوں میں رکھ جن کے ذریعے تو دین کی مدد کرتا ہے اور میری جگہ کسی اور کو نہ لانا

اعمال ماہِ شعبان

☆ اس ماہ میں ستر مرتبہ استغفار کرنا دوسرے مہینوں میں ستر ہزار مرتبہ استغفار کرنے کے برابر ہے۔

استغفار: معتبر روایت میں ہے کہ ماہِ شعبان المعظم کے دنوں میں ہر روز ستر مرتبہ یہ استغفار پڑھے

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ الْحَيُّ الْقَيُّومُ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ

میں مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ رحمن، رحیم، زندہ و پائندہ ہے اور میں اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

استغفار: معتبر روایت میں ہے کہ شعبان میں یہ استغفار بہت زیادہ پڑھنی چاہیے۔

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَسْأَلُهُ التَّوْبَةَ (میں اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں اور اس سے توبہ کا سوال کرتا ہوں)

☆ معتبر روایت میں ہے کہ ماہِ شعبان میں درج ذیل دعا کو ہزار بار پڑھے۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ إِلَّا إِيَّاهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ

اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں ہم اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے اس کے دین سے مخلص ہیں اگرچہ مشرکین کو ناپسند ہو

فضیلت شبِ نیمۂ شعبان

☆ پندرہ شعبان کی رات حضرت امام مہدی علیہ السلام کی ولادت باسعادت کی شب ہے

☆ اس کو شبِ برأت (جہنم سے خلاصی کی رات) بھی کہا جاتا ہے۔

☆ حضرات امامین صادقین علیہما السلام سے شبِ نیمۂ شعبان کی فضیلت کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ شبِ قدر کے بعد یہ رات سب راتوں سے افضل ہے۔

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ وہ رات ہے کہ جس رات کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کی قسم کھائی ہے کہ وہ اس رات میں کسی کو بھی اپنی بارگاہ سے خالی نہ لوٹائے گا

☆ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اس رات روزی تقسیم ہوتی ہے اور اجل لکھی جاتی ہے اسی رات حاجیوں کے نام لکھے جاتے ہیں اور ہاتف کی طرف سے ندا آتی ہے کہ ہے کوئی جو اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرے تاکہ میں اسے بخش دوں ہے کوئی جو روزی طلب کرے تو اضافہ کروں؟

اعمال شبِ نیمۂ شعبان

☆ شب برأت کا معنیٰ آزادی کی رات ہے اس رات اعمال کیساتھ شب بیداری کرنے والا جہنم کی آگ سے آزاد ہو جاتا ہے

☆ شب برأت میں غسل کرنا سنت مؤکدہ ہے اس غسل کے کرنے سے گناہ جھڑتے ہیں۔

☆ بحار الانوار میں ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس رات نماز اور دعا میں بسر کرو اور دن کو روزہ رکھو کیونکہ اس طرح آتش دوزخ سے نجات ملتی ہے۔

☆ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس رات تلاوت قرآن مجید اجرِ عظیم کی حامل ہے۔

☆ اس رات عبادت میں مشغول رہ کر شب بیداری کرنا سنت مؤکدہ ہے۔

☆ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس رات عبادت میں بیدار رہے گا تو اس کا دل اس دن (روزِ قیامت) نہیں مرے گا جب کہ دوسرے دل مردہ ہوں گے۔

☆ اس رات دو رکعت نماز "نمازِ امام زمانہ" کی فضیلت وارد ہوئی ہے کہ ہر رکعت میں سورۃ الحمد میں **إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ** کو سو مرتبہ تکرار کے ساتھ سورہ مکمل کر کے دوسری سورہ پڑھے

نیت: دو رکعت نماز شب برأت (نیمۂ شعبان) پڑھتا / پڑھتی ہوں قُرْبَةً إِلَى اللّٰهِ

☆ نماز کے بعد بلا فاصلہ تسبیح حضرت فاطمۃ الزہراء علیہا السلام پڑھے۔

☆ اس رات چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے ہر رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورۂ توحید پڑھے کہ اس نماز کے بجالانے والا بخشش کے ساتھ جہنم کی آگ سے آزاد ہو جاتا ہے۔

دعائے سجدہ

☆ بحار الانوار میں ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس رات نماز کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر یہ دعا پڑھنا گناہوں کی مغفرت کا موجب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○ اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدَ سَوَادِي وَخَيَالِي وَبَيَاضِي

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اے اللہ میرے بدن کے سجدے شب و روز بلکہ ہر دم تیرے لئے ہی ہیں

يَا عَظِيمَ كُلِّ عَظِيمٍ اغْفِرْ لِي ذَنْبِيَ الْعَظِيمَ فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُهُ غَيْرُكَ يَا عَظِيمُ

اے ہر عظیم سے زیادہ عظمت والے میرے گناہ بخش دے جو بہت زیادہ ہیں کیونکہ تیرے علاوہ بخشنے والا کوئی نہیں اے بزرگی والے

دعائے شبِ برأت

☆ دعائے سجدہ کے بعد خضوع و خشوع کے ساتھ ہاتھوں کو بلند کر کے دعائے شب برأت پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○ اَللّٰهُمَّ إِنِّي إِلَيْكَ فَقِيرٌ وَمِنْ عَذَابِكَ خَائِفٌ مُسْتَجِيرٌ اَللّٰهُمَّ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اے معبود میں تیرا محتاج ہوں اور تیرے عذاب سے خوف رکھتا ہوں اور اس سے پناہ ڈھونڈتا ہوں اے معبود

لَا تُبَدِّلِ اسْمِي وَلَا تُغَيِّرْ جِسْمِي وَلَا تَجْهَدْ بَلَائِي وَلَا تُشْمِتْ بِي أَعْدَائِي أَعُوذُ بِعَفْوِكَ

میرا نام تبدیل نہ کرنا اور میرے جسم کو دگرگوں نہ فرمانا میری آزمائش کو سخت نہ بنانا اور میرے دشمنوں کو مجھ پر خوش نہ ہونے دینا میں پناہ مانگتا ہوں تیرے عفو کی

مِنْ عِقَابِكَ وَأَعُوذُ بِرَحْمَتِكَ مِنْ عَذَابِكَ وَأَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَأَعُوذُ

تیرے عذاب سے میں پناہ مانگتا ہوں تیری رحمت کی تیری سزا سے میں پناہ مانگتا ہوں تیری رضا کی تیری ناراضگی سے اور میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

بِكَ مِنْكَ جَلَّ ثَنَاؤُكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلَىٰ نَفْسِكَ وَفَوْقَ مَا يَقُولُ الْقَائِلُونَ

تیرے ہی ذریعے سے کہ تیری تعریف روشن ہے جب کہ تو نے خود ہی اپنی تعریف کی ہے جو تعریف کرنے والوں کے قول سے بلند تر ہے

☆ امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ اس رات نماز حضرت جعفر طیارؑ پڑھنا اجرِ عظیم رکھتا ہے۔

☆ اس رات دعائے کمیل اور زیارت امام حسینؑ پڑھنے کا بہت ثواب ہے۔

فضیلت زیارت: اس رات زیارتِ امام حسینؑ (زیارت وارث) پڑھنا سب اعمال سے افضل ہے

☆ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر کوئی یہ چاہے کہ وہ انبیاء علیہم السلام سے مصافحہ کرے تو اس رات زیارتِ امام حسین علیہ السلام پڑھے۔

☆ پس زیر آسمان ننگے سر ہو کر یہ مختصر زیارت امام حسینؑ پڑھے یا زیارتِ وارث جو صفحہ نمبر (۱۷۸) پر درج ہے پڑھے زیارت کے بعد دو رکعت نماز بجالائے۔

مختصر زیارت امام حسینؑ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ

منتخب عملیات شبِ نیمۂ شعبان

عمل تسبیحات اربعہ: امام محمد باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی اس رات سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ سو مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سو مرتبہ اَللّٰهُ أَكْبَرُ سو مرتبہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ پڑھے گا تو اس کے تمام گذشتہ گناہ بخشے جائیں گے۔

عمل برائے مغفرت: جو کوئی شبِ نیمۂ شعبان میں سو مرتبہ درج ذیل وظیفہ پڑھے گا تو اس کی مغفرت کے آثار ظاہر ہوں گے نیز جو کوئی روز پندرہ شعبان کو نماز عصر کے بعد اسے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو بخشے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں داخل کرے گا۔

يَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِي (اے سب سے زیادہ بخشنے والے مجھے بخش دے)

عمل حفاظت نفس: علامہ میرداماد مرحوم کے شاگرد خاص سیّد اسماعیل بحرینی سے منقول ہے کہ یہ عمل ایک راز کی حیثیت رکھتا ہے ☆ ایک مٹھی چنے لے کر ہر دانے پر ایک مرتبہ سورۂ توحید اور تین مرتبہ صلوات پڑھ کر پکایا جائے پھر ان میں سے ہر ایک شخص سات دانے کھائے تو آئندہ نیمۂ شعبان تک تمام امراض اور ناگہانی موت سے محفوظ رہے گا۔

عمل برائے حاجات: بحوالہ ادعیہ جلالیہ سیّد اسماعیل بحرینی نے فرمایا کہ نیمۂ شعبان میں تین مرتبہ سورۂ یٰسٓ ان درج ذیل حاجات کی نیت سے پڑھے۔

(۱) برائے طولِ حیات (۲) برائے تندرستیٔ بدن (۳) برائے بے نیازی از مخلوق

☆ سورۂ یٰسٓ کے بعد سو مرتبہ درج ذیل تسبیحاتِ اربعہ پڑھے اور لطفِ خفی کا مشاہدہ کرے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ

برائے وبائی امراض: بحوالہ ادعیہ جلالیہ نیمۂ شعبان بعد از نماز مغرب اوّل و آخر صلوات کیساتھ اکیس مرتبہ درج ذیل دعا پڑھے گا تو آئندہ سال تک ہر قسم کے وبائی امراض سے محفوظ رہیگا

اَلْأَمَانُ مِنَ الطَّاعُونِ وَالْوَبَاءِ وَمَوْتِ الْفُجَاءَةِ وَسُوءِ الْقَضَاءِ

پناہ ہو طاعون سے اور وبا سے اور ناگہانی موت سے اور بری قضا سے

اعمال ماہِ رمضان

☆ محدث قمی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ ماہ رمضان میں بہترین عمل قرآن مجید کی تلاوت ہے۔
☆ ماہ رمضان میں قرآن مجید کی ایک آیت کی تلاوت دوسرے مہینوں کے پورے قرآن ختم کرنے کے برابر ہے
☆ اگر ہر روز کی تلاوت کو کسی ایک چہاردہ معصومین علیہم السلام سے منسوب کرتے ہوئے انکے ارواح مقدسہ کو ہدیہ کرے تو ان کے جوار مقدس میں ہونے کے ساتھ انکے ساتھ محشور ہوگا۔
☆ مستحب ہے کہ ماہ رمضان میں ہزار رکعت نوافل دو دو رکعت کرکے پڑھا کرے۔

تفصیل: پہلی سے بیسویں تک نماز مغرب کے بعد آٹھ اور نماز عشاء کے بعد بارہ رکعتیں پڑھے
☆ اکیسویں سے تیسویں تک نماز مغرب کے بعد آٹھ اور نماز عشاء کے بعد بائیس رکعتیں پڑھے انکا مجموعہ سات سو رکعتیں بن جائیگا تین سو رکعتیں شب قدر کی تین راتوں کیساتھ ایک ہزار رکعتیں مکمل ہو جائینگی
☆ کتاب ادعیہ جلالیہ میں محدث قمیؒ اور بلد الامین میں کفعمیؒ سے منقول ہے کہ ماہ رمضان کی ہر شب دو رکعت نماز اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورہ توحید پڑھے جو اس نماز کو پڑھیگا تو اللہ اسکے ستر ہزار گناہ معاف فرمائیگا اور نماز کے بعد یہ درج ذیل دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ حَفِيْظٌ لَا يَغْفُلُ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے پاک تر ہے وہ (اللہ) جو ایسا نگہبان ہے کہ غافل نہیں ہوتا پاک تر ہے

رَحِيْمٌ لَا يَعْجَلُ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ قَائِمٌ لَا يَسْهُوْ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ دَائِمٌ لَا يَلْهُوْ

وہ مہربان جو جلدی نہیں کرتا پاک تر ہے وہ قائم جو کبھی بھولتا نہیں پاک تر ہے وہ ہمیشہ رہنے والا جو کھیل (غیر ضروری کام) میں نہیں پڑتا

☆ اسکے بعد سات مرتبہ یہ کلمات پڑھے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ
☆ اسکے بعد دس مرتبہ صلوات پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اور سات مرتبہ یہ درج ذیل دعا پڑھے

سُبْحَانَكَ سُبْحَانَكَ سُبْحَانَكَ يَا عَظِيْمُ اِغْفِرْ لِيَ الذَّنْبَ الْعَظِيْمَ

تو پاک ہے تو پاک ہے تو پاک ہے اے بڑائی والے میرے بڑے بڑے گناہ معاف کر دے

☆ روایت میں ہے کہ جو شخص ماہ رمضان میں خضوع و خشوع کے ساتھ ہر روز "دعائے مغفرت" جو صفحہ نمبر (۱۶۱) پر درج ہے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف فرما دے گا۔

احکام روزہ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ

اے ایمان والو تم پر روزے فرض ہیں (البقرہ: ۱۸۳)

روزہ: یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور اس کی بارگاہ میں قربت حاصل کرنے کیلئے صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب (شرعی) تک مبطلات روزہ سے پرہیز کرے۔

نیت روزہ: نیت میں اتنا ہی کافی ہے کہ شب میں یہ ارادہ کرے کہ میں کل روزہ رکھوں گا، رکھوں گی قُرْبَةً اِلَى اللّٰهِ بہتر تو یہ ہے کہ شب اول میں پورے مہینے کے روزوں کی نیت کرلے۔

مبطلات روزہ: نو چیزیں روزہ کو باطل کرتی ہیں (۱) کھانا پینا (۲) جماع کرنا (۳) استمناء یعنی انسان کوئی ایسا کام کرے جس سے منی نکل آئے (۴) اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آئمہ علیہم السلام پر جھوٹ باندھنا (۵) گرد و غبار کو حلق تک پہنچانا (۶) سر اور چہرے کو پانی میں ڈبونا (غوطہ لگانا) (۷) حالت حیض و نفاس یا جنابت پر اذان صبح تک باقی رہنا (۸) کسی بہنے والی چیز سے انیما، حقنہ کرنا (۹) جان بوجھ کر قے کرنا

ضروری مسائل: بیماری میں دوا کے لئے انجکشن لگوانا جائز ہے البتہ غذائی کمی یا بھوک کے احساس کو ختم کرنے کے لئے جائز نہیں ہے ☆ ڈرپ کا استعمال چاہے دوا کے لئے ہو یا غذائی کمی دور کرنے کے لیے ہو دونوں صورتوں میں روزہ باطل ہے آنکھ اور ناک میں ڈالنے والے قطروں کا بھی یہی حکم ہے کہ اگر دوا حلق سے نیچے پہنچ رہی ہو تو ناجائز ہے۔

مکروہات روزہ: نو چیزیں روزہ کو مکروہ کرتی ہیں (۱) آنکھ میں دوا ڈالنا یا سرمہ لگانا (۲) ایسا کام کرنا کہ جس سے خون نکل آئے جو کہ کمزوری کا باعث بنے (۳) خوشبو سونگھنا (۴) خشک چیزوں سے حقنہ کرنا (۵) عورت کا پانی میں بیٹھنا (۶) ایسا کام (مسواک) کرنا کہ منہ سے خون نکل آئے (۷) درخت کی تازہ مسواک کرنا (۸) بغیر وجہ پانی یا کسی چیز کا منہ میں ڈالنا (۹) عورت (زوجہ) سے خوش طبعی کرنا۔

دعائے افطار: اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ

اے اللہ! میں نے تیرے لیے روزہ رکھا اور تیرے رزق پر افطار کیا اور تجھ پر میں نے بھروسہ کیا

اعمال ماہ ذوالقعدہ

☆ یہ مہینہ دعاؤں کے قبول ہونے کا مہینہ ہے اس ماہ کی پہلی جمعرات اور ہفتے کا روزہ رکھنا نوسو سال کی عبادت کے برابر فضیلت رکھتا ہے اس ماہ کی پچیسویں کے روزے کا ثواب ساٹھ مہینوں کے روزوں کے برابر اور ستر سال کی عبادت کا نعم البدل ہے (ثواب الاعمال)
☆ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اتوار کے دن غسل اور وضو کر کے چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے تو اس کے تمام گناہ مٹا دیے جائیں گے اور وہ ایمان کے ساتھ مرے گا اس کا رزق وسیع ہوگا اور موت کے وقت ملک الموت نرمی کرے گا۔
☆ اس نماز کا پڑھنا نہایت ہی اجر عظیم کا موجب ہے اس نماز کے پڑھنے والے کی توبہ قبول ہوگی۔

طریقہ: ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورہ توحید اور ایک مرتبہ سورۂ فلق ایک مرتبہ سورۂ والناس پڑھے نماز کے بعد ستر مرتبہ یہ استغفار پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ
☆ نماز اور استغفار کے بعد یہ درج ذیل دعا پڑھے کہ موجب مغفرت ہے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّارُ اِغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَذُنُوْبَ

نہیں کوئی قوت و حرکت سوائے اللہ بلند بزرگ تر کے اے زبردست اے بہت بخشنے والے بخش دے میرے گناہ اور بخش

جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

دے تمام مومنین اور مومنات کے گناہ کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کے بخشنے والا نہیں ہے

اعمال ماہ ذوالحجہ

پہلی ذوالحجہ: اس ماہ کی پہلی تاریخ کو زوال آفتاب سے آدھا گھنٹہ پہلے دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس دس مرتبہ سورۂ توحید و آیت الکرسی اور سورۂ قدر پڑھے
☆ اس دن نماز امیر المومنینؑ اور نماز فاطمۃ الزہراءؑ کا پڑھنا گناہوں کی بخشش کا موجب ہے۔
☆ بحار الانوار علامہ مجلسیؒ میں حضرت امام موسیٰ کاظمؑ کا ارشاد ہے کہ جس نے ماہ ذوالحجہ کی پہلی سے نویں تک روزے رکھے اللہ تعالیٰ اسکے نامہ اعمال میں اَسی مہینوں کے روزے لکھے گا۔
☆ اس ماہ کی آٹھویں و نویں اور دسویں کی شب غسل کرنا سنت مؤکدہ ہے۔
☆ اس ماہ کی آٹھویں (ترویہ) اور نویں (روز عرفہ) کے دن کے روزے کا ثواب ساٹھ سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ (ثواب کثیر ہے)

نویں ذوالحجہ: اس تاریخ کو حضرت امام عالی مقام حسین بن علیؑ کی مکہ سے کربلا روانگی ہوئی تھی
☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ روز عرفہ میرے جدّ امجد حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت پڑھنا اسی طرح ہے کہ وہ شخص بنفس نفیس ایام حج میں بیت اللہ کی زیارت اور کربلا معلٰی میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت سے شرف یاب ہوا ہو۔
☆ اس دن حضرت امام حسینؑ کی زیارت کرنا ہزار حج اور ہزار عمرہ اور ہزار جہاد کے برابر ہے۔
☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی نویں ماہ ذوالحجہ میں سو مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ سو مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ سو مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سو مرتبہ سورۂ توحید سو مرتبہ سورۂ قدر سو مرتبہ آیت الکرسی سو مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اور سو مرتبہ صلوات پڑھے گا تو اہم ترین حاجات اور مہم ترین مقاصد کی برآوری کیلئے بہت عمدہ ہے

دسویں ذوالحجہ: اس تاریخ کی رات اور دن کو غسل کرنا سنت مؤکدہ ہے۔
☆ آج کے دن زیارت امام حسین علیہ السلام پڑھنا مستحب ہے۔
☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ شب عید قربان بعد از نماز مغربین اور نماز عید سے پہلے اور بعد میں ان تکبیرات کا جو اگلے صفحہ پر درج ہیں پڑھنا مستحب ہے۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اللہ بزرگ تر ہے اللہ بزرگ تر ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اللہ بزرگ تر ہے اللہ بزرگ تر ہے اور اللہ ہی کیلئے حمد ہے اللہ بزرگ تر ہے

عَلٰى مَا هَدَانَا اَللّٰهُ اَكْبَرُ عَلٰى مَا رَزَقَنَا مِنْ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا اَبْلَانَا

کہ اس نے ہمیں ہدایت دی اللہ بزرگ تر ہے کہ اس نے ہمیں روزی دی بے زبان چوپایوں میں سے اور حمد اللہ کیلئے ہے کہ اس نے ہماری آزمائش کی



زنجانی جنتری کا مقبول عام مضمون نظرثانی کے ساتھ

دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

قرآن پاک حکمت و شفا کی کامل کتاب ہے۔ قرآن پاک کی اصلیت و حقانیت اس سے بڑھ کر کیا ہوگی۔ مسلمانوں میں اختلافات کے باوجود قرآن پاک پر سب متفق اور اِسے کلام الٰہی سمجھتے ہیں۔ صدیوں سے ماہرین نقوش و الواح عاملین و منجمین آیاتِ قرآنی کی حرمت کے سبب آیات قرآنی کے اعداد ابجدی قمری نکال کر ان اعداد قرآنی کے نقوش قوائد عملیات کے تحت بنا کر اس سے خود اور اپنے سائلین کو فیض یاب کرتے ہیں۔ یہاں ہم نے قارئین زنجانی جنتری کے لیے قرآن پاک کی **114** سورتوں کے اعداد اور ان سے آسان فیض یابی کا طریقہ دیا ہے۔ کلام ربانی رب ذوالجلال بے مثال کی طرح اپنی نظیر نہیں رکھتا۔ ہر انسانی مشکلات کے حل کے لیے آیاتِ قرآنی سے بنائے گئے نقوش میں شفاء و حکمت ہے۔ درود شریف کے عامل شخص کی دعائیں اور بنائے گئے نقوش زیادہ موثر کام کرتے ہیں۔ نقش بناتے وقت درود شریف پڑھیں اور بنانے کے بعد بھی درود شریف پڑھ کر اس پر دم کریں اور دعا کریں۔ حضرت علی مرتضیٰؑ کا فرمان ہے: "جس کو اللہ تعالیٰ دعا کی توفیق عطا فرما دے وہ شرفِ قبولیت سے محروم نہیں رہ سکتا۔" (عامل شاہ زنجانی)

[illegible]: نقش لکھنے سے قبل ذیل چند باتوں کا خیال رکھیں اس طرح آپ لمبی چوڑی چلہ کشی کی جان لیوا محنت سے بچ سکتے ہیں۔
☆ طہارت ذہنی جسمانی ولباس پاکیزہ جگہ ☆ معلومات رجال الغیب صفحہ نمبر **155** اور ستاروں کی سعد نظرات جو آپ کو جنتری ہذا صفحہ نمبر **143** پر مل جائیں گی۔ مشک و زعفران کی سیاہی درخت انار کی قلم باریک کاغذ صندل یا گلاب کی اعلیٰ خوشبو مجبوراً عام سیاہی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ نقش لکھتے ہوئے صندل اگربتی روشن کریں۔ اب مثال سے نقش بنانے کا طریقہ واضح کرتا ہوں مثلاً آپ نے شفاء کیلئے سورۃ فاتحہ کا خالی البطن نقش بنانا ہے۔ نقش صرف اُردو ہندسوں میں لکھیں۔ سورۃ فاتحہ کے اعداد **9359** میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اعداد **786** بھی شامل کیے تو کل اعداد **10145** ملے انہیں **12** پر تقسیم کیا تو **845** آیا اور باقی قسمت **5** بچا اب نقش یوں پُر کریں گے۔ **845** کو خانہ پانچ تک مسلسل جمع کرتے جائیں گے خانہ **6** سے خارج قیمت ہر بار جمع ہوگا۔ تقسیم پر باقی قیمت صفر ہونے پر پھر کوئی عدد جمع نہیں ہوگا۔ سورۃ فاتحہ بمعہ بسم اللہ کا میزان بنائے گئے نقش کے خانوں سے **10145** چیک کرلیں تبھی بنایا گیا نقش درست ہوگا۔ نقش کے خانے میں خالی جگہ مریض کا نام لکھیں، بنائے گئے نقش مریض کو پانی یا دودھ میں گھول کر پلانے کے علاوہ گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں۔ سورۃ فاتحہ اپنے اندر بے پناہ شفاء کی تاثیر رکھتی ہے۔ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ امام حسنؑ اور امام حسینؑ جب بھی بیمار ہوتے تھے تو سرکار دو عالمؐ سورۃ فاتحہ سے اپنے نواسوں کا علاج فرماتے اور انہیں شفاء ہو جاتی تھی۔ امام ششم جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ میں اس قدر شفاء ہے کہ **70** مرتبہ اگر پڑھ کر کسی مردے پر پھونکی جائے تو بعید نہیں کہ وہ اُٹھ کر زندہ ہو جائے۔ یاد رکھیں کہ جس طرح گلشن سے آنے والی ہوا پھولوں کی مہک سے متاثر کرتی ہے اسی طرح قرآن جس زبان سے پڑھا جائے اس زبان سے پھونکی گئی ہوا (دم) اور قلم سے کاغذ پر بنایا گیا نقش سو فیصد کام کرتے ہیں۔ بشرط یقین کامل ہو اور آپ آداب عملیات سے قدرے واقف ہوں۔ اگر آپ کا کسی روحانی سلسلہ سے تمسک قائم ہے تو آپکا فیض روحانی خلق خدا کیلئے بڑھ بھی سکتا ہے۔ خاندان زنجانیہ عالیہ کے در سے آج تک دربار مصطفائی کا روحانی فیض جاری ہے۔ (خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی بیعت میں بھی آسکتے ہیں) روحانی فیض پا کر میرے والد بزرگوار الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی دادا محترم سید جیون شاہ زنجانی کی روح کو ایصال ثواب پہنچائیں۔ بزرگوار کا سالانہ عرس ہر سال **11,10** ربیع الاول کو منایا جاتا ہے عرس کا مقام درگاہ شاہ زنجانی بمعاں جھگیاں براستہ عامر روڈ، شادباغ لاہور مزید تفصیلات کیلئے کتاب مصباح العملیات، بیاض نظامی کا مطالعہ کریں۔

٣	٨	١
٧	چال نقش	٥
٢	٤	٦

٧٨٦

٢٥٣٥	٦٧٦٥	٨٤٥
٥٩٢٠	یہاں مقصد لکھیں	٤٢٢٥
١٦٩٠	٣٣٨٠	٥٠٧٥

اسم اعظم سے فیض یابی کا آسان طریقہ یوں ہے کہ اپنی شرعی ضرورت کے تحت 99 اسمائے عظائم سے اسم اعظم تلاش کر کے نماز فجر یا کسی نماز کے بعد اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر اسے بلا ناغہ مقصد حل ہونے تک نوچندی جمعرات سے پڑھنا شروع کر دیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نقشہ اسمائے باری تعالیٰ مع اعداد قمری خواص جلالی و جمالی

یا احد اے ایک جلالی 13	یا واجد اے غنی بے پرواہ جلالی 14	یا وھاب اے بے عوض دینے والے جلالی 14	یا حیی اے زندہ جلالی 18	یا واحد اے اپنی ذات میں یکتا جلالی 19	یا ودود بہت محبت رکھنے والے جمالی 20	یا ھادی اے راہ دکھانے والے جمالی 20	یا اول اے سب سے پہلے جلالی 37	یا ولی اے دوست جمالی 46
یا والی اے مالک کارساز جمالی 47	یا ماجد اے صاحب بزرگ جلالی 48	یا مجیب اے دعا قبول کرنے والے جلالی 55	یا مبدی اے پیدا کرنے والے جلالی 56	یا مجید اے بزرگ جمالی 57	یا محی اے جلانے والے جلالی 58	یا باطن اے وہم و خیال سے پوشیدہ جمالی 62	یا حمید اے تعریف کرنے والے جمالی 62	یا اللہ اے معبود جلالی 66
یا وکیل اے بندوں کے کارساز جمالی 66	یا حکم اے حکم دینے والے جمالی 68	یا باسط اے کھولنے والے جلالی 72	یا جلیل اے بزرگ قدر جمالی 73	یا حکیم اے حکمت والے جمالی 78	یا حسیب اے حساب کرنے والے جمالی 80	یا بدیع اے چیزوں کے پیدا کرنے والے جلالی 86	یا حلیم اے بردباری کرنے والے جمالی 88	یا ملک اے ظاہر و باطن کے بادشاہ جمالی 90
یا عزیز اے غالب جمالی 94	یا عدل اے انصاف کرنے والے جلالی 104	یا حق اے ثابت جلالی 108	یا علی اے بلند رتبہ جلالی 110	یا باقی اے ہمیشہ رہنے والے جلالی 113	یا جامع اے جمع کرنے والے جلالی 114	یا قوی اے قوت والے جلالی 116	یا معز اے عزت دینے والے جمالی 117	یا معید اے دوبارہ پیدا کرنے والے جمالی 124
یا لطیف اے باریک بین جمالی 129	یا سلام اے سلامت رکھنے والے جمالی 131	یا صمد اے بے پرواہ جمالی 134	یا مومن اے امن دینے والے جمالی 136	یا واسع اے وسعت دینے والے جلالی 137	یا مہیمن اے نگہبان جمالی 145	یا محصی اے احاطہ کرنے والے جلالی 148	یا علیم اے ہر چیز جاننے والے جمالی 150	یا عفو اے معاف کرنے والے جلالی 156
یا قیوم اے قائم رہنے والے جلالی 156	یا مانع اے منع کرنے والے جلالی 161	یاقدوس اے بہت پاک جمالی 170	یاسمیع اے سب کو سننے والے جلالی 180	یامقدم اے آگے رکھنے والے جلالی 184	یانافع اے نفع پہنچانے والے جلالی 201	یا بر اے نیکوکار جلالی 202	یاجبار اے نقصان پورا کرنے والے جلالی 206	یامقسط اے انصاف کرنے والے جلالی 209
یامالک الملک دونوں جہانوں کے مالک جلالی 212	یاباری اے خلق پیدا کرنے والے جلالی 213	یا کبیر اے سب سے بڑے جمالی 232	یامصور اے خلق کی صورت بنانے والے جلالی 236	یا نور اے روشنی بخشنے والے جمالی 256	یا رحیم اے بہت مہربان جمالی 258	یا کریم اے نیکوکار جمالی 270	یا رؤف اے مہربان جلالی 286	یا رحمٰن اے بخشنے والے جلالی 298
یا صبور اے صبر کرنے والے جلالی 298	یابصیر اے دیکھنے والے جمالی 302	یا قادر اے قدرت رکھنے والے جلالی 305	یاقھار اے ہر چیز پر غالب جلالی 306	یارزاق اے روزی دینے والے جمالی 308	یارقیب اے نگاہ رکھنے والے جمالی 312	یا شھید اے حاضر جمالی 319	یا رافع اے بلند کرنے والے جمالی 351	یا تواب اے توبہ قبول کرنے والے جلالی 409
